Waris e Uloom e Alahazrat, Nabirah e Hujjat ul Islam, Janasheen e Mufti e Azam Hind, Jigar Gosha e Mufassir e Azam Hind, Shaikh ul Islam Wal Muslimeen, Qazi ul Quzzat, Taj ush Shariah Mufti

Muhammad Akhtar Raza Khan

Qadiri Azhari Rahmatullahi Alihi

Or Khaanwada e Alahazrat k Deegar Ulama e Kiram Ki Tasneefat Or Hayaat o Khidmaat k Mutaluah k Liyae Visit Karen.

To discover about writings, services and relical life of the sacred heir of Imam Ahmed Raza, the grandson of Hujut-ul-Islam, the successor of Grand Mufti of India, his Holiness, Tajush-Shariah, Mufti

Muhammd Akhter Raza Khan

Qadri Azhari Rahmatullahi Alihi

the Chief Islamic Justice of India, and other Scholars and Imams of golden Razavi ancestry, visit

بفیض حضور مفتی اعظم حضرت علامہ شاہ محمد مصطفیٰ رضا قادری نوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سہ ماہی

رضا بک ریویو

پٹنہ

جلد : ۴ شمارہ: ۱۴-۱۵

اکتوبر، نومبر، دسمبر

جنوری، فروری، مارچ ۲۰۱۲ء

سرپرست
الحاج محمد سعید نوری

چیف ایڈیٹر
ڈاکٹر امجد رضا امجد

ہمارے بیرون ملک نمائندے

پاکستان	: علامہ سید وجاہت رسول قادری،
ہالینڈ	: مفتی عبدالواجد قادری،
مصر	: مولانا فیضان الرحمٰن سبحانی
امریکہ	: ڈاکٹر غلام زرقانی صاحب

مراسلت او رترسیل زر کا پتہ

سہ ماہی رضا بک ریویو

پٹنہ

القلم فاؤنڈیشن، سلطان گنج پٹنہ ۶

زرتعاون

اس شمارہ کی قیمت	: 200روپے
عام شمارہ	:20روپے
سالانہ	: 80روپے
سالانہ بذریعہ ڈاک	100روپے
لائف ممبر	5000روپے

منیجر: مولانا عمران رضا کمپوزنگ: مولانا مجاہد رضا، مولانا وسیم رضا، تزئین کار: احمد رضا صابری

Raza Book Review

Al-Qalam Foundation, Sultanganj, Patna- 6(Bihar)

Mlob 09835423434, E-mail-dramjadrazaamjad@yahoo.com

مشمولات

باب اول

تصنیفات امام احمد رضا
تصنیفات محققین برامام احمد رضا

باب دوم

رضویات پر شائع ہونے والے رسائل کا اشاریہ

باب سوم

اہل سنت کے رسائل میں رضویات کا اشاریہ

خدا بخش لائبریری میں موجود سنی رسائل میں رضویات کا اشاریہ

باب چہارم

مقالے اور تحقیق وتجزیہ

باب پنجم

اعلانات خبریں وفیات

پرنٹر پبلشر: ڈاکٹر امجد رضا امجد نے رضا آفسیٹ پریس ممبئی میں چھپوا کر دفتر القلم فاؤنڈیشن پٹنہ سے شائع کیا

اداریہ

رضویات کا اشاریہ نمبر

امام احمد رضا خدا کا انعام ہیں، رسول خدا کی عطا ہیں اور ہمارے محسن ہیں۔احسان شناسی ایمانی شیوہ ہے، جو بندوں کے احسانات کا شکر گزار نہیں خدا کا بھی ناشکرا ہے۔امام احمد رضا نے ہمیں بدعقیدگی کے تھپیڑوں سے بچایا، ہمارے سینے میں محبت رسول کی شمع روشن کی، ناتوانی میں توانائی کا احساس جگایا، محبت کے دشمنوں سے لڑنے کا حوصلہ بخشا اور آخرت میں سرخ روئی کا سامان فراہم کیا۔

خدا رحمت کند ایں عاشقان پاک طینت را

امام احمد رضا کی شخصیت نے پوری دنیا سے خراج وصول کیا —— کیا عرب کیا عجم —— کیا یورپ کیا افریقہ، ہر جگہ، ہر ملک ع گون گونج اٹھے ہیں نغمات رضا سے بوستاں
کا منظر پیش کر رہا ہے۔حقائق دیکھنے ہوں تو ان کتابوں کا مطالعہ کریں جن میں ان کی شخصیت کے اعترافات کے گوناگوں جلوے آباد ہیں۔

امام احمد رضا کی شخصیت اور ان کے کارناموں پر تقریبا ایک صدی سے لکھا جا رہا ہے یعنی ان کی وفات کے قبل سے ہی —— اس ضمن میں ان کو لکھے گئے مکتوبات اور ان کی کتابوں پر کی گئیں تصدیقات کو سامنے رکھا جا سکتا ہے۔اس وقت سے اب تک بنام "رضویات" جتنا کام ہوا وہ مذہبی دنیا کے لئے شاید ناقابل مثال ہو۔اسی پھیلے ہوئے کام کو سمیٹنے کی ضرورت کے تحت ایک دہائی سے بھی پیشتر رضویات کے اشاریہ کی طرف محققین کی توجہ مبذول ہوئی اور انہوں نے اس کام کا آغاز کر دیا جس میں:

تصانیف رضا کا اشاریہ

رضویات پر لکھی گئیں کتابوں کا اشاریہ

رضویات پر شائع ہونے والے رسائل میں رضویات کا اشاریہ

اور رضویات پر لکھے گئے مقالات و مضامین کا اشاریہ پر خاصا کام ہوا۔مگر یہ کام چوں کہ باضابطہ نہیں ہوا اس لئے اس موضوع پہ کام کرنے کی ضرورت علیٰ حالہ برقرار تھی۔یہ نمبر اسی ضرورت کی تکمیل کی طرف ہمارا پہلا قدم ہے۔

ہم نے اسی ضرورت کے پیش نظر محققین رضویات سے مشورہ کے بعد اس پھیلے ہوئے کام کو سمیٹنے کے لئے ایک خاکہ مرتب کیا اور اسے امریکہ سے نکلنے والے رسالہ سہ ماہی ''آیات'' میں شائع کر دیا اور ہند و پاک سے نکلنے والے رسالے کو بھی ارسال کر دیا تاکہ اس خاکہ کی اشاعت ہو۔ تاثرات و مشورے آئیں تاکہ کام معیار کے مطابق انجام پائے۔ یہاں وہ خاکہ پیش کیا جارہا ہے جس پر کام ہونا ہے اور جس کی پہلی جلد آپ کے ہاتھوں میں ہے ملاحظہ فرمائیں وہ خاکہ:

رضویات، مفہوم اور تقاضے

باب [۱] اشاریہ سازی تاریخ اور اصول وضابطے

باب [۲] رضویاتی ادب پر اشاریہ ایک جائزہ

باب [۳] تصنیفی اشاریہ

امام احمد رضا کی تصانیف ——— مخطوطہ و مطبوعہ

امام احمد رضا سے متعلق تصانیف ——— مخطوطہ و مطبوعہ

امام احمد رضا کی تصانیف کے تراجم کا اشاریہ

مرتبین کتب و مقالات کا اشاریہ

شارحین و مترجمین کتب و مقالات کا اشاریہ

باب [۴] مقالاتی اشاریہ

رضویاتی ادب کے رسائل کا اشاریہ

دیگر سنی رسائل میں رضویات پر شائع مقالات کا اشاریہ

عام ادبی و علمی رسائل میں رضویات پر شائع مقالات کا اشاریہ

اخبارات میں رضویات پر شائع مقالات کا اشاریہ

باب [۵] یونیورسٹی / یونیورسٹی محققین اور گائیڈ کا اشاریہ

باب [۶] رضویاتی ادب کے محققین کا اشاریہ

باب [۷] خانوادہ امام رضا کی تصانیف کا اشاریہ

باب [۸] تلامذہ امام احمد رضا کی تصانیف کا اشاریہ

باب [۹] خلفاء امام احمد رضا کی تصانیف کا اشاریہ

باب [۱۰] رضویات پر شائع اخبار و رسائل کے نمبرات کا اشاریہ

باب [۱۱] رضویاتی ادب سے وابستہ مختلف زبانوں کا اشاریہ
باب [۱۲] انٹرنیٹ پر دستیاب رضویاتی سائٹس کا اشاریہ
باب [۱۳] رضویات کے فروغ پر کام کرنے والی تنظیموں کا اشاریہ
باب [۱۴] امام احمد رضا کے اسفار کا اشاریہ
باب [۱۵] عہد رضا میں اٹھنے والے فتنوں کا اشاریہ
باب [۱۶] امام احمد رضا کے مستفتین مشائخ کا اشاریہ
باب [۱۷] امام احمد رضا کے مستفتین علما کا اشاریہ
باب [۱۸] رضویاتی محققین کو ملنے والے ایوارڈ کا اشاریہ
باب [۱۹] رضویات پر ph,d کے نگراں کو ملنے والے ایوارڈ کا اشاریہ
باب [۲۰] مختلف لائبریری میں رضویات پر کتابوں کا اشاریہ
باب [۲۱] مختلف مکتبے سے رضویات پہ شائع ہونے والی کتابوں کا اشاریہ
باب [۲۲] فتاویٰ رضویہ کے فہارس، مستفتین اور حوالجاتی کتب کا اشاریہ
باب [۲۳] پی ایچ، ڈی کے دیگر قابل توجہ عنوانات کا اشاریہ
باب [۲۴] رضویات پر کام کے لئے ۲۵ رتجاویز کا اشاریہ
باب [۲۵] رضویات پر شائع اہم کتابوں کے عکوس

جب اس خاکہ پہ باضابطہ کام شروع کیا گیا تو معلوم ہوا کہ یہ کام کئی جلد کا متقاضی ہے، اسے ایک جلد میں سمیٹنا آسان نہیں ہے، نتیجہ کے طور پہ ہمیں اس کام کو کئی جلدوں میں تقسیم کرنا پڑا جس کی پہلی جلد آپ کے ہاتھوں میں ہے، جو اصولا چار باب پر مشتمل ہے، ایک باب مقالات وانتقادیات کا بھی ہے تاکہ اشاریہ کی خشکی دور ہو سکے۔ گر قبول افتد زہے عز وشرف

باب اول: میں تصانیف رضا اور رضویات پر شائع کتب ومصنفین کا اشاریہ ہے جس کے لئے میں مولانا محمد حنیف خاں صاحب بریلی شریف اور مولانا محمد عیسیٰ رضوی کا ممنون ہوں کہ انہوں نے موضوع کے حوالے سے مجھے بہت اہم مواد فراہم کیا۔ اور اس باب کو معیار بنانے میں اہم کردار نبھایا۔

تصانیف رضا کی فہرست مولانا عبدالمبین نعمانی صاحب قبلہ کی مرتبہ ہے جسے رضا اکیڈمی ممبئی نے شائع کیا تھا۔ یہ ترتیب موضوعاتی ہے۔ انشاء اللہ آئندہ اسے حروف تہجی کے اعتبار سے مرتب کر کے شائع کیا جائے گا۔ اس تعلق سے چند معلوماتی تحریریں بھی اسی باب میں رکھ دی گئی ہیں تاکہ تصانیف

رضا کی اہمیت اور اس پہ کام کرنے کی ضرورت کا احساس زندہ رہے۔ مجھے یقین ہے یہ باب ہمیشہ آپ کی دعاؤں میں مجھے سرشار رکھے گا۔

باب دوم میں رضویات پر علمی ادبی تحقیقی اور تشریحی کام کرنے والے رسائل:

افکار رضا ممبئی	زبیر قادری
پیغام رضا، ممبئی	مولانا رحمت اللہ صدیقی
تجلیات رضا، بریلی شریف	علامہ محمد حنیف خاں رضوی
رضا بک ریویو، پٹنہ	ڈاکٹر محمد امجد رضا امجد
معارف رضا، کراچی	علامہ سید وجاہت رسول قادری
یادگار رضا، ممبئی	غلام مصطفی رضوی

کا اشاریہ پیش کیا جارہا ہے۔ اس سلسلہ میں ممنون ہوں محترم زبیر قادری صاحب ممبئی، غلام مصطفےٰ رضوی، مالیگاؤں اور ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی کا کہ انہوں نے اس کام میں میری بھرپور اعانت فرمائی۔ جزاک اللہ فی الدارین خیرا۔ اشاریہ میں یکسانیت نہیں ہے کہ جس وقت مجھے یہ اشاریے دست یاب اس وقت تک وقت کی طنابیں سمٹ چکی تھیں اس لئے جیسے بن پڑا اسے اس نمبر کا حصہ بنادیا۔ لاہور کے رسالہ "جہان رضا" کا اشاریہ نہیں ملنے کے سبب اس تعلق سے ایک کمی ہے جس کی تلافی انشاء اللہ آئندہ کی جائے گی۔

باب سوم: سنی رسائل میں رضویات کے اشاریہ پر مشتمل ہے۔ جن رسائل تک میری رسائی ہوسکی اس کے رضویاتی مواد کا اشاریہ اس باب میں شامل اشاعت کیا جارہا ہے۔ ان میں اشرفیہ (مبارک پور) بطحا (حیدرآباد) حجاز جدید (دہلی) سنی دعوت اسلامی (ممبئی) سنی دنیا (بریلی شریف) کنز الایمان (دہلی) ماہ نور (دہلی) قابل ذکر ہیں۔ ظاہر ہے یہ فہرست ناکافی ہے۔ انشاء اللہ آئندہ شمارے میں "ماہنامہ اعلیٰ حضرت (بریلی شریف) المیزان (ممبئی) العلیم (جمدا شاہی، عربی) امجدیہ (گھوسی) پاسبان (الہ آباد) پیام حرم (جمدا شاہی) ماہنامہ" جامعہ "(روناہی) تجلیات (ناگپور) جام شہود (بہار شریف) دامن مصطفےٰ (بریلی شریف) نوری کرن (بریلی شریف) جام نور (دہلی) رفاقت (پٹنہ) سنی آواز (ناگپور) ماہنامہ قاری (دہلی) فیضان (جمشید پور) نور مصطفی (پٹنہ) نور القمر (مظفر پور) اس کے علاوہ پاکستان کے رسائل کا اشاریہ پیش کیا جائے

گا۔ اس تعلق سے میں ان تمام رسائل کے ذمہ داران سے عرض گزار ہوں کہ وہ اپنے رسائل میں رضویات کا اشاریہ تیار کروا کر ضرور عنایت فرمائیں میں ان کا ممنون ہوں گا۔

زیر مطالعہ ''اشاریہ نمبر'' میں سب سے عمدہ اشاریہ سہ ماہی افکار رضا ممبئی اور معارف رضا کراچی کا ہے، جسے محترم سید صابر شاہ بخاری صاحب نے ترتیب دیا ہے۔ خدائے تعالیٰ انہیں سلامت رکھے اور ان سے ایسے ہی کام لیتا رہے۔ اسی باب میں ''خدا بخش لائبریری'' پٹنہ میں موجود سنی رسائل میں رضویات کا اشاریہ بھی شامل ہے جسے محترم حسیب احمد سنجر صاحب نے مرتب کیا ہے۔ یہ اشاریہ بھی اصولی اور سائنٹیفک ہے، اس سلسلہ میں ان کا بھی شکر گزار ہوں۔ یہ دونوں اشاریے اس لائق ہیں کہ ان کو پیش نظر رکھ کر آئندہ کا اشاریہ مرتب کیا جائے۔

باب چہارم: مقالات پر مشتمل ہے۔ اس میں تین تحریریں شائع کی جارہی ہیں پہلی تحریر جناب غلام مصطفےٰ رضوی مالیگاؤں کی ہے، یہ نوجوان لکھنے والوں میں بہت تیزی سے علمی حلقوں میں اپنی جگہ بنا رہے ہیں خدائے تعالیٰ ان کا جذبہ اور ان کی رفتار دونوں سلامت رکھے آمین ۔ دوسری تحریر مولانا ڈاکٹر عرفان محی الدین صاحب کی ہے موصوف نے عثمانیہ یونیورسٹی میں رضویات پر ہونے والے کاموں کا نقشہ کھینچا ہے جس سے ہمیں بہت سی نئی معلومات دریافت ہوتی ہیں۔ تیسری تحریر دراصل ایک دل آزار مقالہ کا محققانہ جائزہ ہے۔ خانقاہ مجیبیہ پھلواری شریف کے ترجمان ''المجیب'' میں ایک مقالہ ''بہار کی خانقاہیں اور فاضل بریلوی، ایک جائزہ'' کے عنوان سے شائع ہوا جس میں معروف علمی شخصیت ڈاکٹر سید شاہ شمیم الدین احمد منعمی، زیب سجادہ خانقاہ منعمیہ میتن گھاٹ کے مقالہ ''بہار کی خانقاہیں اور امام احمد رضا فاضل بریلوی'' کو عنوان بنا کر مقالہ نگار اور امام احمد رضا قدس سرہ دونوں کو ہدف تنقید بنایا گیا۔ اس مقالہ نے علمی حلقے سے لے کر سنجیدہ طبقے تک سب کو کارپردازان ''ادارہ المجیب'' کی جرأت بیجا، کتمان حق اور اسلاف کی عظمتوں سے کھلواڑ کرنے کے سبب حیرت میں ڈال دیا۔ ممکن تھا کہ بعض ذہنوں پہ اس سے غلط فہمیوں کی گرد جم جائے اس لئے اس مضمون کا محققانہ جائزہ ضروری سمجھا گیا جس کی پہلی قسط حاضر ہے۔ اگر اس کے جواب میں ادارہ المجیب کی کوئی تحریر بغرض اشاعت ہمیں دستیاب ہوئی تو ہم انہیں ضرور شائع کریں گے۔

باب پنجم: اعلانات نشریات پر مشتمل ہے۔ اس میں رضا اکیڈمی ممبئی کی ۲۰۱۱ کی کارکردگی محسن ملت

علیہ الرحمہ کے عرس کی تقریبات کی برکتیں اور شیر بہار حضرت مفتی اسلم صاحب قبلہ کے وصال پر ملال کے تاثرات کی خبر شامل ہے۔ رضا اکیڈمی کی خدمات کا مفصل تذکرہ آئندہ جلد میں آئے گا اور شیر بہار حضرت مفتی اسلم صاحب قدس سرہ کے وصال پر جو تاثرات دیکھنے اور سننے میں آئے اس تعلق سے باضابطہ ایک کتاب انشاء اللہ شائع ہوگی۔ محض چند تعارفی کلمات سے حضرت کی خدمات کے تذکرہ کا حق ادا نہیں ہوسکتا۔

یہ شمارہ یعنی ''رضویات کا شاریہ نمبر'' حسب سابق اخیر کے دنوں میں بہت افراتفری کے ماحول میں مرتب ہوا ہے۔ وجہ یہ ہوئی کہ اکثر معلومات مجھے بہت تاخیر سے موصول ہوئیں، کچھ چیزیں غیر متعلقہ باب کی بھی دستیاب ہوئیں جن کی کمپوزنگ بھی ہوئی مگر چوں کہ باب کے حوالے سے یہاں اس کی گنجائش نہیں تھی اس لئے اس کی جگہ باب کے حوالے سے اشاریہ کی طلب وعطا میں تاخیر ہوئی ۔دوسری وجہ یہ ہوئی کہ اسی عرس رضوی ۲۰۱۲ء میں عوامی مسائل کے پیش نظر ''فتاویٰ رضویہ'' کا ایک انتخاب بھی ''منتخب مسائل فتاوی رضویہ'' کے نام سے آنا تھا، مگر جب یہ احساس ہوا کہ عرس رضوی میں یہ نہیں آپائے گا تو اس کو چھوڑ کر اس اشاریہ کی ترتیب کی طرف۔ توجہ مبذول کرنی پڑی، مگر تب تک بہت وقت نکل چکا تھا۔ اسی درمیاں حضور مفسر اعظم ہند کے عرس تقریبات میں حاضری، حضور شیر بہار حضرت مفتی اسلم صاحب قبلہ رحمۃ اللہ علیہ کی وفات حسرت آیات پر ان کے جنازہ میں شرکت اور پٹنہ میں اپنے بھتیجہ عزیزم مجاہد رضا کے آپریشن کی مشکلات، سبھی کچھ درپیش رہیں۔ ایسے ماحول میں اتنا ضخیم کام کیسے ہوگیا، خود مجھے حیرت ہے مگر اللہ کارساز ہے اور امام احمد رضا کی کرامات کیا کہنا۔ رضویات کے اشاریہ کی پہلی جلد آپ کے پیش نظر ہے۔ مطالعہ فرمائیں پروف کی غلطیاں یقیناً ہوں گی اس تعلق سے معذرت ہے اس اعتراف کے باوجود آپ کے تاثرات کا انتظار رہے گا تنقیدی ہی سہی کہ:

تقریب کچھ تو بہر ملاقات چاہئے

نیازمند

محمد امجد رضا امجد

صدر القلم فاؤنڈیشن، سلطان گنج پٹنہ ۶

۱۷ر صفر المظفر ۱۴۳۳ھ مطابق ۱۱ر جنوری ۲۰۱۲ء

انتساب

ہندوستان کی عظیم شخصیت،

آفتاب شریعت، ماہتاب طریقت، گل گلزار معرفت، خلیفۂ سرکار مفتی اعظم ہند

مناظر اہل سنت حضرت علامہ مولانا

مفتی الشاہ محمد اسلم رضوی

قدس سرہ

کے نام

جنہوں نے

اپنے نور علم سے جہالت کے دبیز پردے کو چاک کیا

بدعقیدگی کی یلغار سے مسلمانوں کے ایمان وعقیدے کی حفاظت فرمائی

جامعہ قادریہ جیسا تعلیمی ادارہ قائم کر کے ملک و بیرون ملک مجاہدین اسلام کا ایک دستہ تیار کردیا

اور جن کے جنازہ میں لاکھوں افراد نے شرکت کر کے ان کی خدمات کا اعتراف کیا

خدائے تعالیٰ ہمیں ان کے صلہ میں ان کی طرح بے نفس اور مجاہد سنیت بنائے

نیازمند

امجد رضا امجد

باب اول

- تصانیف امام احمد رضا کا اشاریہ
- رضویات پہ لکھی ہوئی کتابوں کا اشاریہ
- رضویات پہ لکھنے والے مصنفین کا اشاریہ

امام احمد رضا اور ان کی تصانیف

■ ——— مولانا محمد عیسیٰ رضوی، قنوج

کائنات ارضی کبھی اہل کمال سے خالی نہیں رہی۔ ارسطو، افلاطون، سقراط، البیرونی، ابن سینا، ابن رشد، کیپلر، گلیلو، غزالی، رومی، رازی وغیرہ یہ وہ لوگ ہیں جن کے ذکر سے تاریخ کی زلفیں سنور گئیں اور خود یہ لوگ انسانی تاریخ، تہذیب انسانی، انسانی تمدن، انسانی معاشرہ، سیاست مدن، فنون ارتقاء اور تہذیب الاخلاق پر بایں طور اثر انداز ہوئے کہ آج تک ان کے نقوش سے تاریخ کے صفحات روشن و فروزاں ہیں۔

مگر چودھویں صدی ہجری کی ابتدا ہی میں برصغیر ہند سے تاریخ کی سطح پر ایک ایسا نام مطلع انوار بن کر ابھرا جو علمار، فقہار، حکمار، فلاسفہ اور متکلمین کی بزم حکمت و دانائی اور ان کی فہرست میں اپنا بلند و نمایاں اور ممتاز مقام حاصل کر کے گل سر سبد بنتا ہے۔

اس کی ذات ستودہ صفات سے علوم وحقائق کے اتنے سوتے پھوٹے، جن سے شعور وادراک اور فکر وآگہی کے ہر شعبے سیراب ہوئے۔ منقولات ومعقولات میں ایسے حیرت ناک اور عدیم المثال کارنامے انجام دیئے کہ جن کا تصور ہی کیا جا سکتا ہے اور بس۔ علمار ومحققین، فقہار، محدثین کے لئے وہ کعبہ آرزو تو تھے، دور جدید کے دانشوروں، فلاسفیوں اور سائنسدانوں کے لئے ان کے پیکر علمی کا معقولاتی پہلو کم حیرت ناک نہیں۔ اپنی تصنیفات میں نظریہ کشش ثقل، نظریہ اضافیت، نظریہ حرکت زمین پر فاضلانہ ومحققانہ بحث کرتے ہوئے اپنا موقف ومدعا ثابت کرتے ہیں تو وجدان پکار اٹھتا ہے کہ وہ نابغۂ روزگار وجود علم وفن کی ہمہ گیریت میں ایک جہان حیرت ہے۔

اور جب قدیم وجدید فلسفوں کی طرف رخ کرتے ہوئے فلاسفیوں اور سائنسدانوں مثلاً ابن سینا، شہرستانی، نظامی معتزلہ، نجم الدین علی بن محمد القزوینی، شمس الدین محمد بن مبارک، میرک، بخاری، امام غزالی، عبدالرحمٰن بن احمد الایجی، سعدالدین بن مسعود محمد تفتازانی نصیرالدین بن جعفر محمد طوسی، عبداللہ بن عمر بیضاوی، ملا محمد جونپوری، آئزک، نیوٹن، البرٹ آئن اسٹائن وغیرہ کی تحقیقات وتدقیقات کا ناقدانہ جائزہ لیکر ان کی علمی گرفتیں کرتے ہیں تو ایک منصف مزاج صاحب بصیرت انسان پکار اٹھتا ہے کہ علوم وفنون کے اس بحر

بکراں کا وجود مسعود قدرت کی عظیم دَین اور قوم ملک کی فقید المثال امانت ہے۔

ہندوستان کے مشہور شہر بریلی میں اللہ تعالیٰ نے اس رجل عظیم کو پیدا کیا کہ جسکے علمی کارنامے پر ارباب علم و دانش کی عقلیں حیران ہیں۔ آپ نسباً پٹھان، مذہباً سنی، مسلکاً حنفی، مشرباً قادری تھے۔ شہر بریلی کے ایک خوش حال متمول اور علمی گھرانے میں 10 شوال المکرّم 1272ھ مطابق 14 جون 1856ء میں پیدا ہوئے۔ آپ کا اسم گرامی محمد، تاریخی نام المختار اور جد محترم مولانا رضا علی خاں بریلوی نے احمد رضا رکھا اور اسی نام سے مشہور بھی ہوئے۔ آگے چل کر اپنے نام کے ساتھ بالالتزام عبدالمصطفیٰ لکھنا شروع کیا اور اس نسبت غلامی اور ادائے محبت کو تا حیات برقرار رکھا۔ شعر و سخن میں اپنا تخلص رضاؔ اختیار کیا۔ ع احمد ہندی رضا ابن نقی ابن رضا۔

علوم نقلیہ و عقلیہ کی تحصیل کا یہ عالم کہ چار سال کی عمر میں ناظرہ قرآن مجید ختم کیا۔ چھ سال کی عمر میں میلاد النبی کے موقع پر بھرے مجمع میں پر مغز اور جامع تقریر فرمائی۔ آٹھ سال کی عمر میں درس نظامی کی مشہور کتاب ہدایۃ النحو کی شرح لکھی، دس سال کی عمر میں ''مسلم الثبوت'' پر حاشیہ لکھا، تقریباً چودہ سال کی عمر میں اپنے والد گرامی حضرت مولانا نقی علی خاں صاحب بریلوی سے جملہ علوم عقلیہ و نقلیہ حاصل کر کے دستار فضیلت سے سرفراز ہوئے۔ اسی دن دار الافتا، کی ذمہ داری سپرد کی گئی جو پچاس سال تک بحسن و خوبی جاری رہا۔ 22 سال کی عمر میں اپنے والد ماجد کے ہمراہ آفتاب شریعت و طریقت حضرت مولانا سید آل رسول مارہروی سے شرف بیعت حاصل کیا اور اسی وقت مرشد کامل نے اجازت و خلافت اور توجہ اتحادی سے سرفراز کیا۔

1295ھ مطابق 1878ء کو اپنے والد ماجد کے ہمراہ حج بیت اللہ کو تشریف لے گئے، پھر دوسری مرتبہ 1323ھ مطابق 1906ء کو حج اور زیارت نبوی ﷺ کے لئے حاضر ہوئے۔ یہی وہ مبارک سفر تھا جس میں آپ کے علم و فضل کا آفتاب پورے آب و تاب کے ساتھ چمکا۔ عرب و عجم، حل و حرم، مصر و حجاز بلاد مغرب بالخصوص حرمین طیبین کے بزرگ ترین علماء و مشائخ نے آپ کو ہاتھوں ہاتھ لیا اور احترام و عقیدت سے اپنی گردنیں جھکا دیں۔ پھر اجازت و خلافت اور سندوں کے حصول کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ شروع ہو گیا۔

اسی مبارک سفر میں علماء مکہ مکرمہ کی گزارش پر علم غیب رسول محترم ﷺ کے تعلق سے ایک عظیم اور

تاریخی کتاب ''الدولۃ المکیۃ بالمادۃ الغیبیۃ، 1323ھ'' بخار کے عالم میں صرف ساڑھے آٹھ گھنٹے کی قلیل مدت میں تصنیف فرمائی۔ مصطفیٰ جان رحمت ﷺ کے علوم پر ایسے شہ پارے وگوہر ہائے آبدار سامنے آئے، جس نے حرمین شریفین کے جلیل القدر علماء ومشائخ کو انگشت بدنداں اور حیرت زدہ کردیا۔

علمائے حجاز نے جس قدر ومنزلت، عقیدت ومحبت، عزت واحترام کا عظیم الشان مظاہرہ کیا اس کی کوئی دوسری مثال اس عہد سے لیکر آج تک دیکھنے اور سننے میں نہیں آئی۔ جس کا اندازہ ''الدولۃ المکیۃ'' اور ''حسام الحرمین'' پر لکھی جانے والی تقریظات وتصدیقات سے ہوتا ہے۔ اس سفر میں محافظ کتب خانہ حرم حضرت علامہ سید اسماعیل حنبلی مکی نے آپ کو چودھویں صدی کے مجدد کا خطاب دیا۔ مگر بعض لوگ کہتے ہیں کہ سب سے پہلے مجدد کا خطاب آپ کو پٹنہ بہار میں دیا گیا۔

تفقہ فی الدین کا یہ عالم کہ تقریباً بارہ ہزار صفحات پر مشتمل بارہ ضخیم جلدوں میں ''فتاویٰ رضویہ'' کی صورت ہمارے سامنے موجود ہے۔ نیز علمائے حرم کے مسئلہ نوٹ کے استفسار پر ''کفل الفقیہ الفاھم فی احکام قرطاس الدراھم'' عربی زبان میں تصنیف کی اور دو ضخیم جلدوں میں ردالمحتار کا حاشیہ ''جدالممتار'' عربی زبان میں سواد اعظم اہلسنت وجماعت کو عطا فرما کر اپنی فقہی بصیرت کا اعلیٰ ترین نمونہ پیش کیا، جس پر فقیہان اسلام کو حیرت واستعجاب بھی ہے اور فرحت ومسرت بھی۔

عربی زبان میں آپ کے فتاوے کے صرف چند اوراق دیکھ کر مکہ شریف کے عالم جلیل مولانا سید اسماعیل خلیل بے ساختہ پکار اٹھے۔

و اللہ اقول و الحق اقول انہ لوراھا ابو حنفیۃ النعمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ لاقرت عینہ و لجعل مولفھا من جملۃ الاصحاب یعنی بخدا میں بالکل سچ کہتا ہوں کہ اگر حضرت امام اعظم ابوحنیفہ اس فتویٰ کو ملاحظہ فرماتے تو آپ کی آنکھیں ٹھنڈی ہوتیں اور صاحب فتویٰ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا کو اپنے شاگردوں میں شامل کر لیتے۔

آپ کی پوری زندگی کارناموں سے عبارت ہے۔ ہر لحظہ، ہر آن، کارنامے ہی کارنامے۔ ہمہ دانی، ہمہ جہتی، مذہبی، سیاسی، علمی، فقہی اور مجددانہ کارنامے، جوانبی وسعت، تنوع، مضامین کی بلندی، جودت فکر اور تعداد کی کثرت کے لحاظ سے ایک پوری اکیڈمی کی صد سالہ خدمات پر بھاری ہیں۔ ایک متحرک ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کا جو کام تھا اعلیٰ حضرت امام احمد رضا نے تنہا انجام دیکر اپنی ہمہ گیر وہمہ صفت

جامع وتابندہ شخصیت کے انمٹ نقوش چھوڑے، وہ کون سا موضوع اور کون سا فن ہے جو اس عبقری الشرق کے رواں وسیال قلم سے سیراب وشاد کام نہیں ہوا۔

تفسیر، اصول تفسیر، حدیث، اصول حدیث، فقہ، اصول فقہ، لغت، فرائض کلام، عقائد، تجوید، تصوف، اذکار، اوفاق، اخلاق، تعبیر، تاریخ، سیر، مناقب، فضائل، اسما الرجال، جرح وتعدیل، نحو، صرف، منطق، ادب، زیجات، جبر ومقابلہ، جفر، تکسیر، مثلث، ارثماطیقی، لوگارثم، فلسفہ، ریاضی، ہندسہ، حساب، نجوم، توقیت، غرض انسانی فضل وکمال کے پیکر مجسم نے جس سمت رخ کیا علوم وآگہی اور معارف وحقائق کے چشمے ابلنے لگے۔ یہ ان کی عظیم ترعلیت کی گہرائی وگیرائی ہی تو ہے کہ آج ایشیا سے لیکر یورپ اور افریقہ سے لیکر براعظم امریکہ تک جدید علمی دانشکدے آپ کی طرف متوجہ ہو چکے ہیں۔

برصغیر ہندو پاک میں پٹنہ یونیورسٹی، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ، جبلپور یونیورسٹی، کراچی یونیورسٹی، سندھ یونیورسٹی، پنجاب یونیورسٹی، افریقہ میں ڈیل یونیورسٹی، یورپ میں نیوکاسل یونیورسٹی، لندن یونیورسٹی، لیڈن یونیورسٹی، امریکہ میں برکلے یونیورسٹی، کولمبیا یونیورسٹی یہ وہ جدید علمی دانش گاہیں، ہیں جہاں امام احمد رضا بریلوی کے منقولاتی ومعقولاتی پہلوؤں پر کسی نہ کسی انداز میں کام ہوا اور ہو رہا ہے۔ غرض دنیا بھر کی تعلیم گاہوں میں آپ کے علم وفضل کا آفتاب پوری علمی تمازت کے ساتھ جگمگا رہا ہے اور کائنات بھر کے دانشوروں کو دعت نظارہ دے رہا ہے۔

"ایک در شاہوار جس کی قدر وقیمت کا اب تک صحیح اندازہ نہ کیا جا سکا، ایک آفتاب ضیاء بار، جس کی تابشوں سے بیشمار نگاہیں خیرہ ہو کر رہ گئی، ایک بحر ناپیدا کنار، جس کی اتھاہ گہرائیوں تک کسی غواص کی رسائی نہ ہو سکی۔ سرزمین ہند کا ایک قابل فخر فرزند، ایشیا کا ایک عظیم مصنف و محقق اور عالم اسلام کا ایک عبقری انسان جس کا علم وفن اپنے اوج کمال کو پہنچ گیا ہے۔ جس کے ناخن تدبیر نے بڑے بڑے لاینحل مسائل کی عقدہ کشائی کی۔ جس کے طائر فکر نے پرواز کی تو آسمان فضل وکمال کے تارے توڑ لایا، جس کے دریائے تخیل نے علم وحکمت کے گوہر آبدار اگل دیئے۔ جس کی جودت عقل نے مٹتے ہوئے علوم وفنون کو حیات تازہ کی سوغات نوبخشی، جس کے اسلوب بیان کی رعنائیاں جلال وجمال بداماں ہو گئیں اور جس کی شادابی ذہن ودماغ و شگفتگی طبع نے گلستان ایمان اور چمن زار اسلام کے موسم خزاں کو لذت بہار سے آشنا کیا۔"

(امام احمد رضا اور رد بدعات و منکرات)

ایسی آفاقی شخصیت جو افکار و نظریات کے اعتبار سے شریعت اسلامیہ کا آئینہ دار ہے اور جس کے تحقیقی کارنامے متاخرین کے لئے سرمایہ حیات اور مشعل راہ ہیں اور جس کے قلمی شاہکاروں نے دین و مذہب کے فروغ و استحکام اور احیاء سنت کے لئے راہیں ہموار فرمائیں، جو ایک عالمی احساس ہے کیونکہ قلم کے ذریعہ مسلک حق کی ترویج و اشاعت مذہبی، ملی، تہذیبی اور ثقافتی زندگی کی ضمانت ہے۔

امام احمد رضا بریلوی نے جن حالات میں قرطاس و قلم سنبھالا وہ وقت کی اہم ضرورت اور اس عہد کا شدید تقاضا تھا۔ کیونکہ وہ انتہائی نازک اور فتنوں کا دور تھا۔ انہوں نے اپنی شوکت علمی اور مختلف علوم و فنون کے ذریعہ خامہ آرائی سے طوفانوں کا رخ موڑ دیا۔ ایسا طوفان جو بڑے بڑوں کو بہا لے گیا اور انقلاب زمانہ کی باد سموم سے جبہ و دستار والے بھی متاثر ہو گئے مگر ان کی استقامت فی الدین، علمی شغف کی برکت اور ان کے تجدیدی کارناموں کا نتیجہ تھا کہ تن تنہا انہوں نے تمام فتنوں کی سرکوبی کی چوطرفہ حملوں کا مقابلہ کیا اور قوم مسلم کی قیادت و رہنمائی کا وہ خوشگوار فریضہ انجام دیا جس کی مثال پچھلی صدی میں نہیں ملتی۔ اس لئے وہ کل بھی مسلمانوں کے رہبر و رہنما تھے اور آج بھی متلاشیان حق کے لئے مشعل راہ اور مینارۂ نور ہیں۔ خوش عقیدہ مسلمان جس کی روشنی میں اپنی نجات و سلامتی کئے ہوئے ہیں اور یہی چیز ان فیروز بختوں کے ایمان و عقیدت کا محافظ و نگہبان ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی تصنیفات اور دینی خدمات نے اس عہد سے لیکر آج تک کی تمام شرعی ضروریات اور اس کے تمام مقتضیات کو خوش اسلوبی سے پورا کیا ہے۔

تاریخ یہ بتاتی ہے کہ لوح و قلم کی عظمت و قوت ہر دور اور ہر عہد میں تسلیم کی گئی، ہر طبقے کا ذی ہوش و باشعور انسان اسکا معترف و مداح رہا۔ یہی وہ قوت ہے جس سے اقوام عالم کے عروج و زوال کی تاریخ منصۂ شہود پر آئی، اسی سے اقوام ماضیہ کی تہذیب و ثقافت کا علم ہوا۔ قرون سابقہ کے علم و معلومات اسی لوح و قلم کے مرہون منت ہیں۔ اگر دنیا میں لکھنے پڑھنے کا رواج نہ ہوتا تو ہمارا حال و مستقبل، ماضی سے مربوط نہ ہوتا، نہ ماضی کی یادگاریں ہماری تاریخ و زندگی کا حصہ بنتیں۔ لوح و قلم کے انمٹ نقوش سے دنیا نے تہذیب و تمدن کا سبق پڑھا، ماضی کی عبرت انگیز داستانوں سے مستقبل کی قوموں میں انقلاب و ہوشمندی کی شمع روشن و منور ہوئی، جس کی پر کیف شعاعوں سے علم و فن کے وہ بلند و بالا مینار تعمیر ہوئے جن کی بلندی مریخ و ثریا تک پہنچی۔ گم گشتہ راہ انسانوں کو اس سے ہدایت و عرفان کی منزل ملی، لوح و قلم کی

سعادتوں سے انسانی دنیا مالا مال ہوگئی، علم وفضل کے چہرے پر صبح کا آفتاب مسکرانے لگا، لوح وقلم ہی کے فیض و برکت سے جہالت ونادانی کی ظلمت وتاریکی کافور وزائل ہوئی۔

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے جب ہوش وخرد کی آنکھیں کھولیں تو ان کے مقدس ہاتھوں میں قرطاس وقلم کا لازوال خزانہ آگیا تھا، جو اسلاف واکابر کا خزانہ تھا جسے انہوں نے اپنا حرز جاں بنایا اور دل وجان سے اس قیمتی خزانے کی حفاظت وصیانت کی، اس کے فروغ واستحکام میں جہد مسلسل وسعی پیہم فرمائی۔ اس کے لئے خود کو وقف کردیا اور تادم زیست خود کو قرطاس وقلم کے حوالے کئے رکھا۔ اسی راہ میں تن من دھن کی بازی لگائی اور اپنی متاع عزیز کو قربان کیا۔ امام احمد رضا بریلوی اس حقیقت کو بخوبی جانتے تھے کہ قرطاس وقلم کے ذریعہ قوموں کا مقدر بدلا جاسکتا ہے۔ ان کے مستقبل کو ماضی کے اجالے میں روشن وتابناک بنایا جاسکتا ہے، اسی سے زمانے میں انقلابات برپا ہوسکتے ہیں،۔ ذہن وفکر میں علم وعرفان کی شمع روشن ہوسکتی ہے۔ اسی یقین محکم وعزم مصمم کے ساتھ انہوں نے لکھنا شروع کیا اور اتنا لکھا کہ علوم وفنون کے دریا بہا دیئے۔ تحریر کے ذریعہ انہوں نے دینی وملی اور علمی خدمات وکارنامے انجام دیئے۔ انہوں نے شب وروز لکھا، صبح وشام لکھا، جسکے نتیجے میں ان کے بافیض قلم سے مختلف علوم وفنون پر تقریباً ایک ہزار کتابیں وجود میں آئیں، جو ہمارے لئے مشعل راہ ونشان منزل ہیں۔ امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایسے عبقری مصنف اور دوررس مفکر تھے جس کی مثال پچھلی کئی صدیوں میں بمشکل ملے گی۔ وہ رب تعالیٰ کی عظیم عطا اور رسول اللہ ﷺ کا ایک معجزہ تھے۔

یہ بات بہت مشہور ہے کہ امام احمد رضا بریلوی نے تقریباً ایک ہزار یا ایک ہزار سے زائد کتابیں تصنیف کی ہیں مگر سو سال کے اندر ان کی جو تصانیف وتحقیقات طبع وشائع ہوئیں ان کی تعداد اتنی نہیں کہ ایک ہزار تک پہنچ جائے پھر یہ کیسے باور وتسلیم کرلیا جائے کہ انہوں نے ایک ہزار کے قریب کتابیں لکھی ہیں؟ بفضلہٖ تعالیٰ اس سوال کا جواب ہماری جماعت کے علماء ومحققین نے اپنی کاوشوں سے بہت پہلے ہی دے دیا ہے کہ امام احمد رضا بریلوی سے تصانیف کی جو تعداد منسوب ہے اس میں مبالغہ آرائی نہیں بلکہ وہ صحیح اور حق ہے۔ یعنی ہمارے بعض علماء ومحققین نے تصانیف رضا کی گاہ بگاہ جو فہرستیں اب تک مرتب کی ہیں ان کی مجموعی تعداد سے اندازہ ہوتا ہے کہ واقعی امام احمد رضا بریلوی نے تقریباً ایک ہزار کتابوں کی سوغات امت مسلمہ کو عطا کی ہے۔ اگرچہ تمام کتابیں مطبوعہ نہیں مگر اسمائے کتب سے ہی تعداد کی حقیقت

وسچائی معلوم ہوتی ہے۔

تصانیف رضا کی فہرست سازی میں سب سے پہلے جو عملی پیش رفت ہوئی وہ ملک العلماء بحر العلوم حضرت علامہ ظفر الدین صاحب بہاری کی کدو کاوش ہے۔ ان کی ترتیب کردہ فہرست 1327ھ مطابق 1909ء میں ''المجمل المعد دلتالیفات المجد د'' کے نام سے شائع ہوئی۔ اس میں تین سو سے زائد کتابوں کے نام ہیں۔ یہ تعداد 1327ھ کی ہے۔ جبکہ اس کے بعد 1340ھ تک تصانیف کا سلسلہ مسلسل جاری رہا ہے۔ پھر ایک فہرست طویل عرصہ کے بعد 1976ء کو ماہنامہ المیز ان کے امام احمد رضا نمبر میں طبع ہوئی۔ اس کے بعد 1977ء کو ''انوار رضا'' مطبوعہ ادارہ شرکت حنفیہ پاکستان میں بھی اس کو شائع کیا گیا۔ پھر یہی فہرست 1989ء میں ماہنامہ قاری دہلی کے امام احمد رضا نمبر میں شائع ہوئی، اس فہرست میں 548 کتابوں کے اسما ہیں۔ بعدہ 2004ء میں عمدۃ المحققین حضرت علامہ عبد المبین صاحب نعمانی نے تصانیف امام احمد رضا کے نام سے تصانیف رضا کی ایک فہرست شائع کی جو 681 کتابوں پر مشتمل ہے۔

نیز ایک موقع پر جب میں نے محسن ملت ناشر مسلک اعلیٰ حضرت علامہ عبد الستار ہمدانی صاحب معروف برکاتی کی ترتیب کردہ تصانیف رضا کی فہرست دیکھی تو میری مسرتوں کی انتہا نہ رہی۔ حضرت علامہ ہمدانی صاحب نے انتہائی محنت و جانفشانی سے وہ فہرست ترتیب دی ہے جس میں آٹھ سو سے زائد کتابوں کے نام ہیں۔ انہوں نے یہ فہرست دو طرح سے مرتب فرمائی ہے، ایک تو فن اور موضوع کے اعتبار سے اور دوسری حروف تہجی کی ترتیب سے۔ اس کا نام انہوں نے ''خزینۃ العلم فی تصانیف المجد دوالا عظم'' تجویز فرمایا ہے۔ خدا کرے یہ کتاب بہت جلد شائع ہو جائے اس سے یقیناً اہلسنت و جماعت کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں گی اور محققین کے لئے ایک دستاویز کا کام دے گی اور یہ کتاب اس سچائی کا ثبوت فراہم کرے گی کہ امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے واقعی تقریباً ایک ہزار کتابیں تصنیف فرمائی ہیں اگر چہ اس فہرست میں بھی تصانیف رضا کی مکمل تعداد نہیں پھر بھی کافی حد تک اس سے مافات کی تلافی ہو جائے گی۔

تصانیف رضا کے مکمل طور پر فراہم و دستیاب نہ ہونے کا سبب یہ ہے کہ بعض تصانیف زمانے کے دست برد سے محفوظ نہ رہ سکیں اور بعض ہماری غفلت و بے توجہی سے دیمک یا الماریوں کی نذر ہو گئیں۔ کاش ان کتابوں کے شکستہ ذرات ہی ہمیں مل جاتے تو وہ ہمارے قلب و نظر کا سامان ہوتے اور ان سے ہم ذہنی سکون و قلبی راحت محسوس کرتے۔ شکستہ ذرات سے اگر چہ استفادہ ناممکن ہے۔ مگر اپنے

ممدوح کی کاوش دیکھ کر ہمیں یک گونہ مسرت ضرور ہوتی۔

امام احمد رضا بریلوی کی تقریباً ایک ہزار تصانیف میں سے صدہا مطبوعہ اور ہندو پاک میں دستیاب ہیں اور صدہا وہ ہیں جو ابھی تک تشنۂ طبع ہیں۔ فتاویٰ رضویہ بارہ جلدوں کے علاوہ جو دیگر کتب و رسائل ہیں وہ بعض ضخیم و متوسط اور بعض اگر چہ صحافت کے اعتبار سے صرف بیس یا اکیس صفحات پر مشتمل ہیں مگر اپنی جامعیت اور اپنے موضوع پر حاوی و محیط ہونے کے سبب وہ بھی کسی سے کم نہیں، اور کچھ رسائل فتاویٰ کی مجلدات میں بھی شریک ہیں جبکہ ہر ایک رسالہ الگ مستقل تصنیف اور ان کی علمی یادگار ہے، کیونکہ ان کی بیشتر تصانیف کسی نہ کسی سوال کا جواب ہیں۔ اس لئے جو رسالہ اور اس کے مندرجات و مشمولات ابواب فتاویٰ سے متعلق و مربوط ہیں۔ اسے فتاویٰ میں شامل کر دیا گیا ہے تاکہ اس باب کے ابحاث و مسائل میں کوئی تشنگی اور کمی محسوس نہ ہو اور مزید یہ کہ اس کی شمولیت سے فتاویٰ کے ابواب و مسائل میں جامعیت اور وزن پیدا ہو گیا ہے۔

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ کی تصانیف میں فتاویٰ رضویہ کو نمایاں خصوصیت و امتیاز حاصل ہے۔ فتاویٰ عالمگیری کے بعد ہندوستان میں اگر کسی کتاب کو مقبولیت و پذیرائی حاصل ہے تو وہ "فتاویٰ رضویہ" ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ دور حاضر میں اگر اسے فقہ حنفی کا انسائیکلو پیڈیا کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا۔ یہی وجہ ہے کہ اپنوں کے ساتھ غیروں نے بھی اسے سراہا اور اس کی مدح سرائی کی۔

● حافظ کتب حرم شریف حضرت علامہ سید اسماعیل خلیل مکی نے فتاویٰ رضویہ کا ایک عربی فتویٰ دیکھنے کے بعد کہا تھا "میں اللہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ اگر امام اعظم ابو حنیفہ نعمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان فتاویٰ کو دیکھتے تو ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوتیں اور ان فتاویٰ کے مؤلف یعنی امام احمد رضا کو اپنے تلامذہ میں شامل کر لیتے" (الاجازات المتینۃ، رضا اکیڈمی ممبئی، ص 22)

● شاعر مشرق ڈاکٹر اقبال نے کہا تھا، "ہندوستان کے دور آخر میں اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ جیسا طباع اور ذہین فقیہہ پیدا نہیں ہوا۔ میں نے ان کے فتاوے کے مطالعہ سے یہ رائے قائم کی ہے اور ان کے فتاوے ان کی ذہانت و فطانت، جودت طبع، کمال فقاہت، علوم دینیہ میں تبحر علمی کے شاہد عادل ہیں۔ مولانا ایک دفعہ جو رائے قائم کر لیتے ہیں اس پر مضبوطی سے قائم رہتے ہیں۔ انہیں اپنے شرعی فیصلوں اور فتاویٰ میں کبھی کسی تبدیلی یا رجوع کی ضرورت نہیں پڑتی۔ بایں ہمہ ان کی طبیعت میں شدت زیادہ تھی اگر یہ چیز درمیان میں

نہ ہوتی تو مولانا احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ گویا اپنے دور کے امام ابو حنیفہ تھے۔"

(ماہنامہ عرفات لاہور، اپریل 1970، ص 27)

● مولوی نظام الدین احمد پوری (وہابی) نے فتاویٰ رضویہ دیکھنے کے بعد کہا "علامہ شامی اور صاحب فتح القدیر مولانا کے شاگرد ہیں، یہ امام اعظم ثانی معلوم ہوتے ہیں۔"

(سوانح سراج الفقہاء، ص 34، مطبوعہ لاہور 1392ھ)

● مولوی سید محمد یوسف شاہ بنوری دیوبندی کے والد بزرگوار سید زکریا شاہ صاحب بنوری پیشاوری کہتے ہیں کہ "اگر اللہ تبارک و تعالیٰ ہندوستان میں احمد رضا خاں بریلوی کو نہ پیدا فرماتا تو ہندوستان میں حنفیت ختم ہو جاتی۔" (امام احمد رضا کی فقہی بصیرت، دار القلم دہلی، ص 32)

● جماعت اسلامی کے بانی ابو الاعلیٰ مودودی نے لکھا ہے کہ "مولانا احمد رضا خاں صاحب کے علم و فضل کا میرے دل میں بڑا احترام ہے۔ فی الواقع وہ علوم دینی پر بڑی وسیع نظر رکھتے ہیں اور ان کی اس فضیلت کا اعتراف ان لوگوں کو بھی ہے جو ان سے اختلاف رکھتے ہیں۔

(بحوالہ مقالات یوم رضا دوم، ص 4)

● ملک غلام علی نائب ابو الاعلیٰ مودودی کہتے ہیں کہ "حقیقت یہ ہے کہ مولانا احمد رضا خاں صاحب کے بارے میں اب تک ہم لوگ سخت غلط فہمی میں مبتلا رہے ہیں۔ ان کی بعض تصانیف اور فتاوے کے مطالعے کے بعد اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ جو علمی گہرائی میں نے ان کے یہاں پائی ہے، وہ بہت کم علماء میں پائی جاتی ہے اور عشق خدا و رسول تو ان کی سطر سطر سے پھوٹا پڑتا ہے۔

(بحوالہ: ارمغان حرم، ص 14، لکھنؤ)

فتاویٰ رضویہ کے اندر جو مسائل ہیں انہیں اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی کی قدس سرہ نے بذات خود شامل کئے ہیں۔ کیونکہ فتاویٰ رضویہ جلد اول کو اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی نے اپنی نگرانی میں شائع کروایا تھا، جو ساڑھے آٹھ سو صفحات پر مشتمل ہے۔ اس میں رسائل کی ایک خاص تعداد موجود ہے۔ اسی طرح دیگر جلدوں کی ترتیب میں بھی متعلقہ رسالوں کو شامل کیا گیا ہے تاکہ تشنگی کا احساس مٹ جائے اور جامعیت کے تقاضے پورے ہو جائیں۔ فتاویٰ رضویہ مکمل بارہ جلدوں میں کل رسائل کی مجموعی تعداد 142 ہے۔ جی چاہتا ہے کہ فتاویٰ رضویہ میں شامل تمام رسالوں کا اجمالی طور پر ایک خاکہ پیش

کروں اس سے ظاہر ہو جائیگا کہ کس جلد میں کتنے رسائل ہیں۔

- فتاویٰ رضویہ جلد اول میں کل 28 علمی و تحقیقی رسالے ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ جلد دوم میں کل 7 محققانہ رسائل ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ جلد سوم میں کل 16 وقیع وگراں قدر رسائل شریک ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ جلد چہارم میں 27 تحقیقی رسائل شامل ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ جلد پنجم میں 10 عالمانہ رسائل ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ جلد ششم میں اصلاح فکر اعتقاد پر مشتمل 8 رسالے ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ جلد ہفتم میں علوم و معارف پر مشتمل 4 رسالے ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ جلد ہشتم میں 7 محققانہ رسائل شامل ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ جلد نہم میں علمی شہ پاروں پر مشتمل 12 رسالے شریک ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ جلد دہم میں کل 7 رسائل ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ جلد یازدہم میں 9 تحقیقی رسائل شامل ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ جلد دوازدہم میں کل 7 علمی رسائل شریک ہیں۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی کی تصانیف زیادہ تر علمی اور تحقیقی ہیں۔ انہیں علماء تو سمجھ سکتے اور استفادہ کر سکتے ہیں مگر عام افراد ان سے کلی استفادہ نہیں کر سکتے۔ اسی لئے ملک و بیرون ملک میں ہماری جماعت کے علماء و محققین نے بعض تصانیف رضا کی تسہیل و تلخیص کی۔ ترجمے کئے، ان میں جدت طرازیاں و رنگ آمیزیاں کیں اور انہیں عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق پیش کیا۔ اس راہ میں انہیں نمایاں کامیابیاں ملیں اور ان کے کاموں کو جماعتی سطح پر سراہا گیا۔ بعض تصانیف کے ترجمے عربی، انگریزی، ہندی، گجراتی، بنگلہ، ملیالم، افریقی وغیرہ زبانوں میں ہوئے اور بعض کی تخریج و وضاحت کی گئی ہے۔ یوں ہی فتاویٰ رضویہ مکمل بارہ جلدوں کی بھی تخریج کی گئی ہے۔ یعنی اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے جن کتابوں سے استفادہ کیا، حوالے دیئے، عبارات اخذ کی ہیں، حاشیہ میں ان کتابوں کے حوالے دیئے گئے ہیں۔ باب و صفحہ نمبر اور مطبع کی وضاحت کی گئی ہے، نیز عربی و فارسی عبارات کا سلیس اردو میں ترجمہ بھی کیا گیا ہے۔ اس طرح کی کاوش سے جلدوں کی تعداد بارہ سے بڑھ کر تیس تک پہنچ گئی ہے۔ اب یہ کہا جاتا ہے کہ فتاویٰ رضویہ قدیم

جلدوں کی تعداد بارہ ہے اور فتاویٰ رضویہ مترجم وتخریج شدہ جلدوں کی تعداد تیس ہے۔ جلدوں کی تعداد میں اضافہ کے ساتھ مشمولہ رسائل کی تعداد میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ فتاویٰ رضویہ مترجم وتخریج شدہ کل تیس جلدوں میں مشمولہ رسالوں کی مجموعی تعداد 206 ہے۔

فتاویٰ رضیہ کے ترجمہ وتخریج کا کام رضا فاؤنڈیشن لاہور پاکستان کے زیر اہتمام ہوا ہے۔ تصانیف رضا کے تعلق سے یہ کام اہم اور قابل ستائش ہے۔ سب سے پہلے ترجمہ وتخریج شدہ آٹھ جلدیں رضا فاؤنڈیشن لاہور سے 1412ھ/1991ء میں شائع ہوئیں۔ پھر رفتہ رفتہ تمام تیس جلدیں ترجمہ وتخریج سے آراستہ ہوکر یکے بعد دیگرے 1425ھ/2005ء تک طباعت واشاعت کے مراحل سے گزر کر زینت نگاہ بن گئیں۔ ہندوستان میں رضا اکیڈمی ممبئی سے پہلے پہل آٹھ جلدیں شائع ہوئیں پھر مراکز اہل سنت برکات رضا پور بندر گجرات کی جانب سے 1424ھ مطابق 2003ء میں چوبیں جلد میں منظر عام پر آئیں۔ بعدہ 1427ھ مطابق 2006ء کو باقی چھ جلدیں بھی شائع ہوگئیں اس طرح کل تیس جلدیں ہوگئیں۔ جو آج فقہ حنفی کے مطابق لکھے گئے فتوؤں پر مشتمل ایک مبسوط ومفصل کتاب ''العطایا النبویہ فی الفتاویٰ الرضویہ'' المعروف ''فتاویٰ رضویہ'' کے نام سے عالم اسلام میں مقبول ومشہور ہے۔

حسب سابق ہم ہر جلد میں شامل رسالوں کی تعداد کی طرف اجمالی طور پر اشارہ کر رہے ہیں تاکہ واضح وآشکار ہو جائے کہ کس جلد میں کتنے رسائل ہیں اور اس سے یہ ظاہر ہو جائے گا کہ قدیم جلدوں میں سے کونسی جلد کتنی مترجم وتخریج شدہ جلدوں میں تقسیم ہوئی ہے۔ مثلاً فتاویٰ رضویہ قدیم جلد اول و دوم کو پانچ مترجم جلدوں میں سمیٹا گیا ہے، یوں ہی جلد سوم قدیم، ترجمہ وتخریج والی تین جلدوں میں آئی ہے۔ اسی طرح دوسری جلدوں کی بھی تقسیم ہوئی ہے۔ جلد نہم تا جلد دوازدہم قدیم میں ابواب فقہ کے لحاظ سے ترتیب جدید کی گئی ہے۔ چونکہ فتاویٰ رضویہ کی قدیم جلدیں ایک ساتھ شائع نہ ہونے کی وجہ سے کہیں کہیں طابع وناشر کی بے توجہی سے ترتیب بگڑ گئی تھی۔ ترتیب جدید کے اہتمام سے میرے خیال میں مترجم جلدوں میں اب کوئی نقص رکھی نہیں ہے۔

فتاویٰ رضویہ مترجم وتخریج شدہ اور اس میں شامل تمام رسائل کا اجمالی خاکہ یہ ہے:

- فتاویٰ رضویہ اول مترجم (اول قدیم) میں 11 رسائل ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ دوم مترجم (اول قدیم) میں 7 رسالے ہیں۔

- فتاویٰ رضویہ سوم مترجم (اول قدیم) میں 5 رسائل ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ چہارم مترجم ((اول، دوم قدیم) میں 5 رسائل ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ پنجم مترجم (دوم قدیم) میں 5 رسالے ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ ششم مترجم (سوم قدیم) میں 4 رسالے ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ ہفتم مترجم (سوم قدیم) میں 7 رسالے ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ ہشتم مترجم (سوم قدیم) میں 6 رسالے ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ نہم مترجم (چہارم قدیم) میں 13 رسالے ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ دہم مترجم (چہارم قدیم) میں 18 رسائل ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ یازدہم مترجم (پنجم قدیم) میں 6 رسالے ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ دوازدہم مترجم (پنجم قدیم) میں 3 رسالے ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ سیزدہم مترجم (پنجم قدیم) میں 2 رسالے ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ چہاردہم مترجم (ششم قدیم) میں 7 رسائل ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ پانزدہم مترجم (ششم قدیم) میں 15 رسائل ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ شانزدہم مترجم (ششم قدیم) میں 3 رسائل ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ ہفتدہم مترجم (ہفتم قدیم) میں 2 رسالے ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ ہشتدہم مترجم (ہفتم قدیم) میں 2 رسالے ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ نوازدہم مترجم (ہشتم قدیم) میں 3 رسالے ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ بستم مترجم (ہشتم قدیم) میں 3 رسالے ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ بست ویکم مترجم (یہاں سے قدیم جلدوں کی ترتیب کا لحاظ نہیں رکھا گیا ہے۔

اس جلد میں 9 رسالے ہیں۔

- فتاویٰ رضویہ بست ودوم مترجم، میں 6 رسائل ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ بست وسوم مترجم، میں 7 رسائل ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ بست وچہارم مترجم، میں 9 رسائل ہیں۔

- فتاویٰ رضویہ بست وپنجم مترجم، میں 3 رسائل ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ بست وششم مترجم، میں 8 رسائل ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ بست وہفتم مترجم، میں 10 رسائل ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ بست وہشتم ترجم، میں 6 رسائل ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ ونہم مترجم میں، 11 رسائل ہیں۔
- فتاویٰ رضویہ سی ام مترجم، میں 10 رسائل ہیں۔

پچھلی کئی دہائیوں سے امام احمد رضا بریلوی، ان کی تصانیف اور ان کے افکار ونظریات کے فروغ وتوسیع پر کام ہو رہا ہے۔ دنیا بھر کے علمار و محققین اور دانشوران ملت ان کی علمی تحقیقات کو عصری اسلوب میں جدت طرازیوں اور رنگ آمیزیوں کے ساتھ پیش کر رہے ہیں جو مذہب ومسلک کی ترویج و استحکام میں سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان کی مساعی جمیلہ سے امام احمد رضا کے بعض علمی گوشوں پر کام ہوا مگر اب تک امام احمد رضا پر جتنا اور جس نوعیت کا کام ہوا ہے وہ یقیناً قابل ستائش اور بعد والوں کے لئے لائحہ عمل ہے۔ اس کے باوجود ہم یہ کہنے میں حق بجانب ہیں کہ ابھی تک ان کی تحقیقات کے زریں جواہر پارے اور علمی باقیات کما حقہ منظر عام پر نہ آسکے ہیں، معلوم نہیں انہیں سمیٹنے میں علمار و محققین کو اور کتنا عرصہ لگے گا۔ امام احمد رضا علم وفن کے بحر بیکراں اور فضل وکمال کے بلند مینار ہیں۔ سو سے زائد علوم وفنون پر انہیں کامل مہارت ودسترس حاصل تھی۔

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے اپنے بعد علوم وفنون کا جو علمی اثاثہ چھوڑا اس سے دنیا آج تک فیضیاب وشادماں ہو رہی ہے، ان کی تصانیف آج بھی سامان ہدایت اور اصلاح عقائد واعمال کا ذریعہ ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ دنیا بھر کے دانشوران اور مفکرین ملت نے امام احمد رضا بریلوی کی علمی تحقیقات، ان کے افکار ونظریات، ان کی دینی وعلمی خدمات وکارنامے، ان کی سیرت وسوانح اور ان کی تصانیف وتالیفات پر لکھنا شروع کیا اور دل کھول کر لکھا، عالم یہ ہے کہ اپنوں کے ساتھ غیروں نے بھی لکھا اور یہ کہ دنیا کی بڑی بڑی دانش گاہوں، نامور تعلیم گاہوں، قومی اداروں اور یونیورسٹیوں میں ان کی علمی خدمات وکارنامے پر تحقیق ہونے لگی، جسکے نتیجے میں امام احمد رضا کے تعلق سے نئی تحقیقات، نئے گوشے اور نئی نئی جہتیں سامنے آئیں اور ان کی ہمہ گیریت کا برملا اظہار کیا گیا۔ مختلف ومتعدد یونیورسٹیوں کی جانب سے محققین کو ان کی تحقیقات اور مقالوں کی تکمیل کے صلے میں ڈاکٹریٹ کی

ڈگریاں تفویض کی گئیں اور ان کی تحقیقات کو عزت وقدر کی نگاہ سے دیکھا گیا۔ ان مقالوں کے علاوہ بھی علماء وافاضل نے امام احمد رضا بریلوی پر بہت سارے مضامین اور کتابیں لکھیں، نئے نئے عنوانات سے تحقیقات پیش کیں اور ان کی ذہانت وفطانت، اسلوب نگارش وطرز استدلال، قوت تحقیق وفکر سلیم، عشق وعقیدت، وارفتگی وشیفتگی اور علوم ومعارف پر ان کی وسعت معلومات وژرف نگاہی کا اعتراف واقرار کیا اور کھلے دل سے تحسین وتبریک کا ڈھیر سارا خراج وارمغان عقیدت پیش فرمایا۔

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک مرد حق آگاہ اور اسلام کے بطل جلیل تھے انہوں نے اہل اسلام کی قیادت ورہنمائی کا خوشگوار فریضہ انجام دیا۔ صراط مستقیم کی طرف بندگان خدا کی بروقت رہنمائی کی، ان کے دین وایمان کی حفاظت کی اور دین وشریعت کے صحیح خدوخال کو مستند وواضح انداز میں پیش فرمایا۔ مراسم اہل سنت کو قوت واستدلال کی زبان عطا فرمائی۔ گم گشتگان راہ کو جلوہ مستقیم پر گامزن رکھنے کی سعی وکوشش کی۔ فرقہائے باطلہ کا رد بلیغ فرمایا، عقائد حقہ ومسلک صحیح کی ترویج واشاعت فرمائی، مذہب وملت کے فروغ وارتقاء کے تعلق سے محیر العقول کارنامے انجام دیئے اور فرزندان توحید کے دلوں میں عشق رسالت کی شمع روشن وفروزاں کی۔

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق
ثبت است برجریدۂ عالم دوام ما

محمد عیسیٰ قادری رضوی
09956027182

۲۲/دسمبر 2011ء

تصانیف رضا کی جمع وترتیب

■ ——— مولانا عبدالمبین نعمانی صدر المدرسین دار العلوم قادریہ چریاکوٹ مؤ

آج سے تیس (۳۰) سال پیش تر دار العلوم اشرفیہ مبارک پور کے دور طالب علمی میں اعلیٰ حضرت امام اہل سنت علامہ شاہ احمد رضا قادری برکاتی علیہ الرحمہ والرضوان کی نادر و نایاب کتب کے مطالعہ کے دوران یہ بات ذہن میں پیدا ہوئی کہ اعلیٰ حضرت کی تمام تصانیف کی ایک فہرست کیوں نہ مرتب کر لی جائے۔ چنانچہ اسی وقت میں نے ان تمام کتابوں کی ایک فہرست تیار کر لی جو اشرفی دار المطالعہ مبارک پور میں موجود تھیں۔ پھر چند سال تک اس کی طرف بالکل دھیان نہ گیا۔ ۱۳۹۴ھ/۱۹۷۴ء میں جب الجامعۃ الاشرفیہ مبارک پور کے کتب خانہ کی خدمت سپرد ہوئی تو اس وقت مزید کتابوں کی تلاش وجستجو میں لگ گیا۔ مطالعہ کے دوران جن کتابوں کا علم ہوتا ان کو بھی نوٹ کر لیتا۔ کتب خانوں کی سیر کرتا تو ان سے بھی استفادہ کرتا۔ اس طرح چند سال تک یہ کام جاری رہا۔ اس دوران جو فہرست تیار ہوئی وہ ہدیہ ناظرین ہے۔ گویا یہ پچیس سال پیش تر کی محنت ہے بعد میں بہت کم ہی اضافہ ہوا ہے۔ قارئین سے التماس ہے کہ اعلیٰ حضرت قدس سرہ کی کوئی کتاب جو اس میں نہ پائیں ان میں کوئی کتاب آپ کے علم میں ہو تو اطلاع دیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں ان کو شامل کر لیا جائے۔ یہ فہرست موضوعاتی ہے۔ اور ضرورت اس بات کی بھی ہے کہ ایک فہرست اعلیٰ حضرت قدس سرہ کی تصانیف کی بہ اعتبار حروف تہجی بنائی جائے۔ حضرت ملک العلما علیہ الرحمہ نے جو فہرست بنام "المجمل المعدد" شائع کی ہے اس کو سال تصنیف کے اعتبار سے ترتیب دیا ہے۔ وہ صرف ۱۳۲۶ھ/ ۱۹۰۸ تک کی تصانیف پر مشتمل ہے۔ ۱۳۲۷ھ کی صرف تین کتابیں شامل ہیں۔ اس کے بعد اعلیٰ حضرت قدس سرہ چودہ سال تک باحیات رہے۔ اس چودہ سال میں اعلیٰ حضرت نے کیا کچھ لکھا اس کی باقاعدہ کوئی فہرست نہ بن سکی۔ حضرت ملک العلما علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

"یہ مجموعہ مع ذیل بعض تالیفات اصحاب واحباب محرم ۱۳۲۷ھ تک ساڑھے تین سو تصنیفیں ہیں۔ میں یہ نہیں کہتا کہ سب اسی قدر ہیں، بلکہ یہ صرف وہ ہیں جو اس وقت کے استقرا میں میرے پیش نظر ہیں۔ فضل خدا سے امید واثق کہ اگر تفحص تام اور تمام قدیم وجدید بستوں پر نظر کی جائے تو کم وبیش پچاس

رسالے اور نکلے کہ پہلی بار اوائل صفر میں یہ فقیر اپنے زعم میں تمام تصنیفات کی فہرست مکمل کر چکا تھا۔ پھر دوبارہ قدیم بستے اور فتاوی کی جلدیں دیکھنے سے چھیانوے رسالے نکلے جن میں بعض مطبوعات سے تھے کہ باوصف طبع مجھے یاد نہ آئے اور باقی سب مبیضہ پائے۔ وللہ الحمد"

(المجمل المعدد لتالیفات المجدد، ص ۴، ۵ مرکزی مجلس رضا لاہور ۱۳۹۷ھ/ ۱۹۷۷ء)

حضرت ملک العلما حیات اعلیٰ حضرت حصہ اول میں جو ۱۳۶۹ھ/ ۱۹۳۸ء میں تالیف ہوئی، فرماتے ہیں۔ "درحقیقت اعلیٰ حضرت کی تصانیف چھ سو سے زیادہ ہیں جس کا مفصل بیان حیات اعلیٰ حضرت حصہ دوم میں آتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔" (حیات اعلیٰ حضرت حصہ اول، ص ۱۳، مطبوعہ قادری بک ڈپو، بریلی)

یہی بات کچھ تفصیلات کے ساتھ حضرت ملک العلما علیہ الرحمہ اپنی تصنیف "حیات اعلیٰ حضرت" حصہ دوم میں یوں ارشاد فرماتے ہیں۔

> میں نے ۱۳۲۷ھ میں حسب فرمائش مولانا المکرم حبیبنا الافخم جناب مولوی سید محمد عبدالجبار صاحب قادری حیدرآبادی غفرلہ ورحمہ رحمۃ واسعۃ یوم ینادی المنادی اعلیٰ حضرت امام اہل سنت کے پچاس علوم وفنون میں تصانیف کثیرہ کی فہرست مع فن وزبان وکیفیت ومضمون اور سال تصنیف کے بیان میں ایک رسالہ مسمّی بنام تاریخی "المجمل المعدد لتالیفات المجدد" تحریر کیا تھا جو اسی زمانہ میں مطبع حنفیہ پٹنہ میں باہتمام حضرت مولانا ابوالمساکین محمد ضیاء الدین صاحب پیلی بھیتی رحمۃ اللہ علیہ چھپ کر شائع ہو چکا تھا۔ اس میں ساڑھے تین سو تصنیفات وتالیفات کی مفصل فہرست درج تھی۔"

اس کے بعد جب ذیقعدہ ۱۳۶۲ھ میں چار مہینے کی فرصت لے کر اعلیٰ حضرت کی تصنیفات کی اشاعت کے سلسلے بریلی شریف قیام کا موقع ملا تو ۱۳۲۷ھ کے بعد سے وصال تک جس قدر تصنیفات فرمائی تھیں ان کو بطور ضمیمہ اس رسالہ کے اضافہ کیا۔ اب جملہ تصنیفات چھ سو سے فاضل ہیں جو چار قسموں پر منقسم ہیں۔

(۱) تصانیف خاصہ جن کے نام تاریخی ہیں۔

(۲) وہ تصانیف خاصہ جن کے نام تاریخی نہیں۔

(۳) تصنیفات احباب وقدسی اصحاب جن کے نام تاریخی ہیں۔

(۴) وہ تصنیفات احباب جن کے نام تاریخی نہیں۔

قسم سوم و چہارم اگر چہ بنام تلامذہ واصحاب ہیں لیکن درحقیقت اعلیٰ حضرت ہی کی تصنیف سمجھنا چاہیے۔ اس لیے کہ یہ وہ کتابیں ہیں جو تلامذہ نے لکھ کر بغرض اصلاح پیش کیں۔ لیکن ان پر اصلاح کیا ہوئی وہ مستقل تصنیف ہی ہوگئی۔ (حیات اعلیٰ حضرت حصہ دوم قلمی، ص ۴)

اور کچھ مزید تحقیق کے بعد جو فہرست دی ہے وہ وہی ہے جو المجمل المعدد کے نام سے شائع ہے۔ مزید اس کے بعد کی تصانیف جن کا ذکر ملک العلما علیہ الرحمہ نے کیا ہے۔ اور یہ بھی لکھا ہے کہ "بقیہ تصانیف یعنی ۱۳۲۷ھ سے سال انتقال پر ملال تک کا بیان ضمیمہ یا حصہ دوم المجمل المعدد میں اسی تفصیل سے حوالہ قلم ہوگا" (حیات اعلیٰ حضرت قلمی دوم، ص ۴۲)

ان کی کوئی فہرست حیات اعلیٰ حضرت کی کسی جلد میں کہیں موجود نہیں۔ درمیان کتاب سے کہیں صفحات غائب بھی نہیں کہ یہ سوچا جائے کہ کسی نے حذف کر دیے یا نکال لیے۔ مجھے ایسا لگتا ہے کہ کہ حضرت ملک العلما نے علحدہ سے فہرست بنائی ہوگی جو حیات اعلیٰ حضرت میں شامل کرنی تھی لیکن اس کا مسودہ غائب ہوگیا ہو یا کسی کے پاس محفوظ ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم بحقیقۃ الحال۔

اکتوبر و دسمبر ۱۹۶۲ء کے ماہ نامہ "اعلیٰ حضرت" بریلی شریف میں ایک فہرست تصانیف اعلیٰ حضرت قدس سرہ کی شائع ہوئی ہے جو المجمل "المعدد" سے زائد کتب اور حواشی پر مشتمل ہے۔ شاید یہ وہی فہرست ہو جو ملک العلما نے بعد میں بنائی تھی۔ لیکن اس میں مرتب کی حیثیت سے حضرت ملک العلما کا کہیں ذکر نہیں ہے۔

اب آپ دیکھیں کہ خود اعلیٰ حضرت قدس سرہ اپنی تصانیف میں تعداد تصانیف کیا ارقام فرماتے ہیں۔ مگر اس سلسلے میں یہ بات ذہن نشیں رہے کہ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قدس سرہ العزیز نے مختلف ادوار میں اپنی متعدد تصانیف میں تعداد تصانیف کا ذکر کیا ہے جو مقامات بروقت نظر حقیر میں ہیں ان کی نشاندہی کی جاتی ہے۔

اعلیٰ حضرت خود اپنی تصنیف سبحان السبوح (۱۳۰۷ھ) میں تصانیف کی تعداد سو تحریر فرماتے ہیں جو ۱۳۰۷ھ کی تالیف ہے۔ اصل عبارت ملاحظہ ہو۔

"للہ الحمد والمنۃ کہ آج اس رسالے سنت کے قبالے، رنگ صدق جمانے والے، رنگ کذب گمانے والے علوم دینیہ میں تصانیف فقیر نے سو کا عدد کامل پایا۔" (فتاوی رضویہ، ۶/۲۷۴، سنی

دارالاشاعۃ، مبارک پور)

خیال رہے کہ ۱۳۰۷ھ میں یہ سو کی تعداد صرف علوم دینیہ میں تصانیف امام کی ہے۔ جب کہ دوسرے علوم وفنون میں زیادہ کتب ہوں گی۔ اور یہ بھی اس وقت جب کہ اعلیٰ حضرت قدس سرہ کی عمر شریف صرف پینتیس (۳۵) سال کی تھی۔

النیرۃ الوضیہ شرح الجوہرۃ المضیۃ جو ۱۲۹۵ھ کی تصنیف ہے۔ اس کی اشاعت کے کے وقت ۱۳۰۸ھ میں اعلیٰ حضرت کے برادر خرد استاذ زمن حضرت مولانا حسن بریلوی علیہ الرحمہ اس پر حاشیہ تحریر کرتے ہیں۔ اور اس کے آخری ٹائٹل پیج پر اعلان بشارت ارقام کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

بشارت: ایھا المسلمون! فقیر کو کتاب سے کوئی نفع ذاتی مقصود نہیں، بلکہ مراد یہ ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ اس طریقہ سے اخی اعظم مصنف علام مدظلہ کے رسائل نافعہ جلیلہ جن کا شمار علوم دینیہ میں سو سے متجاوز ہو چکا ہے یکے بعد دیگرے طبع ہوتے رہیں۔ الخ

المشتہر: محمد حسن رضا خاں حسن بریلوی قادری برکاتی غفرلہ اللہ تعالیٰ،

بتاریخ ۱۳/ جمادی الآخرۃ ۱۳۰۸ھ (النیرۃ الوضیہ شرح الجوہرۃ المضیۃ، مطبع انوار محمدی، لکھنؤ)

اس اشتہار میں صرف علوم دینیہ پر سو کی تعداد تحریر ہے جب کہ حاشیہ میں فرماتے ہیں۔ ''ولادت مصنف سلمہ اللہ تعالیٰ دہم شوال بروز شنبہ وقت ظہر ۱۲۷۲ھ و تاریخ فراغ از تحصیل علوم پیش از والد ماجدش قدس سرہ چہار دہم شعبان ۱۲۸۶ھ از حضرت سند الاولیا خاتم الاکابر سیدنا السید آل الرسول الاحمدی المارہروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ شرف بیعت و خلافت جمیع سلاسل طریقت دارد، و از آنجناب و عظمائے محترم مثل علامہ سید احمد زینی دحلان قدس سرہ اجازت حدیث و سائر علوم شریعت، عدد تصانیفش تا حال بیک صد و پنج رسیدہ است و مجموعہ فتاوی او بہ سہ مجلد ہمچوں گنج، بارک المولیٰ تبارک و تعالیٰ عمرہ و علمہ وافاداتہ وعملہ ونسلہ وتصانیفہ، آمین ثم آمین

(حاشیہ النیرۃ الوضیہ مطبوعہ انوار محمدی لکھنؤ، از مولانا حسن رضا)

حیات الموات فی سماع الاموات کے آخر میں ایک رسالہ ضمیمہ ہے۔ ''الوفاق المتین بین سماع الدفین وجواب الیمین'' جو ۱۳۱۶ھ کی تالیف ہے۔ اس میں اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں۔ ''الحمد للہ آج اس رسالہ سے تصانیف فقیر کا عدد ایک سو اسی ہوا۔ اکرم الاکرمین جل جلالہ قبول فرمائے اور فقیر حقیر و اہل

سنت کے لیے دارین میں حجت نجات بنائے۔ آمین۔"

حسن اتفاق کہ یہ رسالہ سمع ارواح کے باب میں ہے۔ اور شمار تصانیف میں ایک سو اسی اور اسمائے الٰہیہ میں صفت سمع پر دال اسم پاک "سمیع" ہے اس کے عدد بھی یہی۔

(فتاوی رضویہ ج ۴/ ۲۷۶، مطبوعہ مبارک پور)

یعنی ۱۳۰۷ھ میں تعداد سو تھی اور ۱۳۱۶ھ میں نو سال کے بعد ایک سو اسی ہو گئی جس سے سرعت تحریر کا بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

اعلیحضرت قدس سرہ "الدولۃ المکیۃ" میں جو ۱۳۲۳ھ میں تصنیف ہوئی ایک مقام پر اپنی تصانیف کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔ و هذا العبد الضعيف بفضل ربه القوى اللطيف ابا عن جد فى خدمة السنة الزهراء مقيم على الوهابية الطامة الكبرى صنف كتبا تزيد على مأتين ۔" اور یہ بندہ ضعیف (احمد رضا) اپنے قوی و لطیف رب کے فضل سے باپ دادا سے چمکتی سنت کی خدمت میں (لگا ہوا) ہے۔ اور وہابیہ پر قیامت قائم کیے ہوئے ہے۔ جس نے دو سو سے زائد کتابیں تصنیف کیں۔"

اس پر حجۃ الاسلام خلف اکبر اعلیٰ حضرت علامہ حامد رضا قدس سرہ حاشیہ لگاتے ہوئے ارقام فرماتے ہیں۔ یعنی وہابیہ کے رد میں (دو سو کتابیں تصنیف کیں) ورنہ بحمدہ تعالیٰ چار سو سے زائد ہیں جن میں فتاوی مبارکہ (فتاوی رضویہ شریف) بڑی تقطیع کے بارہ ضخیم مجلدوں میں ہے۔

(حامد رضا غفرلہ (الدولۃ المکیۃ بالمادۃ الغیبیۃ (۱۳۲۳ھ) ص ۱۶۸، مطبوعہ رضا برقی پریس بریلی)

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قدس سرہ اپنی معرکۃ الآراء تصنیف حاجز البحرین الواقی عن جمع الصلاتین (۱۳۱۳ھ) کے تمہیدی کلمات میں ایک جگہ ارقام فرماتے ہیں "فقیر حقیر غفرلہ المولی القدیر کو اپنی تمام تصانیف مناظرہ بلکہ اکثر ان کے ماورا میں بھی جن کا عدد بعونہ تعالیٰ اس وقت تک ایک سو چالیس سے متجاوز ہے۔ ہمیشہ التزام رہا ہے کہ محل خاص نقل و اسناد کے سوا محض جمع و تلفیق کلمات سابقین سے کم کام لیا جائے۔ حتی الوسع بحول و قوت ربانی اپنے ہی فائضات قلب کو جلوہ دیا جائے ؎

کہ حلوہ چوں یکبار خوردند و بس

(فتاوی رضویہ دوم ۲/ ۲۸۵، ۲۸۶ مکتبہ نعیمیہ، سنبھل مراد آباد)

اس پر حاشیہ اس طرح ہے۔ یہ اس وقت تھا (یعنی ۱۳۱۲ھ میں) اب کہ ۱۳۱۹ھ ہے بحمد اللہ تعالیٰ عدد تصانیف ایک سو نوے سے متجاوز ہے ۔۱۲، اور اب تو بحمدہ تعالیٰ اگر احصا (شمار) کیا جائے تو پانسو سے متجاوز ہوگا ۱۲

الاجازات المتینہ میں جو ۱۳۲۴ھ کی تصنیف ہے اس میں فرماتے ہیں۔ کذالك اجزته بجميع مؤلفاتي التي بلغت الى الان مأتين و ماعسىٰ ان يقع بتوفيق ربي و منها الفتاوى الرضوية المسماة بالعطايا النبوية في الفتاوى الرضوية وهي الان في سبع مجلدات بحذف المكررات و نرجو المزيد من فضل ربنا المجيد (الاجازات المتینہ ص ۲۷۲، ۳۳۴، مکتبہ حامدیہ لاہور، مشمولہ رسائل رضویہ دوم)

۵	الطاری الداری لہفوات عبد الباری اول	۱۳۳۹	//	حسنی پریس بریلی
۶	الطاری الداری لہفوات عبد الباری دوم	//	//	//
۷	الطاری الداری لہفوات عبد الباری سوم	//	//	//

فضائل و سیرت

۱	تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین	۱۳۰۵	//	مطبع اہلسنت بریلی ومکتبہ لطیفیہ براؤں ورضا اکیڈمی ممبئی
۲	الامن والعلی لناعتی المصطفیٰ بدافع البلاء ملقب بلقب تاریخی اکمال الطامۃ علی شرک	۱۳۱۱	//	//ورضوی کتب خانہ بریلی
	سوی بالامور العامۃ	۱۳۱۲		
۳	اجلال جبریل بجعلہ خادماً للمحبوب الجمیل	۱۲۹۸	//	غیر مطبوعہ
۴	انبار المصطفیٰ بحال سر واخفی	۱۳۱۸	//	مکتبہ اعلیٰ حضرت بریلی وغیرہ
۵	زواہر الجنان من جواہر البیان	۱۲۹۷		
	معروف بہ سلطنۃ المصطفیٰ فی ملکوت کل الوریٰ	//		
۷	شمول الاسلام لاصول الرسول الکرام	۱۳۱۵	//	حسنی پریس بریلی وسمنانی میرٹھ
۸	صلات الصفا فی نور المصطفیٰ	۱۳۲۹	//	نوری کتبخانہ لاہور وانجمن اہلسنت مبارکپور ورضا اکیڈمی ممبئی
۹	عروس الاسماء الحسنیٰ فیما لنبینا من الاسماء الحسنیٰ	۱۳۰۶	//	
۱۰	فقہ شہنشاہ وان القلوب بید المحبوب بعطاء اللہ	۱۳۲۶	//	مطبع اہلسنت بریلی ونوری کتب خانہ ورضا اکیڈمی ممبئی
۱۱	قمر التمام فی نفی الظل عن سید الانام	۱۲۹۶	اردو	ادارہ اشاعت تصنیفات رضا بریلی ورضا اکیڈمی ممبئی
۱۲	نفی الفیٔ عمن بنورہ انار کل شیٔ	//	//	رضوی کتب خانہ بریلی ورضا اکیڈمی ممبئی
۱۳	ہدی الحیران فی نفی الفیٔ عن سید الاکوان	۱۲۹۹	//	شاہدی کتب خانہ بریلی ورضا اکیڈمی ممبئی

نمبر	نام کتاب	سن	زبان	مطبع
۱۴	طیب المنیہ فی وصول الحبیب الی العرش والرویۃ	۱۳۲۰	//	مطبع حسنی بریلی ورضا اکیڈمی ممبئی
	معروف بہ			
	منبہ المنیہ بوصول الحبیب الی العرش والرویۃ	//	//	//
۱۶	منیۃ اللبیب ان التشریع بید الحبیب	۱۳۱۱	//	مطبع اہلسنت بریلی ورضا اکیڈمی ممبئی
۱۷	الموہبۃ الجدیدۃ فی وجود الحبیب بمواضع عدیدۃ	۱۳۲۰	//	
۱۸	عروس مملکۃ اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم		//	دائرہ رضویہ بریلی شریف
۱۹	حاشیہ شرح شفا ملا علی قاری		عربی	غیر مطبوعہ
۲۰	حاشیہ زرقانی شرح مواہب لدنیہ		//	
۲۱	المیلاد النبویہ فی الالفاظ الرضویہ		اردو	رضوی کتب خانہ بریلی وغیرہ
۲۲	نطق الہلال بارخ ولاد الحبیب والوصال	۱۳۱۷	//	تحفہ حنفیہ پٹنہ وسمنانی میرٹھ
۲۳	جمان التاج فی بیان الصلوٰۃ قبل المعراج	۱۳۱۶	//	مطبع اہلسنت بریلی وسمنانی میرٹھ

مناقب

نمبر	نام کتاب	سن	زبان	مطبع
۱	الکلام البہی فی تشبیہ الصدیق بالنبی صلی اللہ علیہ وسلم	۱۲۹۷	//	
۲	وجہ المشوق بجلوۃ اسماء الصدیق والفاروق			
۳	تنزیہ المکانۃ الحیدریہ عن وصمۃ عہد الجاہلیۃ	۱۳۱۲	//	حسنی پریس بریلی، المجمع الاسلامی ورضا اکیڈمی ممبئی
۴	احیاء القلب المیت بنشر فضائل اہل البیت			
۵	ذب الاہواء الواہیۃ فی باب الامیر معاویۃ	//	//	
۶	عرش الاعزاز والاکرام لاول ملوک الاسلام	//	//	
۷	رفع العروش الخاویۃ من ادب الامیر معاویۃ			
۸	جمیل ثناء الائمۃ علی علم سراج الامۃ	//	//	
۹	فتاویٰ کرامات غوثیہ	۱۳۱۰	اردو	مطبع گلزار حسنی بمبئی
۱۰	انجاء البری عن وسواس المفتری	۱۳۱۲	عربی	

۱۱	مجیر معظم شرح قصیدہ اکسیر اعظم	۱۳۰۳	فارسی	مطبوعہ لاہور

تاریخ

۱	اول من صلی الصلوات الخمس	۱۳۱۰	اردو	مطبع اہلسنت بریلی
۲	اعلام الصحابۃ الموافقین للامیر معاویۃ وام المومن	۱۳۱۲	//	
۳	جمع القرآن وبم عزوہ لعثمان	۱۳۲۲	//	مطبع اہلسنت بریلی وبراؤں شریف

تصوف

۱	حاشیہ الیواقیت والجواہر		عربی	غیر مطبوعہ
۲	حاشیہ احیاء علوم الدین للغزالی		//	//
۳	حاشیہ الابریز		//	//
۴	حاشیہ الزواجر		//	//
۵	حاشیہ مدخل لابن امیر الحاج		//	//
۶	حاشیہ میزان الشریعۃ الکبریٰ		//	//
۷	بوارق تلوح من حقیقۃ الروح	۱۳۱۱	//	//
۸	التلطف بجواب مسائل التصوف	۱۳۱۲	اردو	//
۹	کشف حقائق واسرار دقائق	۱۳۰۸	//	رضوی پریس بریلی وسمنانی میرٹھ
۱۰	مقال عرفا باعزاز شرح وعلما	۱۳۲۷	//	مطبع تحفہ حنفیہ پٹنہ ورضوی کتب خانہ بریلی ورضا اکیڈمی ممبئی
۱۱	طرد الافاعی عن حمی ہادرفع الرفاعی	۱۳۳۶	//	مطبع رضوی بریلی
۱۲	کشکول فقیر قادری		//	حسنی پریس سوداگران بریلی

سلوک

۱	الیاقوتۃ الواسطۃ فی قلب عقد الرابطۃ	۱۳۰۹	//	عثمانی پریس بدایوں ومطبع اہلسنت
۲	نقاء السلافۃ فی البیعۃ والخلافۃ	۱۳۱۹	//	رضا اکیڈمی ممبئی

اذکار

۱	الوظیفۃ الکریمۃ	۱۳۳۸	عربی/اردو	مطبع اہلسنت ورضوی کتب خانہ بریلی
۲	شجرۂ طیبہ قادریہ برکاتیہ		اردو	،،وغیرہ
۳	زہرۃ الصلاۃ من شجرۃ اکارم الہداۃ	۱۳۰۵	عربی	مطبوعہ درامام احمد رضا نمبر المیزان ص ۶۲
۴	ماقل وکفی من ادعیۃ المصطفی صلی اللہ علیہ وسلم	۱۳۰۴		
۵	المنۃ الممتازۃ فی دعوات الجنازۃ	۱۳۱۸	عربی	سنی دارالاشاعت مبارکپور
۶	سلسلۃ الذہب نافیۃ الارب	۱۳۰۴	فارسی	مطبع درخشاں بریلی
۷	ازہار الانوار من صبا صلاۃ الاسرار	۱۳۰۵	عربی	سنی دارالاشاعت مبارکپور
۸	انہار الانوار من یم صلاۃ الاسرار	،،	اردو	،،وسمنانی میرٹھ ورضا اکیڈمی ممبئی

اخلاق

۱	اعجب الامداد فی مکفرات حقوق العباد	۱۳۱۰	،،	مطبع اہلسنت بریلی وانجمن اہلسنت مبارکپور ورضا اکیڈمی ممبئی
۲	شرح الحقوق لطرح العقوق (حقوق والدین)	۱۳۰۷	،،	مطبع اہلسنت بریلی وانجمن اہلسنت مبارکپور ومکتبہ کلیمی کانپور
۳	مشعلۃ الارشاد الی حقوق الاولاد	۱۳۱۰	،،	

نصائح و مواعظ

۱	تدبیر فلاح ونجات واصلاح	۱۳۲۱	،،	رضوی کتب خانہ بازار صندلخان بریلی
۲	وصایا شریف		،،	،،وغیرہ
۳	ابانۃ المتواری فی مصالحۃ عبدالباری اول	۱۳۱۳	،،	حسنی پریس بریلی
۴	ابانۃ المتواری فی مصالحۃ عبدالباری دوم		،،	،،
۵	ابانۃ المتواری فی مصالحۃ عبدالباری سوم			،،

ملفوظات

۱	ملفوظات اعلیٰ حضرت		//	حسنی پریس بریلی
۲	الملفوظات ۴ حصص		//	تحفہ حنفیہ پٹنہ وسمنانی میرٹھ وغیرہ

مکتوبات

۱	مکتوبات اہل سنت		//	مکتبہ رضویہ آرام باغ کراچی
۲	بعض مکاتب حضرت مجدد	۱۳۳۶	//	حسنی پریس بریلی
۳	مکتوبات امام احمد رضا (اول)		//	مطبوعہ مکتبہ نبویہ لاہور

خطبات

۱	الخطبات الرضویۃ فی المواعظ والعیدین والجمعۃ		عربی	بریلی الیکٹرک پریس رضوی کتب خانہ
۲	خطبات اعلیٰ حضرت		اردو	المجمع الاسلامی بریلی

ادب

۱	اکسیر اعظم	۱۳۰۲	فارسی	غیر مطبوعہ
۲	حدائق بخشش اول	۱۳۲۵	اردو	مطبع تحفہ حنفیہ پٹنہ ورضوی کتب خانہ ورضا اکیڈمی ممبئی
۳	حدائق بخشش دوم	۱۳۲۵	اردو	مطبع تحفہ حنفیہ پٹنہ ورضوی کتب خانہ ورضا اکیڈمی ممبئی
۴	آمال الابرار وآلام الاشرار	۱۳۱۸	عربی	مطبع تحفہ حنفیہ پٹنہ
۵	چراغ انس	۱۳۱۵	اردو	//وخانقاہ قادریہ بدایوں
۶	حضور جان نور	۱۳۲۴	//	//ومطبع اہلسنت پٹنہ
۷	سلام وسیر		//	غیر مطبوعہ
۸	سراپا نور		//	
۹	مناقب صدیقہ رضی اللہ عنہا		//	ناتمام

۱۰	وظائف قادریہ	۱۳۲۱	فارسی	مطبع اہلسنت بریلی ونوری کتب خانہ لاہور
۱۱	حمائل فضل رسول بنام قصید تان	۱۳۰۰	عربی	
۱۲	مدائح فضل رسول رائعتان	//	//	المجمع الاسلامی مبارکپور
۱۳	نذر گدادر تہنیت شادی اسرا		اردو	مطبع اہلسنت وجماعت بریلی
۱۴	ذریعۂ قادریہ	۱۳۰۵	//	مطبع حیدرآباد وپٹنہ وغیرہ
۱۵	فضائل فاروق	۱۳۰۸	//	
۱۶	نظم معطر	۱۳۰۹	فارسی	مطبع نادری بریلی
۱۷	مشرقستان قدس		اردو	مطبع اہلسنت بریلی ومطبع حنفیہ پٹنہ
۱۸	نعت واستعارات		//	غیر مطبوعہ
۱۹	اتحاف العلی لبکر فکر السنبلی		//	//
۲۰	جاہ القصیدة البغدادیہ معروف بہ الزمزمة القمریة فی الذب عن الخمریة	۱۳۰۶	//	مطبع اہلسنت وجماعت بریلی ونوری کتب خانہ لاہور ورضا اکیڈمی ممبئی
۲۱	عذاب اولیٰ بررداوادنیٰ	۱۳۱۶	//	//
۲۲	شرح مقامہ نداقیہ	۱۳۱۵	//	مطبوعہ میرٹھ بحوالہ مراۃ التصانیف

نحو

۱	تبلیغ الاحکام الی درجۃ الکمال فی تحقیق رسالۃ المصدر والافعال	۱۳۲۸	عربی	غیر مطبوعہ
۲	شرح ہدایۃ النحو	۱۲۸۲	عربی	//

صرف

۱	حاشیہ علم الصیغہ		فارسی	غیر مطبوعہ

لغت

۱	حاشیہ صراح		//	غیر مطبوعہ

۲	فتح المعطی بتحقیق الخاطی والمخطی	۱۳۱۲	اردو	غیر مطبوعہ
۳	حاشیہ تاج العروس		عربی	//

عروض

۱	حاشیہ میزان الافکار		فارسی	غیر مطبوعہ

تعبیر

۱	حاشیہ تعطیر الانام		عربی	غیر مطبوعہ

اوفاق

۱	الفوز بالآمال فی الاوفاق والاعمال	۱۳۲۶	فارسی	غیر مطبوعہ

تکسیر

۱	اطائب الاکسیر فی علم التکسیر	۱۲۹۶	عربی	غیر مطبوعہ
۲	رسالہ در علم تکسیر	۱۳۲۸	فارسی	//
۳	۱۵۲ امربعات		اردو	//
۴	حاشیہ الدر المکنون		عربی	//

جفر

۱	الجداول الرضویہ للمسائل الجفریہ	۱۳۲۲	//	(قلمی مملوکہ ملا لیاقت خاں، بریلی) مطبوعہ مرکزی مجلس رضا لاہور و رضا اکیڈمی ممبئی
۲	الشواقب الرضویہ علی الکواکب الدریہ	//	//	//
۳	الاجوبۃ الرضویہ للمسائل الجفریہ	//	//	،، و رضا اکیڈمی ممبئی
۴	اسہل الکتب فی جمیع المنازل		//	(قلمی مملوکہ ملا لیاقت خاں، بریلی)
۵	الجفر الجامع	۱۳۳۲	اردو	//
۶	الرسائل الرضویہ للمسائل الجفریہ	۱۳۲۸	عربی	//
۷	الوسائل الرضویہ للمسائل الجفریہ	۱۳۲۲	//	مرکزی مجلس رضا لاہور
۸	مجتلی العرس و مراد النفوس	۱۳۳۸	//	//

توقیت

۱	دراالقبح عن درک الصبح	۱۳۲۶	اردو	مطبع حسنی بریلی ورضا اکیڈمی ممبئی
۲	الانجب الانیق فی طرق التعلیق	۱۳۱۹	فارسی	غیر مطبوعہ
۳	تاج توقیت	۱۳۲۰	//	ادارہ تحقیقات رضا کراچی
۴	زیج الاوقات للصوم والصلوٰۃ	۱۳۱۹	اردو	//
۵	البرہان القویم علی العرض والتقویم	۱۳۲۷	فارسی	رضا اکیڈمی ممبئی
۶	کشف العلۃ عن سمت القبلۃ	۱۳۲۴	اردو	امام احمد رضا اکیڈمی بریلی
۷	ترجمہ قواعد نائیٹکل المنک	۱۳۲۹	اردو	غیر مطبوعہ
۸	جدول ضرب	۱۳۲۸	عربی	//
۹	جدول اوقات	۱۳۲۹	اردو	//
۱۰	استنباط الاوقات		فارسی	غیر مطبوعہ
۱۱	تسہیل التعدیل		اردو	//
۱۲	جدول برائے جنتری شصت سالہ		فارسی	//
۱۳	حاشیہ جامع الافکار		//	ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی
۱۴	حاشیہ خزانہ العلم		//	غیر مطبوعہ
۱۵	حاشیہ زبدۃ المنتخب		//	//
۱۶	طلوع وغروب نیرین		اردو	//
۱۷	میول الکواکب وتعدیل الایام		//	//
۱۸	سمت قبلہ		//	مرکزی مجلس رضا لاہور

لوگارثم

۱	رسالہ در علم لوگارثم	۱۳۲۵	//	ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی
۲	ستین ولوگارثم	۱۳۲۳	//	غیر مطبوعہ

زیجات

۱	حاشیہ برجندی		عربی	غیر مطبوعہ
۲	حاشیہ زلالات البرجندی		〃	〃
۳	مفسر المطالع للتقویم والطالع	۱۳۲۴	فارسی	〃
۴	حاشیہ زیج بہادر خانی		〃	〃
۵	حاشیہ فوائد بہادر خانی		〃	〃
۶	التعلیقات علی جامع بہادر خانی		〃	〃
۷	التعلیقات علی الزیج الایلخانی	۱۳۱۱	عربی	قلمی
۸	التعلیقات علی الزیج الاجد		〃	〃
۹	تحقیقات سال مسیحی		اردو	〃

ہندسہ

۱	اشکال الاقلیدس لنکس اشکال الاقلیدس	۱۳۰۶	عربی	
۲	اعالی العطایا فی الاضلاع والزوایا	۱۳۱۹	فارسی	مجلس رضا لاہور
۳	المعنی المجلی للمغنی والظلی	۱۳۲۷	〃	قلمی
۴	حاشیہ اصول الہندسہ		عربی	〃
۵	حاشیہ تحریر الاقلیدس		〃	〃

حساب

۱	الجمل الدائرۃ فی خطوط الدائرۃ		فارسی	قلمی
۲	الکلام الفہیم فی سلاسل الجمع والتقسیم	۱۳۱۹	عربی	〃
۳	مسئولیات السہام		فارسی	〃
۴	حاشیہ خزانۃ العلم		〃	〃

ریاضی

۱	جداول الریاضی	〃	عربی	قلمی
۲	زاویۃ اختلاف المنظر		فارسی	〃

٣	عزم البازی فی جو الریاضی	//	//	//
٤	کشور اعشاریہ	١٣٢٩	//	//
٥	الکسر العشری		عربی	//
٦	معدن علومی در سنین ہجری عیسوی و رومی		اردو	//

علم مثلث

١	تلخیص علم مثلث کروی	١٣٣٢	فارسی	مرکزی مجلس رضا لاہور
٢	رسالہ در علم مثلث کروی	١٣٢٩	//	//
٣	وجوہ زوایا مثلث کروی	//	//	//
٤	رسالہ علم مثلث کروی		//	//

ہیأت

١	مبحث المعادلۃ ذات الدرجۃ الثانیۃ		عربی	غیر مطبوعہ
٢	قانون رویت اہلۃ		اردو	//
٣	طلوع وغروب کواکب وقمر		//	//
٤	الصراح الموجز فی تعدیل المرکز	١٣١٩	فارسی	//
٥	رویت الہلال	١٣٢٣	//	ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی
٦	اقمار الانشراغ الحقیقۃ الاصباح	//	عربی	غیر مطبوعہ
٧	جادۃ الطلوع والممر للسیارۃ والنجوم والقمر	١٣٢٥	//	//
٨	حاشیہ کتاب الصور		//	//
٩	حاشیہ شرح تذکرہ		//	//
١٠	حاشیہ طیب النفس		//	//
١١	حاشیہ تصریح		//	//
١٢	حاشیہ شرح چغمینی		//	//
١٣	حاشیہ علم الہیاۃ		//	//

۱۴	حاشیہ رفع الخلاف فی دقائق الاختلاف		//	//
۱۵	حاشیہ ماشرح باکورہ		//	//
۱۶	رسالہ صبح		عربی	غیر مطبوعہ

نجوم

۱	زاکی البہانی قوۃ الکواکب وضعفہا	۱۳۲۵	فارسی	//
۲	استخراج تقویمات کواکب		//	//
۳	استخراج وصول قمر برراس		//	//
۴	رسالہ ابعاد قمر		عربی	//
۵	حاشیہ حدائق النجوم		//	//

جبر و مقابلہ

۱	حل المعادلات لقوی المکعبات	//	فارسی	//
۲	رسالہ جبر ومقالہ	//	//	//
۳	حاشیہ القواعد الجلیلہ فی الاعمال الجبریہ		عربی	//

ارثماطیقی

۱	کتاب الارثماطیقی	//	فارسی	غیر مطبوعہ
۲	البدور فی اوج المجذور	۱۳۳۲	//	ادارۂ تحقیقات امام احمد رضا کراچی
۳	الموہبات فی المربعات	۱۳۱۹	عربی	غیت مطبوعہ

منطق

۱	رسالہ منطق ؁		//	غیر مطبوعہ
۲	حاشیہ میرزاہد	//	//	//
/	حاشیہ ملا جلال	//	//	//

فلسفہ

۱	نزول آیات فرقان بسکون زمین وآسمان	۱۳۳۹	اردو	حسنی پریس بریلی ورضا اکیڈمی ممبئی

۲	فوز مبین در حرکت زمین ۲		//	بعض مطبوعہ رسالہ الرضا بریلی و رضا اکیڈمی
۳	الکلمۃ الملہمۃ فی الحکمۃ المحکمۃ	۱۳۳۸	//	سمنانی کتب خانہ میرٹھ بار اول و رضا اکیڈمی ممبئی
۴	معین مبین بہر دور شمس و سکون زمین		//	مرکزی مجلس رضا لاہور و رضا اکیڈمی ممبئی
۵	حاشیہ اصول طبعی		عربی	غیر مطبوعہ
۶	مقامع الحدید علی خد المنطق الجدید	۱۳۰۴	اردو	المجمع الاسلامی مبارک پور و رضا اکیڈمی ممبئی

شتی

۱	حبل الوراۃ			غیر مطبوعہ
۲	مقالہ مفردہ		//	//
۳	نشاط السکین علی حلق البقرۃ السمین	۱۳۰۳	//	//
۴	مرتجی الاجابات لدعاء الاموات		//	//

□□□

امام احمد رضا پہ لکھی ہوئی کتابیں

امام احمد رضا پہ لکھنے والے مصنفین ومؤلفین

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا پر کتابیں

■ ——— مولانا محمد توفیق احمد نعیمی، المجمع الاسلامی، بریلی شریف

چونکہ عام طور سے کسی شخصیت پر خود اس کی حیات میں باضابطہ کوئی تذکرہ لکھنے کا معمول نہیں۔ یہی سبب ہے کہ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان مجدد بریلوی علیہ الرحمہ پر ان کی حیات میں کوئی جامع تذکرہ معرض وجود میں نہیں آیا۔ معاملہ بالکل صفر رہا ہو، ایسا بھی نہیں، کچھ کام ضرور ہوا۔ مثلاً:

(۱) خلیفہ حاجی امداد اللہ مہاجر مکی، مولانا (عبد) رحمان علی ممبر کونسل ریاست ایوان نے اپنی کتاب ''تذکرہ علمائے ہند'' (مولفہ 1305ء) میں جہاں ہندوستان کے دیگر علماء کا تذکرہ کیا ہے، وہیں فاضل بریلوی علیہ الرحمہ کی حیات وخدمات پر بھی روشنی ڈالی ہے۔ مثلاً:

''فاضل بریلوی کی چار سالہ عمر میں ناظرہ قرآن سے فراغت، چھ سال کی عمر میں میلاد کا بیان، 14 شعبان 1282ھ کو یعنی تیرہ سال دس مہینے پانچ دن کی عمر میں معقولات ومنقولات تمام علوم درسیہ کی تحصیل سے فراغت، اسی تاریخ میں رضاعت سے متعلق ایک استفتاء کا صحیح جواب، اسی تاریخ سے فتویٰ نویسی کا کام آپ کے سپرد، 1295ء میں حج اول کے موقع پر آپ پر حرمین شریفین کے علماء و مشائخ کی نوازشات، اور وہاں پر آپ کی غیر معمولی مقبولیت، مسجد خیف میں آپ کی مغفرت کی بشارت، مختلف علوم وفنون پر مشتمل آپ کی پچاس کتابوں کی فہرست، ''الروض البہیج فی آداب التخریج'' (1296ھ تا 1299ھ) کتاب پر یہ نوٹ:۔ ''اگر پیش ازیں کتاب دریں فن یافتہ نہ شود پس مصنف را موجد تصنیف ہذا می توان گفت'' یعنی اگر اس سے پہلے کوئی کتاب اس فن میں نہ پائی جاتی تو مصنف کو اس تصنیف کا موجد کہا جا سکتا تھا۔

بریلی، بدایوں، سنبھل اور رام پور وغیرہ کے علمائے تفضیلی اور ان کے سرغنہ مولوی محمد حسن سنبھلی کا مناظرہ سے فرار، اس کے بعد کئی مرتبہ ادھر سے ادھر مناظر کا چیلنج اور ادھر صدائے برنخاست پر عمل۔''

اس طرح کے حقائق وواقعات ''تذکرہ علمائے ہند'' کے مصنف نے نمایاں طور پر پیش کئے ہیں۔

(۲) پٹنہ میں بتاریخ 7 تا 13 رجب المرجب 1900ء، 1318ھ ایک عظیم الشان کانفرنس منعقد ہوئی جس میں سو سے زائد علماء اکابر اہل سنت نے شرکت فرمائی۔ اس کانفرنس میں اعلیٰ حضرت امام احمد رضا علیہ الرحمہ نے بھی بطور خاص شرکت فرمائی اور اپنے بے مثال خطاب سے حاضرین کو نوازا۔ اس کانفرنس کی روداد بنام ''دربار حق وہدایت 1318ھ'' قاضی محمد عبد الوحید حنفی فردوسی مہتمم مدرسہ حنفیہ و ناظم ماہ نامہ ''تحفہ حنفیہ'' پٹنہ نے مرتب فرمائی۔ اس میں انہوں نے اعلیٰحضرت علیہ الرحمہ کی تقریر کو نقل کی ہے۔ یہ تاریخی دستاویز پڑھنے سے تعلق رکھتی ہے۔

(۳) ''الاجازاۃ المتینۃ للعلماء بکۃ والمدینۃ'' (1906ء، 1324ھ) اس کتاب میں فاضل بریلوی پر بہت کچھ مواد ملتا ہے۔ اس کی جاندار تمہید اپنا جواب نہیں رکھتی۔ اس تمہید میں شہزادۂ اعلیٰ حضرت مولانا شاہ حامد رضا خان علیہ الرحمہ نے بموقع حج ثانی (1323ھ) مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ میں فاضل بریلوی کی جو غیر معمولی پذیرائی ہوئی اس کا آنکھوں دیکھا حال نہایت مؤثر الفاظ میں پیش کیا ہے۔ ذرا ایک نظر قارئین بھی ملاحظہ فرمائیں:

> ''یعنی گویا کہ مکہ مکرمہ کارکنان قضا وقدر سے ندا کروائی گئی کہ اے اہل صفا چلو! جلد چلو! مصطفیٰ ﷺ کا غلام آیا ہے۔ تو ہم نے وہاں کے علماء کو آپ کی جانب تیز تیز آتے اور اکابر کو آپ کی تعظیم وتوقیر میں جلدی کرتے دیکھا۔ بعض آپ کے علمی انوار حاصل کرنے کے لئے آئے۔ بعض صرف برکت ملاقات کی غرض سے پہنچے۔ کسی نے آکر مسئلہ پوچھا اور فتویٰ طلب کیا۔ کسی بزرگ نے اپنا لکھا ہوا فتویٰ دکھایا۔ یہاں تک کہ باعزت لوگوں، ممتاز شخصیتوں نے آپ سے برکت اجازت چاہی اور بڑی شان والے اکابر بیعت طریقہ میں داخلہ ہوئے اور اہل کرم، عمدہ خدمات بجا لانے لگے۔ تاآنکہ ہم نے خود سنا کہ ایک دفعہ ایک بزرگ، بلند مرتبہ، پیشوا، فرمانروا، باہیبت، کبیر الشان، عظیم المکان، معزز علمائے حرم، اہل کرم میں اتنے معظم کہ ان کی جانب انگلیوں سے اشارے ہوتے، ان سے گفتگو کرتے وقت جبکہ حضرت والد ماجد

نے ادباً ان کے گھٹنے کو چھونا چاہا تو وہ بولے: "انا اقبل ارجلکم و نعالکم کثر الله فی الامة امثالکم" یعنی میں آپ کے قدموں اور جوتوں کو بوسہ دوں اللہ تعالیٰ اس امت میں آپ جیسے علماء بکثرت پیدا کرے۔"

ازاں بعد آپ عالی بارگاہ مدینہ منورہ کی جانب روانہ ہوئے۔ وہاں کے علماء کرام نے بھی مکہ مکرمہ کے علماء کی طرح آپ کا استقبال پورے اکرام واجلال کے ساتھ کیا۔ یہاں تک کہ علماء اجل حضرت مولانا شیخ محمد عبدالحق الہ آبادی مجاور حرم مکہ کے صالح اور سعادت مند تلمیذ حضرت مولانا محمد عبدالکریم فنجانی مجاور حرم مدینہ منورہ نے ایک دن حضرت والد ماجد سے کہا: انی مقیم بالمدینة الامینة منذاسنین ویاتیها من الهند الوف من العالمین فیهم علماء و صلحاء التقیاء رایتهم یدرون فی ملك البلد لایلتفت من اهله احد، واری العلماء و الکبار العظماء الیك مهر عین و بار اجلال مسرمین" ذالك فضل الله یوتیه من یشاء والله ذو انفضل العظیم " یعنی میں سالہائے سال مدینہ منورہ میں رہائش پذیر ہوں۔ ہندوستان سے ہزاروں انسان آتے ہیں۔ ان میں اہل علم، اہل اصلاح، اہل تقویٰ سب ہوتے ہیں۔ انہیں دیکھا کہ وہ بلدہ مبارکہ میں گھومتے ہیں کوئی ان کی طرف دھیان نہیں دیتا۔ لیکن آپ کی مقبولیت کی عجیب شان دیکھتا ہوں کہ بڑے بڑے علماء آپ کی طرف دوڑے آرہے ہیں اور تعظیم بجالانے میں جلدی کررہے ہیں۔ "یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے دیتا ہے اور وہ بڑے فضل والا ہے۔"

(۴) الدولة المکیة کی تمہید وترجمہ بھی آپ کے قلم کا شاہ کار ہے۔

(۵) "کفل النقیه الفاہم فی احکام قرطاس الدراہم (1324ھ) اس کتاب کی تمہید بھی مولانا محمد حامد رضا بریلوی علیہ الرحمہ کے شائستہ قلم کی دین ہے۔ اس میں بھی انہوں نے اپنے والد ماجد امام احمد رضا خان کی حرمین شریفین میں جو پذیرائی ہوئی اس پر مختصر روشنی ڈالی ہے اور وہاں ان کے مخالفوں کی جو رسوائی ہوئی اس کا بھی ذکر کیا ہے۔ چنانچہ ایک جگہ لکھتے ہیں۔

"دونوں شہر مکرم کے لوگوں نے ان کی تعظیم وتوقیر وتکریم وخاطرداری کی اور ان

کے مخالفوں پر ان کی مدد کی اور ان مفسدوں کو (کہ دین سے ایسے نکل گئے جیسے آٹے سے بال) مغلوب کیا اور ان کی ذلیل خباثت کے پردے چاک کئے تو وہ مفسد غضب الٰہی کے مستحق ہوئے اور خسارے میں رہے۔ اور شیطان کی اولاد ذلت کے غار میں بھاگی جیسے بھڑکے ہوئے گدھے کہ شیر سے بھاگتے ہیں۔

اور حضرت ممدوح سے علمائے کرام، اتقیائے عظام، بڑے بڑے مشاہیر، کمال عزت اور نہایت احترام سے ملے اور ان کے لئے پاؤں چومے اور ان سے حدیث مسلسل اور حدیث کی کتابوں صحاح وسنن و مسانید و معاجیم اور چاروں مصافحوں کی اجازت لی یہاں تک کہ ان کے ہاتھ پر بیعت کی اور سلسلہ عالیہ قادریہ رضویہ میں منسلک ہوئے۔"

(۶) فاضل بریلوی کے خلیفہ و تربیت یافتہ عالم فاضل مولانا ظفر الدین بہاری علیہ الرحمہ نے تذکرہ تصنیفات رضا میں "المجمل المعدد لتالیفات المجدد" (1327ھ 1909ء) لکھی جس میں ساڑھے تین سو کتب رضویہ کی فہرست ہے۔

(۷) درست یہی ہے کہ جمعہ کی اذان ثانی ہو یا کوئی اور اذان نماز، خارج مسجد ہی ہونا چاہئے۔ اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ نے اسی موقف کو اختیار فرمایا لیکن بعض علماء نے آپ سے اختلاف کیا۔ اختلاف کرنے والوں میں ایک نام "مولانا انوار اللہ حیدر آبادی" کا آتا ہے۔ انہوں نے آپ کے رد میں ایک رسالہ بنام "القول الازہر" لکھا۔ یہ رسالہ جب شہزادہ اعلیٰ حضرت حضور حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا خاں کے علم میں آیا فوراً آپ نے اس کا نوٹس لیا اور اس کے جواب میں "اجلی انوار الرضا" (1334ھ 1915ء) کتاب تحریر فرمائی اور اعلیٰ حضرت کے ارشادات کی بھرپور تائید فرمائی۔

(۸) مفتی اعظم مولانا مصطفیٰ رضا خاں نوری علیہ الرحمہ نے ملفوظات رضا میں "الملفوظ" (1338ھ 1919ء) مرتب فرمائی جو چار حصوں پر مشتمل ہے۔ یہ کتاب رضویات پر کام کرنے والوں کے لئے ایک مستند ماخذ کی حیثیت رکھتی ہے۔

(۹) "الطاری الداری لھفوات عبد الباری" (1339ھ 1921ء) یہ کتاب امام احمد رضا بریلوی اور مولانا عبد الباری فرنگی محلی لکھنوی کے درمیان ہونے والی جملہ مراسلات

کا مجموعہ ہے۔ یہ تاریخی کتاب اعلیٰ حضرت کی اعلیٰ علمی، دینی، سیاسی بصیرت کی منھ بولتی تصویر ہے۔ اس کے مرتب بھی حضور مفتی اعظم مولانا مصطفیٰ رضا خاں علیہ الرحمہ ہیں۔ اس کتاب میں کیا کچھ ہے اس کے لئے مسعود ملت حضرت ڈاکٹر محمد مسعود احمد کی کتاب ''تنقیدات وتعاقبات'' ملاحظہ فرمائیں۔

(۱۰) اس وقت کے اخبارات ورسائل میں ''دبدبہ سکندری'' رام پور اور ''تحفۂ حنفیہ'' پٹنہ وغیرہ میں حضرت فاضل بریلوی کے کلام وفتاویٰ کے ساتھ ساتھ آپ پر مضامین وتاثرات بھی شائع ہوا کرتے تھے۔ دیکھئے ''دبدبہ سکندری'' شمارہ 12 ربیع الاول 1330ھ مطابق یکم اپریل 1912ء، بروز دوشنبہ جلد نمبر 48 کے صفحہ نمبر 3 پر شاہ محمد افضل حسن صابری نائب اڈیٹر، رقم طراز ہیں:

''اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی مدظلہم الاقدس کا جو رتبہ ہے اسے تو آنکھوں والوں سے پوچھئے، نابینا ہرگز کسی بات کو نہیں دیکھ سکتا اور نہ یہ بتا سکتا ہے کہ کس کے قصر فضل وکمال کا کون سا درجہ، کس صنعت ودستکاری سے بن سنور کر مرتب ہوا ہے۔ بلکہ وہ تو ساری دنیا کو اپنی ہی مثل جانتا اور سمجھتا ہے۔ ہم دیکھ رہے ہیں کہ چند چشمان عقل کے اندھے اس ملائک صفات بشر کے علوم رتبت میں چہ میگوئیاں کر رہے ہیں۔ مگر ان کو یاد رکھنا چاہئے کہ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی مدظلہم الاقدس کی اس میں معاذ اللہ کسی طرح کی مرتبت واقع نہیں ہوتی ملخصاً''

(دبدبہ سکندری۔ رام پور، یوپی ص ۳)

بعد وصال فاضل بریلوی پر کام:

(۱) ہمارے فضلاء کا یہ افسوس بجا ہے کہ امام احمد رضا علیہ الرحمہ جیسی بلند پایہ، عظیم شخصیت پر ان کے وصال کے بعد تقریباً نصف صدی تک کوئی شایان شان کام نہ ہوا۔ بعد وصال اسی سال صرف تین تذکرے معرض تحریر میں آئے اور وہ بھی منظوم ومختصر:

۱۔ ذکر رضا 1921ء: مولانا محمود جان جودھپوری

۲۔ تذکرہ ووداد 1340ھ 1921ء: سید سجاد حسین شیش گڑھی

۳۔ نفخۃ الروح 1340ھ 1912ء: سیٹھ عبد الستار اسماعیل رضوی کاٹھیاواڑی

(۲) ان کے سوا کوئی مفصل تذکرہ نہیں ملتا ملخصاً برسوں تک یہی سناٹا رہا۔ ہاں البتہ 1938ء میں یعنی پورے سترہ سال کے بعد کہیں جا کر ملک العلماء مولانا ظفر الدین بہاری کو احساس ہوا کہ افسوس

ہم ابھی تک اپنے امام محسن اہل سنت کی بارگاہ میں کوئی قابل ذکر، مفصل کتاب پیش نہ کر سکے۔ ان کے بے پناہ احساس کا اندازہ حسب ذیل اقتباس سے لگایا جا سکتا ہے:

''افسوس صد ہزار افسوس اس آفتاب عالم تاب کو غروب ہوئے آج (1938ء) سترہ سال ہو گئے۔ مگر سوائے اس مختصر منظوم'' ذکر رضا 1921ء'' (حامی دین وملت مولانا مولوی محمود جان صاحب) کے کوئی مفصل سوانح عمری آپ کی شائع نہ ہوئی۔'' (''حیات اعلیٰ حضرت'' اول)

ممکن ہے کہ یہ احساس انہیں مولانا سید ایوب علی رضوی کی تحریک و ترغیب سے ہوا ہو، کیونکہ سید صاحب پہلے ہی فاضل بریلوی کی'' سوانح عمری'' کے لئے مواد کی فراہمی کا آغاز کر چکے تھے اور اس بارے میں انہوں نے اعلان بھی شائع کیا تھا۔

لیکن جب انہیں اس بات کی خبر ہوئی کہ حضرت مولانا ظفر الدین صاحب امام اہل سنت کی حیات پر کوئی کتاب لکھ رہے ہیں تو انہوں نے وہ سارا مواد مولانا کے حوالہ کر دیا جو انہیں بذات خود یا بعنایاتِ دیگراں حاصل ہوا تھا۔ خود حضرت مولانا ظفر الدین صاحب کا بیان ہے:

''ہم رضویوں کو جناب حاجی مولوی سید ایوب علی رضوی بریلی کا شکر گزار ہونا چاہئے کہ اس کی طرف سب سے پہلے توجہ فرمائی اور برادران طریقت کو توجہ دلائی۔ ان کی تحریک سے بعض احباب نے کچھ حالات ان کے پاس لکھ بھیجے اور زیادہ حصہ خود سید صاحب موصوف نے لکھا۔ جب ان کو میرے'' حیات اعلیٰ حضرت'' لکھنے کی خبر ہوئی تو جو کچھ مواد ان کے پاس تھا سب مجھے عنایت فرما دیا۔''

(حیاتِ اعلیٰ حضرت، اول)

الغرض حضرت مولانا محمد ظفر الدین علیہ الرحمہ کو احساس نے کچھ ایسا بیدار کیا کہ انہوں نے بنام'' حیات اعلیٰ حضرت'' ایک مفصل سوانح عمری لکھ کر ہی دم لیا۔ ان کی یہ کتاب بارہ 12 سال کے اندر 1950ء میں چار جلدوں میں مکمل ہوئی ٭٭٭ جلد اول ایک مدت سے ہندو پاک میں برابر اشاعت پذیر ہوتی رہی۔ اب الحمد للہ وہ کتاب تین جلد میں مفتی محمد مطیع الرحمٰن صاحب رضوی کی جدید ترتیب وتحقیق کے ساتھ ہندوستان میں شائع ہوگئی ہے۔ اسی طرح پاکستان میں بھی پیرزادہ اقبال احمد فاروقی مدیر جہان رضا کے

اہتمام سے شائع ہوگئی ہے۔

(۳) 1951ء سے 1960ء تک پورا عشرہ خاموشی کی نذر رہا، دو چار کتابیں بھی ہم اپنے امام کی نذر نہ کر سکے۔

❁ خیر سے مولانا محمد حشمت علی علیہ الرحمہ نے ''جواہر الایقان فی توضیح کنز الایمان'' 1380ھ 1960ء کے ذریعہ کھاتہ ضرور کھلا رکھا۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے۔ اس تفسیر میں ترجمہ کنز الایمان کی مستند تفاسیر کی روشنی میں تائید و وضاحت کی گئی ہے۔ مزید معلومات کے لئے مولانا عبد السلام رضوی مدرسہ جامعہ نوریہ بریلی شریف کا مضمون، مشمولہ ''جہان رضا'' لاہور (دسمبر 2000ء کا مطالعہ کیجئے۔

❁ اس جگہ مولانا صابر القادری نسیم بستوی کی کتاب ''مجدد اسلام بریلوی'' کو بھی پیش کیا جاسکتا ہے کہ جس کا آغاز 1379ھ 1920ء میں اور تکمیل 1387ھ 1967ء میں ہوا۔ اس کا تاریخی نام'' احوال گرامی مجدد اعظم 1379ھ'' ہے۔

1961ء سے 1970ء تک ہلکی سی بیداری نظر آتی ہے:

نمبرات:

❁ امام احمد رضا نمبر، ماہ نامہ پاسبان، الہ آباد اپریل 1962ء

❁ اعلیٰ حضرت نمبر، ماہ نامہ اعلیٰ حضرت، بریلی جون 1962ء

❁ امام احمد رضا نمبر، ماہ نامہ نوری کرن، بریلی 1963ء

❁ امام احمد رضا نمبر، ماہ نامہ رضائے مصطفیٰ، گوجرانوالہ 1964ء

❁ مجدد اعظم نمبر، ماہ نامہ اعلیٰ حضرت، بریلی 1966ء

❁ اعلیٰ حضرت نمبر، ترجمان اہل سنت، کراچی مارچ 1970ء

❁ اعلیٰ حضرت نمبر، عرفات، لاہور اپریل 1970ء

❁ اعلیٰ حضرت نمبر، فیض رضا، لائل پور 1970ء

مندرجہ بالا نمبرات اسی عشرہ میں منصۂ شہود پر آئے۔

کتب:

❁ سوانح اعلیٰ حضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی: مولانا بدر الدین احمد قادری 1963ء

- مجدد اسلام بریلوی: مولانا صابر القادری نسیم بستوی 1967ء
- مقالات یوم رضا: قاضی عبدالنبی کوکب 1968ء
- سوانح حیات اعلیٰ حضرت بریلوی: حضرت شاہ مانا میاں قادری 1970ء

وغیرہ کتابیں اسی دہائی کا عطیہ ہیں۔ لگے ہاتھ بعض کے متعلق تھوڑی سی معلومات بھی حاصل کرتے چلیں:

امام احمد رضا نمبر، پاسبان، الہ آباد:

جہاں تک راقم کو علم ہے ماہ نامہ ''پاسبان'' الہ آباد کے ''امام احمد رضا نمبر'' کو اعلیٰ حضرت مجدد بریلوی علیہ الرحمہ پر نکلنے والے نمبرات میں اولیت حاصل ہے اور اس نمبر پر علامہ مشتاق احمد نظامی کا اداریہ عالموں اور صحافیوں کے حق میں کافی مؤثر ثابت ہوا اور وہ فاضل بریلوی کی جانب مائل ہونے لگے۔ پے در پے نمبرات نکالنے لگے گویا کہ تانتا سا بندھ گیا۔ کتابیں بھی لکھنے اور چھپنے لگے۔ تاہم عام بیداری پیدا نہ ہوسکی۔ یہاں یہ بات بھی اچھی طرح ذہن نشین رہے کہ اعلیٰ حضرت کے نام کے ساتھ لفظ ''امام'' کا استعمال بھی سب سے پہلے علامہ نظامی صاحب نے کیا۔

سوانح اعلیٰ حضرت امام احمد رضا:

مولانا بدرالدین احمد قادری رضوی علیہ الرحمہ کی ''سوانح اعلیٰ حضرت امام احمد رضا'' جدید انداز میں ایک انوکھی اور معلوماتی کتاب ہے۔ اس سے بھی علمی طبقہ کافی متاثر ہوا اور نتیجہ مائل بہ رضویات ہوا۔

مقالات یوم رضا:

''مقالاتِ یوم رضا'' کہ جس میں مختلف اہل قلم حضرات کے مقالات و تاثرات جمع کئے گئے ہیں۔ اس اقدام کے بھی دور رس نتائج سامنے آئے۔

مقالہ الوانی:

یہاں پر ازہر یونیورسٹی قاہرہ کے پروفیسر، ڈاکٹر محی الدین الوائی (غیر مقلد) کا ذکر بھی ضروری ہے کہ جنہوں نے سب سے پہلے بشکل مقالہ، عربی میں اخباری سطح پر امام احمد رضا کا تعارف پیش کیا۔ ان کا یہ مقالہ ''صوت الشرق'' قاہرہ، شمارہ فروری 1970ء میں شائع ہوا۔

مجلس رضا، لاہور:

اس دہائی یعنی 1988ھ 1968ء میں ''مرکزی مجلس رضا، لاہور'' نے آنکھیں کھولیں اور اپنے بانی وصدر حضرت حکیم محمد موسیٰ امرتسری مرحوم کی وساطت سے ملک وملت کے ارباب علم ودانش کو فاضل بریلوی کی جانب متوجہ کیا۔ حالانکہ جس دور میں اس مجلس کا قیام عمل میں آیا وہ دور فاضل بریلوی پر کام کرنے کے لئے ہرگز سازگار نہیں تھا۔ کیونکہ مخالفین نے منظم سازش کے تحت فاضل بریلوی کے خلاف طرح طرح کی غلط افواہیں پھیلا رکھی تھیں اور علمی طبقہ ان کے بوجھ تلے دبا ہوا تھا۔ ایسے حالات میں دانشوروں کا فاضل بریلوی کی جانب متوجہ ہونا یا ان کو متوجہ کرنا کوئی آسان کام نہیں تھا۔ مگر قربان جایئے حکیم اہل سنت کی جواں مردی اور بلند ہمتی پر کہ انہوں نے نہ صرف یہ کہ فاضل بریلوی پر کتابیں شائع کرنا شروع کیں بلکہ قلم کاروں کی ایک ٹیم بھی تیاری کی اور ان میں ایسے چہرے بھی سامنے آئے جو فاضل بریلوی کے بارے میں زیادہ واقفیت نہیں رکھتے تھے یا ان کے نام ہی سے نفرت کرتے تھے۔ اور جب یہ خوش آئند حالات پیدا ہوئے اور راستہ ہموار ہو چلا تو پھر کیا تھا اشاعتی وتحقیقی ادارے وجود میں آنے لگے۔ محققین ومصنفین آگے بڑھنے لگے اور یوں نغمات رضا سے بوستاں گونج اٹھے۔

ہمارے اس بیان کو مبالغہ آرائی پر محمول نہ کیا جائے بلکہ حقیقت یہی ہے کہ اعلیٰ حضرت پر باقاعدہ کتابیں لکھنے اور چھاپنے کا آغاز مرکزی مجلس رضا، لاہور اور اس کے بانی حضرت حکیم محمد موسیٰ امرتسری علیہ الرحمہ کی تحریک وترغیب ہی سے ہوا۔ اس سے قبل چھوٹی بڑی منظوم ومنثور کل ملا کر قریب ایک درجن کتابیں ہی اعلیٰ حضرت کے تعلق سے منظر عام پر آسکی تھیں۔ ان میں بھی باضابطہ اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ کی حیات وخدمات پر صرف دو چار کتابیں ہی تھیں۔ چنانچہ علامہ محمد منشا تابش قصوری ''مجدد اسلام بریلوی'' مؤلفہ علامہ نسیم بستوی مطبوعہ رضا اکیڈمی لاہور 1998ء کے نشان منزل (ابتدائیہ) میں ''مرکزی مجلس رضا، لاہور'' کے قیام کا پس منظر بیان فرماتے ہیں:

> ''مجدد اسلام بریلوی'' سے قبل صرف ''حیات اعلیٰ حضرت'' از ملک العلماء مولانا محمد ظفر الدین بہاری رحمۃ الباری، ''سوانح اعلیٰ حضرت امام احمد رضا'' از مولانا بدر الدین احمد قادری رحمۃ اللہ علیہ یا پھر خطیب مشرق علامہ مشتاق احمد نظامی علیہ الرحمہ کے ماہ نامہ پاسبان کا ''امام احمد رضا نمبر'' ہی امام اہل سنت کی حیات طیبہ پر موجود تھا۔ ان کے علاوہ کوئی قابل ذکر کتاب موجود نہ تھی۔''

(بحوالہ ''محسن اہل سنت علامہ شرف قادری صفحہ 124)

بعدہ:

❁ نوری کتب خانہ لاہور ❁ حزب الاحناف لاہور ❁ ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی ❁ رضا اکیڈمی لاہور وغیرہ ادارہ جات اور ❁ علامہ عبدالحکیم شرف قادری ❁ ڈاکٹر محمد مسعود احمد ❁ علامہ محمد عبدالحکیم خاں اختر شاہ جہاں پوری ❁ قاضی عبدالنبی کوکب ❁ جناب مقبول احمد ضیائی قادری وغیرہم شخصیات نے رضویات کے تعلق سے اپنے سفر کا آغاز کیا۔ تفصیل کچھ اس طرح ہے:

علامہ محمد عبد الحکیم شرف قادری:

1968ء میں علامہ عبدالحکیم شرف قادری صاحب کی اعلیٰ حضرت پر پہلی کتاب ''یاد اعلیٰ حضرت'' منظر عام پر آئی۔ قادری صاحب ان چند علماء میں سے ایک ہیں کہ جنہوں نے اہل سنت، بالخصوص امام اہل سنت مجدد بریلوی پر حیرت انگیز تحقیقی و تصنیفی کام کیا ہے اور وہ یہ ہے:

عربی مطبوعہ کتب ومقالات	(13)
عربی کتب پر حواشی	(7)
عربی کتب پر مقدمات	(22)
اردو سے عربی میں تراجم	(3)
عربی سے اردو میں تراجم	(19)
عربی مقالات کے اردو تراجم مطبوعہ	(22)
مطبوعہ فارسی کتاب	(1)
فارسی کتب پر مقدمات	(5)
فارسی کتب کے اردو تراجم	(7)
فارسی کتب پر اردو حواشی	(5)
مطبوعہ اردو کتب ومقالات	(47)
رسائل میں مطبوعہ اردو مقالات ومضامین	(90) وغیرہ

یوں تو علامہ عبدالحکیم شرف قادری صاحب نے اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ پر تئیس 23 سے زائد

کتب ومقالات تحریر فرمائے ہیں۔ مثلاً:

- یاد اعلیٰ حضرت، ہری پور ہزارہ 1968ء
- سوانح سراج الفقہاء لاہور 1972ء
- اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی لاہور 1972ء
- امام احمد رضا اپنوں اور غیروں کی نظر میں لاہور 1985ء
- شیشے کے گھر، لاہور 1986ء
- اندھیرے سے اجالے تک، لاہور 1986ء

(ان ہی دونوں کتاب کا مجموعہ البریلویہ کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ ہے)

- امام احمد رضا اور رد شیعہ، کراچی 1986ء
- ترجمان قرآن امام احمد رضا بریلوی لاہور 1988ء
- امام احمد رضا پر ایک الزام کی حقیقت، لاہور 1993ء
- تقدیس الوہیت اور امام احمد رضا کراچی 1993ء
- من عقائد اہل السنہ (عربی) لاہور 1995ء
- فتاویٰ رضویہ کی انفرادی خصوصیات، لاہور 1996ء
- قرآنی تراجم کا تقابلی جائزہ

مگر ان میں اہم تر یہ دو کتابیں ہیں:

۱۔ البریلویہ کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ

۲۔ من عقائد اہل السنۃ مطبوعہ لاہور/ممبئی 1995ء

جو رسوائے زمانہ کتاب ''البریلویۃ'' کے رد میں ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ان دونوں کتابوں کے ذریعہ علامہ شرف قادری نے ''البریلویۃ'' کے بھونڈے انداز، مصنوعی اخلاق اور ناشائستہ عبارات کی قلعی کھول کر رکھ دی ہے اور اس میں کذاب مصنف نے بے بنیاد الزامات کا جو قصر شدادی تیار کیا تھا اس کی اینٹ سے اینٹ بجا کر رکھ دی ہے۔ لہذا قادری صاحب تمام برادران اہل سنت کی جانب سے شکریہ کے مستحق ہیں۔

ڈاکٹر محمد مسعود احمد:

اسی دہائی یعنی 1970ء سے ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب نے فاضل بریلوی پر مطالعہ شروع کیا اور اس شان کے ساتھ قلم اٹھایا کہ فضلائے زمانہ عش عش کر اٹھے اور ایسے ایسے راز سربستہ کھولے کہ محققین کو ورطۂ حیرت میں ڈال دیا اور وہ وہ تحقیقی مقالات منظر عام پر لانا شروع کئے کہ اپنے تو اپنے غیر بھی سوچنے اور سمجھنے پر مجبور ہو گئے اور نتیجتاً:

- امام احمد رضا کے خلاف پھیلائے ہوئے بے بنیاد الزامات کافور ہونے لگے۔
- امام احمد رضا سے دور بھاگنے والے قریب ہونے لگے۔
- امام احمد رضا کے مطالعہ سے محروم حضرات مطالعہ کرنے میں مصروف ہو گئے۔
- امام احمد رضا سے ناواقفیت و جہالت کے پردے چاک ہونے لگے۔
- امام احمد رضا پر انگریز نوازی کا اتہام لگانے والے ان کی اسلام دوستی کے قائل ہونے لگے۔ امام احمد رضا کو میلاد خواں قسم کا نیم مولوی سمجھنے والوں کو ان کی اعلیٰ علمی منزلت کا اقرار کرنا ہی پڑا۔

کہنے والے نے بجا کہا ہے:

وسعت علم نکتہ ہی دیکھ کر
دم بخود رہ گئے دشمنان رضا

- امام احمد رضا کے بارے میں جو زبانیں خارجی دباؤ کی بنیاد پر خاموش تھیں، بولنے لگیں اور جو محققین آپ پر کچھ لکھنے میں جھجک یا شرم محسوس کر رہے تھے سینہ تان کر اٹھ کھڑے ہوئے اور تحقیق کے دریا بہانے لگے۔ گویا کہ جہاں سنیت و رضویات میں باغ و بہار آ گئی اور ہر طرف رونق نظر آنے لگی۔ خود ڈاکٹر موصوف کی زبانی سنیے:

''1957ء سے راقم مسلسل لکھ رہا ہے لیکن امام احمد رضا کے سوانح اور علمی و سیاسی خدمات کی تحقیق کی طرف 1970ء میں متوجہ ہوا۔ جب دیکھا کہ ارباب علم و دانش، دانستہ یا نادانستہ اس طرف سے پہلو تہی کر رہے ہیں اور غلط فہمیوں کی برابر تشہیر کی جا رہی ہے تو شرم و ندامت کے اس بوجھ کو ہلکا کرنے کے لئے جس کے تلے ہمارے محققین و مورخین دب رہے تھے اس طرف متوجہ ہونا پڑا اور یہ فرض کفایہ ادا

کرنا پڑا۔ چنانچہ راقم نے گذشتہ بارہ برسوں میں امام احمد رضا پر تقریباً بیس مقالات پیش کئے جو شائع ہو چکے۔ علمی حلقوں نے جب حقائق وشواہد کو واشگاف ہوتے دیکھا تو رفتہ رفتہ اس طرف متوجہ ہوئے اور علم ودانش کی وہ محفل جہاں ہر شخص دم بخود نظر آتا تھا اب وہاں سے بولنے لگے اور ایک عجیب رونق ہوگئی۔''

(''تنقیدات وتعاقبات'' صفحہ 17 مکتوبہ 1983 ، مطبوعہ صدیقی اینڈ کمپنی دہلی 1418ھ 1998ء)

یہ تو 1983ء کا بیان ہے ورنہ اب تک فاضل بریلوی پر مسعود ملت کے تقریباً تیس مقالات شائع ہو چکے ہیں اور سب کے سب شائستہ بیان اور اعلیٰ تحقیقات پر مشتمل ہیں۔ ان کا طریقہ تحقیق کیا ہے؟ اس کا اندازہ حسب ذیل عبارت سے لگایا جا سکتا ہے:

''احقر کے ایک کرم فرما مولانا اسد نظامی (جہانیاں منڈی، ملتان) نے مولانا بریلوی کے بعض موافق ومخالف علماء وفضلاء کے تاثرات، قدیم اخبارات ورسائل سے جمع کئے ہیں۔ موصوف نے یہ تاثرات مع حوالہ جات ارسال فرمائے ہیں، لیکن چونکہ راقم نے ان کے تاثرات کا اصل ماخذ سے تقابل نہیں کیا۔ اس لئے نہ ان کی تصدیق کی جا سکتی ہے نہ تکذیب۔''

(''حیات مولانا احمد رضا خاں بریلوی'' صفحہ 238 مطبوعہ ادارہ تحقیقات امام احمد رضا ممبئی 1410ھ)

یہی وجہ ہے کہ ڈاکٹر صاحب موصوف کی فاضل بریلوی پر تحقیقات وتحریرات، رضویات پر کام کرنے والوں کے لئے سند کا درجہ رکھتی ہیں اور وہ بجا طور پر اس بات کے مستحق ہیں کہ انہیں ''ماہر رضویات'' کہا جائے۔

اس سلسلہ میں ڈاکٹر صاحب موصوف کا ایک قابل ذکر کارنامہ یہ بھی ہے کہ انہوں نے امام احمد رضا کے محیر العقول علمی قدوقامت کا نقشہ صرف دیار خویش تک ہی محدود نہیں رکھا بلکہ اس نقشہ کو دیار غیر تک پہنچانے کی بھی کامیاب کوشش کی۔ اور جب یہ نقشہ وہاں تک پہنچا تو ان کی حیرت کی انتہا نہ رہی کہ وہ علم جس نے برائے تعلیم اپنے گھر کی چہار دیواری سے باہر قدم نہ رکھا ہو، وہ اتنے سارے مشکل علوم عقلیہ میں کیونکر ماہر ہو گیا اور اس پر طرفہ تماشا یہ کہ ہم آج تک اس سے غافل رہے، کسی نے بتایا ہی نہیں کہ مشرق میں ایک ایسا ماہر فن گزرا ہے کہ جس کی تحقیقات مغرب کے لئے رہنمائی کا کام دے سکتی ہیں۔

ہم مشکور ہیں ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب کے کہ جنہوں نے مخفی حقائق سے پردہ اٹھایا اور ہمیں عالم اسلام کے ایک ''عبقری'' سے روشناس کرایا۔ اسی موقع کے لئے راقم نے عرض کیا ہے:

رنگ، مسعود لائیں تری کاوشیں
آج مغرب بھی ہے مدح خوانِ رضا

اس رخ سے دیکھا جائے تو کہنا پڑتا ہے کہ فاضل بریلوی ''محسن سنیت'' تھے اور یہ ڈاکٹر محمد مسعود احمد ''محسن رضویت'' ہیں۔ خدائے بزرگ و برتر ان کے درجات بلند فرمائے۔

1971ء سے 1980ء تک کا تجزیہ و تفصیل:

اس دہائی میں نئے قلم کار اور اسکالرز بھی سامنے آئے اور سابقین نے بھی اپنا سفر جاری رکھا۔ کئی نئے تحقیقی و اشاعتی ادارے بھی وجود میں آئے اور سابقہ اداروں نے بھی اپنی سرگرمیاں جاری رکھیں بلکہ تیز تر کر دیں۔ خلاصہ یہ ہے کہ گذشتہ دہائی میں فاضل بریلوی پر تحقیق کرنے، کتابیں لکھنے اور چھاپنے کی جو تحریک اٹھی تھی اس کے گہرے اثرات اس دہائی میں پائے جاتے ہیں۔ مثلاً:

علامہ محمد عبد الحکیم خاں اختر شاھجھانپوری علیہ الرحمہ:

اوائل 1971ء میں علامہ محمد عبد الحکیم خاں اختر شاہجہانپوری (متوفی 14 نومبر 93ء) اپنا برق رفتار قلم لیکر اٹھے اور کچھ ہی عرصہ میں امام احمد رضا علیہ الرحمہ پر دسیوں ہزار صفحات لکھنے میں کامیاب ہوگئے۔ اس کے ثبوت میں ان کی مندرجہ ذیل کتب پیش کی جاسکتی ہیں:

۱۔ اعلیٰ حضرت کا فقہی مقام — مطبوعہ لاہور 1971ء

۲۔ معارف رضا (رضوی انسائکلو پیڈیا 1392ھ 1972ء) جلد اول، صفحات ایک ہزار

۳۔ معارف رضا — جلد دوم، صفحات ایک ہزار

۴۔ معارف رضا — جلد سوم، صفحات ایک ہزار

۵۔ معارف رضا — جلد چہارم، صفحات ایک ہزار

۶۔ اعلیٰ حضرت کی تاریخ گوئی — مطبوعہ لاہور 1986ء

۷۔ سیرت امام احمد رضا — مطبوعہ لاہور 1988ء

۸۔ خصائص کنز الایمان — مطبوعہ لاہور 1988ء

۹۔امام احمد رضا کا معتدل مسلک　　　صفحات دو سو

۱۰۔امام احمد رضا اور مسئلہ بدعت　　　صفحات دو سو

۱۱۔امام احمد رضا اور شرک فروش ٹولہ　　　صفحات دو سو پچاس

۱۲۔چودھویں صدی کا مجدد کون تھا؟

۱۳۔شان احمد رضا

۱۴۔بلبل باغ جناں

۱۵۔اعلیٰ حضرت کا امام نعت گویاں ہونا

۱۶۔امام احمد رضا کس کے ایجنٹ تھے؟　　　صفحات دو سو

۱۷۔امام احمد رضا کی انفرادیت

۱۸۔مسلک احمد رضا فتاویٰ رضویہ کی روشنی میں

۱۹۔واصف شاہ ھدیٰ

۲۰۔امام احمد رضا کی نعت گوئی میں انفرادیت

نوٹ:۔علامہ شاہجہانپوری کی اول الذکر کتاب اگر 1970ء کی تصنیف ہے تو پھر آپ کا ذکر گذشتہ دہائی میں ہونا چاہئے تھا۔

جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور:

اس جامعہ میں درس وتدریس کے علاوہ کئی اہم کام ہوئے ہیں۔مثلاً:

مکتبۂ قادریہ:

1974ء کی ابتدا میں اس جامعہ میں "مکتبۂ قادریہ" کے نام سے ایک اشاعتی ادارہ قائم ہوا۔یہ ادارہ مولانا محمد عبدالحکیم شرف قادری نے علامہ مفتی عبدالقیوم ہزاروی،مولانا محمد منشا تابش قصوری اور مولانا محمد جعفر قادری ضیائی کے تعاون سے قائم فرمایا اور علامہ شرف قادری صاحب ہی اس کے ناظم تھے۔خلوص بہر حال رنگ لاتا ہے۔یہ ادارہ کہ جس نے دو سو روپے سے اپنا کام شروع کیا تھا اب تک مختلف موضوعات پر درسی و اسلامی کتب کا قابل قدر ذخیرہ شائع کر چکا ہے۔والحمد للہ علی ذالک۔اعلیٰ حضرت محدث بریلوی پر بھی اس ادارہ نے کئی کتابیں شائع کی ہیں۔اب یہ مکتبہ گنج بخش روڈ پر واقع ہے۔

شعبہ تحقیق و تصنیف:

اس جامعہ میں شعبہ تحقیق و تصنیف بھی قائم ہے جس کے ناظم مولانا تابش قصوری ہیں۔ مولانا موصوف نہایت فعال اور متحرک عالم و فاضل ہیں۔ انہوں نے اہل سنت و امام اہل سنت پر قابل ذکر کام کیا ہے۔ اور ان کا ایک قابل تقلید کام یہ ہے کہ وہ ملک و بیرون ملک رضویات پر کام کرنے والوں کی علمی اعانت بھی فرماتے رہتے ہیں۔

تنظیم المدارس:

اس جامعہ میں طلبار کو مقالہ نویسی کی تربیت بھی دی جاتی ہے۔ خصوصاً تنظیم المدارس کے امتحانات درجہ کا مقالہ لکھنے کے لئے اساتذہ طلبار کی رہنمائی کرتے ہیں۔ ایک سال اس امتحان میں جامعہ کے مندرجہ ذیل طلبار نے اعلیٰ حضرت پر مقالات پیش کیے:

❁ مولانا خادم حسین رضوی ❁ مولانا خالد حسین نوشاہی ❁ مولانا شوکت علی قادری ❁ مولانا غلام مصطفیٰ بخاری ❁ مولانا سید غلام مہر علی ❁ مولانا عبدالعزیز عبادل نگری ❁ مولانا ممتاز احمد سدیدی ❁ مولانا نذیر احمد سعیدی ❁ مولانا سردار احمد حسن سعیدی وغیرہم۔

رضا فاونڈیشن: لاہور

مارچ 1988ء کے بعد اس جامعہ میں "رضا فاؤنڈیشن" کے نام سے ایک تحقیقی و اشاعتی ادارہ قائم ہوا۔ اس ادارہ نے فتاویٰ رضویہ کو جدید انداز میں ترجمہ و تخریج کے ساتھ شائع کرنا شروع کیا۔ اس کام میں مولانا اظہار راشد ہزاروی، مولانا ظفر خاں، مولانا محمد عمر ہزاروی، مولانا محمد یٰسین اور مولانا محمد عبدالستار سعیدی وغیرہم حضرات نے حصہ لیا۔ یاد رہے یہ سب شعبہ جات حضرت علامہ مفتی عبدالقیوم ہزاروی کے زیر سرپرستی و نگرانی چل رہے تھے۔

المجمع الاسلامی مبارکپور:

1396ھ 1976ء میں ادارہ المجمع الاسلامی کا قیام عمل میں آیا۔ 1404ھ 1984ء تک اس ادارے نے چالیس سے زیادہ علمی و دینی کتابیں پیش کی تھیں۔ اب تو اس کی مطبوعات کی تعداد سو کے قریب ہوگئی ہوگی۔ جن میں اعلیٰ حضرت کی تصنیفات بھی ہیں اور ان پر تحریر کردہ کتابیں بھی۔ اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ کی ایک نہایت قابل قدر کتاب "جد الممتار علی رد المحتار" اسی کے زیر اہتمام چھپی ہے۔ اعلیٰ

حضرت کے تعلق سے مندرجہ ذیل کتابیں بھی اسی ادارہ کی جانب سے چھپی ہیں:

- امام احمد رضا ارباب علم ودانش کی نظر میں: مولانا یٰسین اختر مصباحی 1394ھ 1977ء
- ارشادات اعلیٰ حضرت اول: مولانا محمد عبدالمبین نعمانی قادری 1398ھ 1998ء
- امام احمد رضا اور تصوف، مولانا محمد احمد اعظمی مصباحی 1985ء
- امام احمد رضا اور رد بدعات ومنکرات: مولانا یٰسین اختر مصباحی 988ء

''مرکزی مجلس رضا'' لاہور کی طرح اس ادارہ نے بھی تصنیف وتالیف اور نشر واشاعت کا محاذ اس وقت سنبھالا جبکہ اہل سنت اس میدان میں خال خال نظر آرہے تھے۔

قابل صد ستائش ہیں:

- مولانا افتخار احمد قادری - مولانا محمد احمد اعظمی مصباحی - مولانا عبد المبین نعمانی قادری - اور مولانا یٰسین اختر مصباحی وارا کین ادارہ کہ جنہوں نے بروقت بیدار ہوکر اپنی مہم کا آغاز فرمایا اور دوسروں کو بھی اس جانب راغب کیا۔ تصنیف واشاعت کتب، ترجمہ نویسی، دیگر مصنفین کی کتابوں کی تصحیح، نئے قلم کاروں کی حوصلہ افزائی وتائید، طلبا کو مضمون نگاری کی تربیت، رسائل اعلیٰ حضرت کی جدید ترتیب وتسمیہ، درس وتدریس، علمی جلسوں، سیمناروں کی سرپرستی، تنظیم سازی اور صحافت وغیرہ ہر علمی میدان میں یہ حضرات پیش نظر آتے ہیں۔ بلا شبہ ان حضرات نے تصنیفی واشاعتی دنیا میں اہل سنت کے لئے روح کا کام کیا ہے۔

امام احمد رضا نمبر، المیزان، بمبئی:

اس دہائی میں ''مرکزی مجلس رضا'' لاہور سے متاثر ہوکر بھارت میں بمبئی کی سرزمین پر ''مجلس رضا'' کا قیام عمل میں آیا۔ اس مجلس کے زیر اہتمام وانصرام 1396ھ 1976ء میں ماہ نامہ ''المیزان'' نے اعلیٰ حضرت پر ایک تاریخی ساز، انقلاب آفریں نمبر شائع کیا۔ بھارت میں فاضل بریلوی کے تعلق سے سب سے زیادہ اہم تحریری کام ہوا ہے کہ جس نے ارباب علم ودانش کو اپنی جانب متوجہ کیا۔

چونکہ یہ نمبر اپنے مقالات ومضامین کے لحاظ سے نہایت عمدہ اور شائستہ تھا اور قلم کاروں میں ملک وملت کی نہایت بھاری بھرکم شخصیتیں تھیں، اس لیے اس نمبر کو کافی شہرت ومقبولیت حاصل ہوئی۔ اس کی مقبولیت کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ یہ نمبر دوسرے سال یعنی 1977ء میں دوبارہ مع

اضافہ "انوار رضا" کے نام سے لاہور سے شائع ہوا۔ اور تیسری بار ماہنامہ قاری دہلی نے اپریل 1989ء میں شائع کیا اور اس کے کئی مقالوں کو مختلف مکتبوں نے کتابی صورت میں بھی شائع کیا۔

یہاں حضرت مولانا سید جیلانی میاں کا تذکرہ بھی ضروری ہے کہ اس نمبر پر ان کا دل چھو لینے والا اداریہ خاص طور پر چرچا کا موضوع بنا اور اس نے پورے برصغیر میں دھوم مچا کر رکھ دی۔ اس طرح پھر ایک بار رضویات پر کام کرنے کی زوردار تحریک پیدا ہوئی۔ جزاء اللہ تعالیٰ خیرا الجزا۔

علامہ یٰسین اختر مصباحی:

اسی دہائی یعنی 1397ھ 1977ء میں علامہ یٰسین اختر مصباحی نے مختلف ارباب علم و دانش کے تاثرات کا مجموعہ بنام "امام احمد رضا ارباب علم و دانش کی نظر میں" المجمع الاسلامی مبارکپور سے شائع فرمایا۔ ماہ نامہ "المیزان" بمبئی کے "امام احمد رضا نمبر" کے بعد بھارت سے شائع ہونے والا یہ دوسرا اہم مجموعہ ہے۔ جس نے علمی طبقہ کو کافی متاثر کیا۔ 1415ھ 1995ء تک اس کے پانچ ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ اس سے اس کی بے پناہ مقبولیت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ فاضل موصوف نے اس کے علاوہ امام احمد رضا پر اور بھی کئی کتابیں تحریر فرمائی ہیں۔ فہرست میں ملاحظہ فرمائیں۔

رضا اکیڈمی ممبئی:

1978ء میں بمبئی میں "رضا اکیڈمی" کا قیام عمل میں آیا۔ اس کے بانی الحاج محمد سعید نوری ہیں اور وہی اس کے روح رواں ہیں۔ یہ انجمن بھارت میں غیر تجارتی انجمنوں میں سب سے زیادہ مضبوط اور فعال انجمن ہے۔ اس کی عظیم کارکردگی اور خدمات عالیہ کی ایک طویل فہرست ہے۔ اشاعت کتب میں اس انجمن نے خاص طور سے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور یہی دراصل اس کا مقصد قیام بھی ہے۔ بحمد للہ (2000ء) تک رضا اکیڈمی کی جانب سے دو سو ساٹھ (260) سے زاید کتابیں شائع ہوئی تھیں ان دس سالوں میں اس کی تعداد اشاعت کتب تقریباً ۶ سو ہے۔ جن میں دو سو سے زائد اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ کی کتب و رسائل ہیں۔ اعلیٰ حضرت کے تعلق سے بھی اس انجمن نے کئی کتابیں شائع کی ہیں۔ گذشتہ کئی برسوں سے عرس رضوی کے موقع پر سالنامہ "یادگار رضا" برابر شائع کر رہی ہے۔

ادارۂ تحقیقات امام احمد رضا، کراچی:

کراچی، پاکستان کا مشہور "ادارۂ تحقیقات امام احمد رضا" جس نے امام احمد رضا علیہ الرحمہ پر

کثیر تعداد میں اردو، عربی اور انگریزی زبانوں میں لٹریچر شائع کر کے دنیا بھر میں پھیلایا اور برابر پھیلا رہا ہے۔ اسی دہائی یعنی 1980ء کی پیداوار ہے۔ بحمد للہ اس ادارہ نے بہ نسبت دیگر ان اداروں کے کئی اہم اور منفرد کام کئے ہیں۔ مثلاً

۱۔ نادر مخطوطات رضا کا محققین و مصنفین کو فراہم کرنا۔

۲۔ رضویات پر ریسرچ کرنے والوں کی علمی مدد کرنا۔

۳۔ ملک کے دانشور، سیاست داں طبقے کو امام احمد رضا کی جانب متوجہ کرنا اور ان سے تاثرات پیش کرانا۔

۴۔ امام احمد رضا پر سالانہ خصوصی نمبرات شائع کرنا اور بین الاقوامی کانفرنس کا انعقاد کرنا۔

رضا اکیڈمی ، لاهور:

اس اکیڈمی کے ناظم محمد مقبول احمد ضیائی قادری ہیں۔ رضا اکیڈمی، لاہور 1994ء تک سو 100 سے زائد کتابیں شائع کر چکی تھی، بعد کی تعداد قابل تحقیق ہے۔ اس کی مطبوعات اکثر کتب رضویات سے متعلق ہیں۔ اکیڈمی کی تاریخ قیام کا علم نہ ہو سکا۔

سنی رضوی سوسائٹی ، افریقه:

''ادارہ تحقیقات امام احمد رضا'' کراچی کے تعاون سے ''سنی رضوی سوسائٹی انٹرنیشنل'' ڈربن افریقہ نے کی جس کے بانی علامہ محمد ابراہیم خوشتر صدیقی رضوی ہیں، نے اعلیٰ حضرت پر انگریزی لٹریچر شائع کر کے افریقہ، انگلستان، فرانس بلکہ تمام یورپ میں پھیلانا شروع کیا اور اعلیٰ حضرت کے پیغام کو عالم گیر بنایا۔

رضا اکیڈمی ، برطانیه:

مزید برآں ''رضا اکیڈمی'' اسٹار کپورٹ، برطانیہ کے بانی حاجی محمد الیاس قادری نے اپنے انگریزی رسالہ ''اسلامک ٹائمز'' کے ذریعہ اہل سنت اور امام اہل سنت علیہ الرحمہ کے پیغام کو مغربی ممالک کے انگریزی داں عوام تک پھیلایا۔ اس کے علاوہ رضا اکیڈمی، برطانیہ نے اعلیٰ حضرت و دیگر علمار کی تصانیف کے انگریزی تراجم شائع کر کے اکناف عالم میں رضویات کو پھیلانے میں اہم کردار ادا کیا۔

1970ء سے 1980ء تک اعلیٰ حضرت پر شائع ہونے والی یا تحریر ہونے والی اکثر کتابوں کی فہرست:

1971ء میں

- اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی: علامہ عبدالحکیم شرف قادری
- پیغامات یوم رضا: محمد مقبول احمد قادری
- تحقیقات (اول): مفتی شرف الحق امجدی
- سوانح سراج الفقہاء: علامہ عبدالحکیم شرف قادری
- معارف رضا جلد اول: علامہ عبدالحکیم اختر شاہ جہانپوری
- معارف رضا، جلد دوم: علامہ عبدالحکیم اختر شاہ جہانپوری
- معارف رضا، جلد سوم: علامہ عبدالحکیم اختر شاہ جہانپوری
- معارف رضا، جلد چہارم، علامہ عبدالحکیم اختر شاہ جہانپوری
- مولانا احمد رضا بریلوی کی نعت گوئی، پروفیسر شبیر احمد قادری

1973ء میں:

1974ء میں:

- محاسن کنز الایمان: ملک شیر محمد خان اعوان

1975ء میں:

- احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ: الحاج وصیت باب خان
- اعلیٰ حضرت کی علمی وادبی خدمات: حکیم محمد ادریس خان
- اعلیٰ حضرت کی نعتیہ شاعری پر ایک نظر: سید نور محمد قادری
- تذکرۂ رضا: مولانا محمد احمد مصباحی
- حافظ ملت اعلیٰ حضرت (نمبر): استقامت کانپور مولانا ظہیر الدین قادری
- حضرت مولانا احمد رضا خاں نمبر، روز نامہ ''سعادت'' لاہور
- رضا نمبر، پندرہ روزہ ''الحسن'' پشاور
- سیرت امام احمد رضا: علامہ عبدالحکیم اختر شاہ جہانپوری
- فاضل بریلوی کا فقہی مقام: علامہ غلام رسول سعیدی

1976ء میں:

- اعلیٰ حضرت امام احمد رضا (بریلوی): مقبول جہانگیر
- اعلیٰ حضرت کے نعتیہ کلام کا تحقیقی اور ادبی جائزہ: علامہ شمس بریلوی
- امام احمد رضا نمبر: ماہ نامہ "المیزان"، بمبئی: علامہ سید جیلانی اشرفی کچھوچھوی
- عاشق رسول: ڈاکٹر محمد مسعود احمد
- وثائق بخشش اول: مفتی غلام یٰسین راز امجدی اعظمی

1977ء میں:

- اعلیٰ حضرت: ڈاکٹر عبدالحکیم عزیزی
- اقبال وامام احمد رضا: راجا رشید محمود
- امام احمد رضا ارباب علم ودانش کی نظر میں: مولانا یٰسین اختر مصباحی
- امام احمد رضا اکابرین کی نظر میں: مولانا محمد جلال الدین
- امام نعت گویاں: مولانا اختر الحامدی الرضوی
- انوار رضا:
- تاریخ نعت گوئی میں حضرت رضا بریلوی کا منصب: شاعر لکھنوی
- تذکرۂ خلفائے اعلیٰ حضرت: محمد صادق قصوری، پروفیسر مجید اللہ قادری
- خیابان رضا (دو جلدیں): محمد مرید احمد چشتی
- رضا بریلوی: ڈاکٹر محمد مسعود احمد
- فاضل بریلوی کے معاشی نکات: پروفیسر محمد رفیع اللہ صدیقی

1978ء میں:

- ارشاداتِ اعلیٰ حضرت: مولانا محمد عبدالمبین نعمانی قادری
- اعلیٰ حضرت امام احمد رضا (ترجمہ سندھی): عبدالمصطفیٰ گلزار حسین قادری
- اعلیٰ حضرت امام احمد رضا: ابوالمنصور حافظ محمد انور قادری
- اکرام امام احمد رضا (1398ھ 1978ء): مفتی محمد برہان الحق جبل پوری
- امام احمد رضا اور علم حدیث: علامہ محمد فیض احمد اویسی

- امام شعر وادب: مولانا وارث جمال قادری
- حیات فاضل بریلوی: ڈاکٹر محمد مسعود احمد مظہری
- ضیائے کنز الایمان: مولانا غلام رسول سعیدی
- عبقری الشرق: ڈاکٹر محمد مسعود احمد

1979ء میں:

- انجمن خدام اعلیٰ حضرت کا مختصر تعارف: راجہ ارشد محمود چشتی
- حیات امام اہل سنت: ڈاکٹر محمد مسعود احمد
- حیات طیبہ: ڈاکٹر سید محمد حامد علی قادری
- فقیہہ اسلام (مقالہ ڈاکٹریٹ 79ء): ڈاکٹر حسن رضا خان، پٹنہ سٹی
- مجدد الامۃ: مفتی پروفیسر سید شجاعت علی قادری
- مجدد ملت: غلام مصطفیٰ مصطفوی
- مولانا احمد رضا خان بحیثیت سیاست داں: ڈاکٹر محمد مسعود احمد
- مولانا احمد رضا خاں بریلوی: ڈاکٹر محمد مسعود احمد

1980ء میں:

- امام احمد رضا اور علم حدیث: علامہ محمد فیض احمد اویسی
- تجلیات امام احمد رضا: قاری محمد امانت رسول نوری
- علوم جدیدہ وقدیمہ اور امام احمد رضا: ڈاکٹر محمد مسعود احمد
- گناہ بے گناہی: ڈاکٹر محمد مسعود احمد

1981ء سے 1990ء تک، حضرت فاضل بریلوی علیہ الرحمہ پر جو تحقیقی و تصنیفی کام ہوا وہ گذشتہ تمام ادوار پر بھاری ہے بلکہ اس سے کئی گنا بڑھ کر ہے۔ الحمد للہ یہی وہ قابل ذکر دور ہے کہ جس نے اہل سنت و جماعت کا سر فخر سے اونچا کر دیا۔ ورنہ ہم دنیا کے سامنے بڑے شرمندہ تھے۔ شرمندگی کی بات بھی تھی کہ ہم اپنے امام، امام احمد رضا کی بارگاہ میں ان کے پردہ فرمانے کے انسٹھ برس بعد بھی یعنی 1961ء سے 1980ء تک کم وبیش اسی 80 کتابیں ہی پیش کر سکے تھے۔ ان میں بھی قریب

35 کتابیں 1975ء کے بعد کی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ سنی ارباب علم ودانش شرمندہ بھی تھے اور انہیں اس کمی کا بے پناہ افسوس بھی تھا۔ ادھر دوسری جانب مخالفین میدان خالی دیکھ کر مکروہ پروپیگنڈے کے ذریعہ امام احمد رضا علیہ الرحمہ کو بدنام کرنے میں جٹے ہوئے تھے۔ بلکہ وہ یہ گمان کر بیٹھے تھے کہ ہم نے تو انہیں زیرزمین پہنچا ہی دیا، اب کون ان کا نام لیگا اور کون ان پر کام کرے گا؟ اس بات پر یہ لوگ بے حد خوش تھے، اپنی نجی مجلسوں میں ہنستے تھے اور قہقہے لگاتے تھے مگر اس بات کو قطعاً بھول گئے تھے کہ:

بے نشانوں کا نشان مٹتا نہیں ❁ مٹتے مٹتے نام ہو ہی جائے گا

غلط پروپگنڈے کے ذریعہ وقتی طور پر فائدہ حاصل کیا جاسکتا ہے ہمیشہ کے لئے نہیں۔ صداقت کا آئینہ جب سامنے آتا ہے تو اچھا برا سب دیکھ لیا جاتا ہے۔ یا یوں کہئے کہ جب تحقیق وتلاش کا سورج طلوع ہوتا ہے تو اس کی روشنی میں کون نیک ہے اور کون بد؟ سب کچھ نظر آنے لگتا ہے۔ خدا بھلا کرے حکیم اہل سنت حکیم محمد موسیٰ امرتسری، مسعود ملت ڈاکٹر محمد مسعود احمد اور علامہ محمد عبدالحکیم خاں اختر شاہجہانپوری جیسے مخلصین و محبین کا کہ انہوں نے وقت کی اس نزاکت کو محسوس کیا اور یہ کہہ کر میدان عمل میں کود پڑے۔

کوئی کہہ دے یہ اندھیروں سے سنبھل کر پھیلیں

ہم نئے عزم سے بنیاد سحر رکھتے ہیں

اور مسلسل امام احمد رضا پر کام کرنا اور کرانا شروع کر دیا۔ یہ دیکھ کر دیگر مصنفین و محققین بھی امام احمد رضا کی جانب متوجہ ہونے لگے۔ ناشرین اپنی سی کوشش کرنے لگے۔ مدرسوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں بھی کام شروع ہو گیا۔ الغرض بتدریج کام آگے ہی بڑھتا رہا۔ سرگرمیاں تیز سے تیز تر ہوتی رہیں۔ جیسا کہ ہم نے پہلے بیان کیا۔ یہاں تک کہ جب ہم نویں دہائی میں قدم رکھتے ہیں تو جہان رضا کا عالم ہی نرالا نظر آتا ہے:

❁ یہی وہ دہائی ہے کہ جس میں ذکر رضا کو مٹانے کا خواب دیکھنے والوں کو سخت مایوسی ہوئی اور گہرا جھٹکا لگا اور ان کا بنا بنایا سارا کا سارا کھیل بگڑ کر رہ گیا۔

❁ یہی وہ دہائی ہے کہ جس میں اعلیٰ حضرت پر ریسرچ کرنے والے، کتابیں لکھنے اور چھاپنے والے بکثرت پیدا ہوئے۔

❁ یہی وہ دہائی ہے کہ جس نے اپنے پیچھے اعلیٰ حضرت پر کام کرنے والوں کا عظیم لشکر اور ان پر لکھی

ہوئی کتابوں کا بڑا ذخیرہ چھوڑا ہے ﷺ چنانچہ سید صابر حسین شاہ بخاری صاحب لکھتے ہیں:

"ﷺ اب تو اللہ تعالیٰ جل جلالہ کے فضل و کرم سے اعلیٰ حضرت قدس سرہ پر کام کی رفتار پورے عروج پر ہے۔ ملک و بیرون ملک محققین برابر متوجہ ہو رہے ہیں۔ ایک اندازے کے مطابق دنیا بھر کی 32 سے زائد یونیورسٹیوں میں کام ہو رہا ہے۔ کئی اسکالرز پی ایچ ڈی کر چکے ہیں۔ تحقیقی کام کے علاوہ اعلیٰ حضرت قدس سرہ کی حیات و افکار پر اب تک ایک ہزار سے زائد مقالات و مضامین، اخبارات و رسائل کی زینت بن چکے ہیں۔ 1983ء تک تقریباً ڈیڑھ سو سے زائد مقالات و مضامین علیحدہ کتابی صورت میں منصۂ شہود پر آ چکے تھے۔ اور اب تو آپ پر لکھی ہوئی کتابوں کی تعداد ہزار سے بھی تجاوز کر چکی ہوگی۔"

(ماہ نامہ "القول السدید" لاہور جلد ا، شمارہ 12، صفر 1412ھ ستمبر 1991ء، صفحہ 254,255)

1990ء تک اعلیٰ حضرت پر لکھی ہوئی کتابوں کی صحیح تعداد کیا ہے؟ اس بارے میں کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ اس لیے ہم سید صاحب کے بیان کی تصدیق نہیں کر سکتے، ہاں ایسا ممکن ضرور ہے اس لئے اس کی تکذیب بھی نہیں کی جا سکتی۔

"معارف رضا" کراچی:

۱۵۱	//	//	//	۹/۴۵	ستمبر ۲۰۰۵ء	۲۱-۲۸
۱۵۲	//	//	//	۱۰/۴۵-۱۱	اکتوبر-دسمبر ۲۰۰۵ء	۱۹-۲۷
۱۵۳	محمد احمد رضا	امام احمد رضا اور احترام سادات	افکار رضا/ممبئی	۳۴/۹	اکتوبر-دسمبر ۲۰۰۳ء	

نمبر	مصنف	عنوان	رسالہ/مقام	جلد/شمارہ	تاریخ	صفحات
۱۵۴	محمد احمد مصباحی، علامہ	امام احمد رضا کا تقویٰ	〃	۲۵/۷	جولائی-ستمبر ۲۰۰۱ء	
۱۵۵	محمد اختر حسین قادری	امام احمد رضا اور پانی کی ماہیت	کنز الایمان/دہلی	۹/۳	جولائی ۲۰۰۱ء	۳۷-۳۱
۱۵۶	محمد اختر رضا خان قادری ازہری، مفتی علامہ	امام اہل سنت اعلیٰ حضرت کی سرکار خواجہ غریب نواز سے والہانہ عقیدت	سنی دنیا/بریلی	۵/۲۱	اگست ۲۰۰۵ء	۱۹-۱۷
۱۵۷	〃	〃	نور مصطفیٰ/پٹنہ	۱/۱۸	اگست ۲۰۰۵ء	۱۹-۱۸
۱۵۸	محمد ادریس رضوی	امام احمد رضا کی طنزیہ نگاری میں اصلاح عقائد	سنی دنیا/بریلی	۵/۱۸	جولائی، اگست ۲۰۰۲ء	۲۶-۱۸
۱۵۹	〃	فاضل بریلوی کی نثر نگاری میں اصلاح معاشرہ	〃	۳/۲۱	مارچ، اپریل ۲۰۰۵ء	۳۲-۲۴
۱۶۰	محمد اسلم رضا قادری، مولانا	امام احمد رضا اور دیوبندی کے گندے عقائد	〃	۳-۲/۱۷	فروری، مارچ ۲۰۰۱ء	۳۷-۳۴
۱۶۱	محمد اعجاز حسین رضوی، مفتی	اعلیٰ حضرت حقائق کی روشنی میں	رفاقت/پٹنہ	۲/۳	اپریل-جون ۲۰۰۴ء	۱۲۴-۱۲۳
۱۶۲	محمد اعظم سعید	امام احمد رضا اور علوم طبعیات	کنز الایمان/دہلی	۹/۶	جولائی ۲۰۰۳ء	۵۰-۴۸
۱۶۳	محمد افروز قادری چڑیاکوٹی	امام احمد رضا کے مشہور زمانہ اشعار	〃	۵/۸	مئی ۲۰۰۵ء	۲۰-۱۹
۱۶۴	〃	علم تجوید اور امام احمد رضا	افکار رضا/ممبئی	۳۹/۱۱	جنوری ۲۰۰۵ء	۳۴-۲۶
۱۶۵	محمد ایوب مظہر رضوی، مفتی	اسماعیل دہلوی کی تکفیر اور اعلیٰ حضرت	سنی دنیا/بریلی	۳-۲/۱۷	فروری، مارچ ۲۰۰۱ء	۲۶-۱۴
۱۶۶	محمد بدر الدین فریدی	امام احمد رضا کی مکتوب نگاری	رفاقت/پٹنہ	۳/۳	جولائی-ستمبر ۲۰۰۴ء	۴۰-۳۷
۱۶۷	محمد بشار محمد امین /مترجم: انیس عالم سیوانی	امام احمد رضا حنفی قادری بریلوی	کنز الایمان/دہلی	۱۲/۵	اکتوبر ۲۰۰۲ء	۳۰-۲۹

نمبر	مصنف	عنوان	رسالہ/مقام	جلد/شمارہ	تاریخ	صفحات
۱۶۸	محمد پرویز نوری صدیقی، ڈاکٹر	امام احمد رضا اور محبت سادات	اعلیٰ حضرت/بریلی	۴۳/۳-۴	مارچ/مئی ۲۰۰۳ء	
۱۶۹	محمد حسن علی بریلوی، علامہ	اعلیٰ حضرت کی بارگاہ رسالت میں مقبولیت و مسلک اہل سنت کی حقانیت وصداقت و اکابر کی نظر میں محبوبیت	اعلیٰ حضرت/بریلی	۴۵/۶-۷	جون، جولائی ۲۰۰۵ء	۳۶-۵۷
۱۷۰	محمد حسین مشاہد رضوی	امام احمد رضا کے ابتدائی چند کتابوں کے استاد مولانا غلام عبدالقادر بیگ کون؟	افکار رضا/ممبئی	۲۳/۷	جنوری-مارچ ۲۰۰۱ء	
۱۷۱	محمد ذیشان احمد، مولانا	کنز الایمان کا ادبی و لسانی جائزہ	جام نور/دہلی	۷/۱	مئی ۲۰۰۳ء	۴۹-۵۴
۱۷۲	محمد رضا عبدالرشید	قلم اور کلام کی عظمت: کلام رضا کی روشنی میں	افکار رضا/ممبئی	۴۲/۱۱	اکتوبر ۲۰۰۵ء	۷۷-۷۹
۱۷۳	محمد سراج الدین شریفی	شرح سلام رضا ایک جائزہ: شارح مفتی محمد خاں قادری	〃	۲۳/۷	جنوری-مارچ ۲۰۰۱ء	
۱۷۴	محمد سلیم اللہ جندراں	امام احمد رضا کے نظریہ کی تعلیم کی چیدہ چیدہ خصوصیات	〃	۲۹/۸	جنوری-جون ۲۰۰۲ء	
۱۷۵	محمد شاہد القادری	امام احمد رضا اور تحریک خلافت	کنز الایمان/دہلی	۳/۶	جنوری ۲۰۰۳ء	۳۷-۴۰
۱۷۶	〃	امام احمد رضا اور تحریک ندوہ	〃	۶/۵	اپریل ۲۰۰۲ء	۳۹-۴۲
۱۷۷	محمد شبیر عالم، مولانا	امام احمد رضا کی شاعری	اعلیٰ حضرت/بریلی	۴۳/۱۱-۱۲	نومبر، دسمبر ۲۰۰۳ء	
۱۷۸	محمد شرافت حسین رضوی	امام احمد رضا پر مقالہ ہذا اکثریت	کنز الایمان/دہلی	۵/۸	مئی ۲۰۰۵ء	

نمبر	مصنف	عنوان	رسالہ	جلد/شمارہ	تاریخ	صفحات
۱۷۹	محمد شریف رضا عطاری، مولانا	رسالہ مبارکہ الادلۃ الطاعنۃ فی اذان الملاعنۃ (رافضیوں کی اذان کا حکم)	افکار رضا/ممبئی	۴۲/۱۱	۲۰۰۵ء	۵۲-۴۴
۱۸۰	محمد شمیم اختر رضوی	امام احمد رضا اور علم حدیث: ایک سرسری جائزہ	کنز الایمان/دہلی	۱۰/۳	اگست ۲۰۱۱ء	۴۹-۴۸
۱۸۱	محمد شہاب الدین رضوی، مولانا	اعلیٰ حضرت امام احمد رضا کے خاندان کا تاریخی پس منظر	سنی دنیا/بریلی	۲/۲۱	فروری ۲۰۰۵ء	۳۴-۲۵
۱۸۲	محمد صدیق ہزاروی، علامہ	امام احمد رضا بریلوی اور دار العلوم منظر اسلام	افکار رضا/ممبئی	۲۴/۷	اپریل-جون ۲۰۰۱ء	
۱۸۳	محمد صفی احمد رضوی، مولانا	امام احمد رضا کا نظریہ تعلیم وتربیت	اعلیٰ حضرت/بریلی	۳/۴۴	مارچ-مئی ۲۰۰۴ء	
۱۸۴	محمد طاہر رضوی، راجہ	بانی منظر اسلام اور منظر اسلام درسگاہ، ایک تحریک	//	//	//	
۱۸۵	محمد عبد الحکیم شرف قادری	امام احمد رضا اور علم حدیث پر ایک نظر	کنز الایمان/دہلی	۵/۳	مارچ ۲۰۰۱ء	
۱۸۶	محمد عبد القادر رضوی ناگوری	فتاویٰ رضویہ کی جامعیت	//	۲/۸	فروری ۲۰۰۵ء	۳۶-۳۴
۱۸۷	محمد عرفان، مولانا	بانی منظر اسلام کے فن تجوید وقراءت کی عظیم خدمات	اعلیٰ حضرت/بریلی	۴/۴۲	اپریل-جون ۲۰۰۲ء	
۱۸۸	محمد علی رضا برکاتی	دعوت میت اور امام اہل سنت	افکار رضا/ممبئی	۳۹/۱۱	جنوری ۲۰۰۵ء	۹۵/۷۲
۱۸۹	محمد عیسیٰ رضوی، مولانا	امام احمد رضا اور منظر اسلام	اعلیٰ حضرت/بریلی	۳/۴۴	مارچ-مئی ۲۰۰۴ء	
۱۹۰	محمد فاروق القادری	مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ! فاضل بریلوی	افکار رضا/ممبئی	۳۴/۹	اکتوبر-دسمبر ۲۰۰۳ء	

۱۹۱	محمد فاروق نوری، مفتی	بانی منظر الاسلام کا ترجمہ قرآن کنز الایمان	اعلیٰ حضرت/ بریلی	۴/۴۲	۶- اپریل - جون ۲۰۰۳ء	
۱۹۲	محمد کمال الدین مصباحی	امام احمد رضا کی فقہی مہارت کا ایک امتیازی پہلو	کنز الایمان/ دہلی	۲/۵	دسمبر ۲۰۰۱ء	۳۵-۳۸
۱۹۳	//	فتاویٰ رضویہ اور جہان علم و دانش	//	۵/۶	مارچ ۲۰۰۳ء	۵۱-۵۵
۱۹۴	محمد فاروق رضوی مسعودی	کلام آسی اور رضا کی ہم آہنگی	//	۱۱/۷	نومبر ۲۰۰۴ء	۳۵-۳۹
۱۹۵	محمد مالک، ڈاکٹر	امام احمد رضا کا مقیاس ذہانت	رفاقت/ پٹنہ	۲/۳	اپریل-جون ۲۰۰۴ء	۲۷-۳۸
۱۹۶	محمد محمود احمد قادری	مکتوبات اعلیٰ حضرت و مفتی اعظم ہند	اعلیٰ حضرت/ بریلی	۴/۴۲	۴- اپریل-جون ۲۰۰۳ء	
۱۹۷	محمد مسعود احمد، پروفیسر	امام احمد رضا اور ان کے ناقدین	رفاقت/ پٹنہ	۲/۳	اپریل -جون ۲۰۰۴ء	۷۵-۸۷
۱۹۸	//	امام احمد رضا اور دنیائے عرب	//	//	//	۴۵-۴۹
۱۹۹	//	امام احمد رضا پر الزامات کا تعاقب	کنز الایمان/ دہلی	۳/۳	جنوری ۲۰۰۱ء	۳۵-۴۳
۲۰۰	محمد مکرم احمد نقشبندی، مفتی	امام ربانی اور امام اہل سنت	//	۸/۶	جون ۲۰۰۳ء	۲۴-۲۶
۲۰۱	//	فاضل بریلوی مشرق کے عظیم مصنف	جام نور/ دہلی	۱/ ۷	مئی ۲۰۰۳ء	۱۶-۱۹
۲۰۲	محمد منیر نظامی	عشق رضا کی وارفتگی	اعلیٰ حضرت/ بریلی	۱/۴۱	جنوری ۲۰۰۱ء	
۲۰۳	محمد نعیم برکاتی (مرتب)	اعلیٰ حضرت کے ایک شعر کی صحیح ترجمانی حضور احسن العلماء (سید مصطفےٰ حیدر حسن میاں برکاتی مارہروی) کی زبانی	افکار رضا/ ممبئی	۸/ ۲۷-۲۸	جنوری -جون ۲۰۰۲ء	
۲۰۴	//	اعلیٰ حضرت کے ایک شعر کی صحیح ترجمانی حضور شیخ الاسلام (علامہ سید محمد مدنی میاں اشرفی جیلانی) کی زبانی	//	۲۶/۷	اکتوبر-دسمبر ۲۰۰۱ء	

۲۰۵	〃	اعلیٰ حضرت کے ایک شعر کی صحیح ترجمانی حضور مفتی اعظم (حضرت علامہ مولانا محمد مصطفیٰ رضا خان نوری رضوی) کی زبانی	〃	۲۹/۸	جولائی – دسمبر ۲۰۰۲ء	
۲۰۶	〃	اعلیٰ حضرت کے ایک شعر کی صحیح ترجمانی حکیم الامت (حضرت علامہ مفتی احمد یار خاں نعیمی بدایونی) کی زبانی	〃	۳۱/۹	جنوری – مارچ ۲۰۰۳ء	
۲۰۷	〃	〃	〃	۳۳/۹	جولائی – ستمبر ۲۰۰۳ء	
۲۰۸	〃	اعلیٰ حضرت کے ایک شعر کی صحیح ترجمانی	〃	〃	〃	
۲۰۹	〃	〃	〃	۳۷/۱۰	جولائی – ستمبر ۲۰۰۴ء	
۲۱۰	〃	اعلیٰ حضرت کے ایک شعر کی صحیح ترجمانی مولوی قاسم ناناتوی کی زبانی	〃	۳۶/۱۰	اپریل – جون ۲۰۰۴ء	
۲۱۱	〃	بعد وصال بھی فتویٰ دیتے ہیں	〃	۴۱/۱۱	جولائی – ستمبر ۲۰۰۵ء	۷۱–۷۳
۲۱۲	〃	زرد جوتا پہننے سے متعلق اعلیٰ حضرت کی تحقیق	〃	〃	〃	۱۶–۱۷
۲۱۳	〃	فلاح دارین: اعلیٰ حضرت کے فتاوی افریقہ کی ایک عبارت کی تشریح	〃	۳۸/۱۰	اکتوبر – دسمبر ۲۰۰۴ء	۲۵–۵۷
۲۱۴	〃	〃	〃	۴۰/۱۱	اپریل – جون ۲۰۰۵ء	۲۸–۴۳

۲۱۵	محمد ہارون انگلینڈ، ڈاکٹر	امام احمد رضا کی عالمی اہمیت	اعلیٰ حضرت/ بریلی	۱۰/۴۵-۱۱	اکتوبر-دسمبر ۲۰۰۵ء	۱۱۳-۱۲۶
۲۱۶	مرزا نظام الدین بیگ جام	امام احمد رضا کے معراجیہ قصیدے کا ادبی مقام	رفاقت/ پٹنہ	۱/۲	ستمبر-دسمبر ۲۰۰۲ء	۳۸-۴۳
۲۱۷	مطیع الرحمان مضطر رضوی، مفتی	امام احمد رضا اور عشق مصطفےٰ	کنز الایمان/ دہلی	۱۲/۷	دسمبر ۲۰۰۴ء	۳۱-۳۲
۲۱۸	//	امام احمد رضا کے ممدوح خانقاہ معظم بہار شریف کے صاحب زادہ جناب حضور شاہ امین احمد فردوسی اور تحریک ندوہ	رفاقت/ پٹنہ	۲/۳	اپریل-جون ۲۰۰۴ء	۷-۲۱
۲۱۹	//	دور جدید میں ہندستان کی ہمہ گیر علمی شخصیت	//	۳/۳	جولائی-ستمبر ۲۰۰۴ء	۳۵-۳۶
۲۲۰	منظر احمد داتا گنجوی	حضرت رضا بریلوی کی شاعری	اعلیٰ حضرت/ بریلی	۸/۴۲	اگست ۲۰۰۳ء	
۲۲۱	منظر اسلام	امام احمد رضا کی علمی جلالت	کنز الایمان/ دہلی	۵/۱	نومبر ۲۰۰۱ء	۳۴-۳۵
۲۲۲	مہتاب پیامی	متن رضا میں معنی کا عمل	اشرفیہ/ مبارکپور	۳/۲۹	مارچ ۲۰۰۵ء	۳۰-۳۳
۲۲۳	//	سلام رضا ایک حقیقت کا ادراک	//	۱۲/۲۸	دسمبر ۲۰۰۴ء	
۲۲۴	میاں عطا محمد نعیمی، مولانا	فاضل بریلوی کی مقبولیت اور ہمہ گیریت	اعلیٰ حضرت/ بریلی	۱۱/۴۳-۱۲	نومبر-دسمبر ۲۰۰۳ء	
۲۲۵	نثار احمد مصباحی	مخدوم بہار: فاضل بریلوی کی نظر میں	نور مصطفےٰ/ پٹنہ	۱/۱۸	اگست ۲۰۰۵ء	۵۷-۵۹
۲۲۶	//	//	اشرفیہ/ مبارکپور	۷/۲۹	جولائی ۲۰۰۵ء	۲۲
۲۲۷	نسیم بستوی، علامہ	چشمہ فیضان رضا	اعلیٰ حضرت/ بریلی	۳/۴۳-۵	مارچ-مئی ۲۰۰۳ء	

باب چہارم

مقالات،

انتقادیات،

تحقیقات

امام احمد رضا کے تعلیمی نظریات پر

ریسرچ ورک: ایک جائزہ

غلام مصطفیٰ رضوی (نوری مشن مالیگاؤں)

Cell.:9325028586

اسلام نے اپنی آفاقی تعلیمات میں علم اور تعلیم کو بڑی اہمیت دی ہے۔ قرآن مقدس اور احادیث میں علم کے فضائل و برکات بیان ہوئے ہیں اور علم دین کا سیکھنا فرض قرار دیا گیا ہے۔ علم حاصل کرکے اسے عام کرنے پر انعامات خسروانہ کی بشارت دی گئی ہے۔ علمائے حق نے علم دین کے فروغ میں سرگرم کردار ادا کیا۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی (ولادت:۱۲۷۲ھ/۱۸۵۶ء ۔ وصال:۱۳۴۰ھ/۱۹۲۱ء) کی دینی و علمی خدمات کا معترف سارا عالم اسلام ہے۔ آپ کی ہشت پہل شخصیت کا ایک گوشہ تعلیم (ایجوکیشن) کے شعبے میں مہارت بھی ہے۔ آپ جدید و قدیم علوم و فنون میں دست رس رکھتے تھے۔ آپ نے نظام ہائے تعلیم میں درآئی غلطیوں کی اصلاح بھی کی اور غیر اسلامی نظریات و افکار کا سد باب کیا اور تعلیم کا بنیادی مقصد معرفت الٰہی عز و جل و محبت رسالت پناہی ﷺ کو قرار دیا۔ آپ نے استاذ کا احترام و ادب سکھایا، صالح معاشرے کے قیام میں تعلیم کے رول کو واضح کیا، علم کے آداب بتائے، استاذ و شاگرد کے حقوق و مراتب واضح کیے، علوم و فنون کے ضابطے و اصول مقرر کیے، سائنس اور دیگر علوم عقلیہ کی اصلاح کی، علم و علما کے فضائل بتائے، تربیت اولاد میں والدین کی ذمہ داریوں کو اجاگر کیا۔

امام احمد رضا قدس سرہ کی شخصیت اور حیات و خدمات کے موضوع پر دنیا کی بیش تر یونیورسٹیوں اور جامعات میں ریسرچ و تحقیق کی جارہی ہے اور مقالۂ تحقیق پر ڈگری ایوارڈ کی جارہی ہے۔ درج ذیل سطور میں ہم امام احمد رضا قدس سرہ کے تعلیمی نظریات پر ہونے والے علمی و قلمی امور پر اجمالی روشنی ڈالیں گے۔

● ایم۔ایڈ فیکلٹی کے لئے امام احمد رضا قدس سرہ کے تعلیمی افکار پر پاکستان میں بہتر کام ہوئے ہیں اور مقالہ/تحقیق لکھے گئے ہیں اس ضمن میں ایک فہرست درج کی جاتی ہے۔

● مقالہ جات (برائے ایم۔ایڈ):

نمبر شمار	عنوان	مقالہ نگار	مقام تحقیق
۱	مولانا احمد رضا بریلوی کے تعلیمی نظریات وافکار	(۱) محمد افضل (۲) عبدالقیوم	آئی۔ای۔آر، جامعہ پنجاب (لاہور)
۲	اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی کی علمی خدمات	ایس۔شاہد علی	آئی۔ای۔آر جامعہ پنجاب (لاہور)
۳	مولانا احمد رضا اور مولانا مودودی کے تعلیمی نظریات کا تقابلی جائزہ	(۱) چوہدری محمد یعقوب (۲) محمد حفیظ کمبوہ	آئی۔ای۔آر جامعہ پنجاب (لاہور)
۴	مولانا احمد رضا کے افکار کی روشنی میں تصور تعلیم ونصاب	محمد اسلم اصغر علی	آئی۔ای۔آر جامعہ پنجاب (لاہور)
۵	مولانا احمد رضا خاں کی اصلاحی و تعلیمی خدمات	(۱) خادم حسین (۲) محمد اشرف	آئی۔ای۔آر جامعہ پنجاب (لاہور)
۶	مولانا احمد رضا خاں بریلوی کے تعلیمی نظریات وافکار	(۱) عبدالوحید گل (۲) رشید احمد	آئی۔ای۔آر جامعہ پنجاب (لاہور)
۷	مولانا احمد رضا خاں بریلوی کے تعلیمی نظریات کا جائزہ	(۱) حافظ ذوالفقار علی (۲) غلام احمد	آئی۔ای۔آر جامعہ پنجاب (لاہور)
۸	مولانا احمد رضا خاں بریلوی کے تعلیمی افکار	خالدہ پروین	گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن (فیصل آباد)
۹	اصلاح معاشرہ کے لیے مولانا احمد رضا کی سعی وکاوش کا جائزہ	ایس۔ایم۔وارث	گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن (فیصل آباد)
۱۰	مولانا احمد رضا خاں اور علامہ اقبال کے تعلیمی نظریات کا تقابلی جائزہ	عظیم اللہ جندران	اسلامیہ یونیورسٹی، بہاول پور، شعبہ ٹیچرز ٹریننگ

۱۱	امام احمد رضا خاں بریلوی کے تعلیمی نظریات	ترک ولی محمد	جامعہ کراچی، ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن

راقم کی ناقص معلومات کے مطابق مذکورہ مقالہ جات غیر مطبوعہ ہیں۔ان کی اشاعت ضرور کی جانی چاہیے۔ماہنامہ معارف رضا کراچی کے مدیر سید وجاہت رسول قادری لکھتے ہیں:''تعلیمات رضویات سے شغف رکھنے والے احباب سے درخواست ہے کہ وہ ایم۔فل یا پی۔ایچ۔ڈی درجہ کے تحقیقی کام کے لیے قدم آگے بڑھائیں۔مثلاً Imam Ahmad Raza Khan as an Islamic Educationist کے موضوع پر مزید کام کیا جاسکتا ہے۔ملکی جامعات کے شعبۂ علوم اسلامیہ شعبۂ ایجوکیشن سے رجسٹریشن ممکن ہوسکتی ہے۔

Foundation of Islamic Education system in the light of Imam ahmad Raza Khan's teachings کے موضوع پر بھی تحقیقی کام کی گنجائش اور ضرورت موجود ہے۔'' (امام احمد رضا اور انٹرنیشنل جامعات ص ۳۱۔۳۲ طبع کراچی)

امام احمد رضا کے تعلیمی افکار وتصورات کے موضوع پر اب تک درجنوں مقالے قلم بند کیے جاچکے ہیں تاہم بہت سارے عنوانات اب بھی تشنۂ تحقیق ہیں۔امام احمد رضا کے فتاویٰ ''فتاویٰ رضویہ'' (قدیم ۱۲ جلدیں' جدید ۳۰ جلدیں) کا زیر قلم موضوع پر عمیق مطالعہ کرنے سے بہت سے لعل وجواہر منظر عام پر آسکتے ہیں۔امید کہ ارباب تحقیق غواصی کریں گے اور مسلمانوں کے وقار کو بلند کرنے کے لیے اس موضوع کو آگے بڑھائیں گے اور علم وتعلیم سے مسلمانوں کے ذوق وشوق کو مربوط کرنے کا سامان مہیا کریں گے۔اس سمت پیش رفت یقیناً قوم کے لیے ضروری بھی ہے اور مخالفین اسلام یہود ونصاریٰ اور مشرکین کی چالوں کو ناکام بنانے میں ایک اہم ذریعہ بھی۔

یہ خبر بھی خوش آئند ہے کہ برصغیر کے کئی جامعات ویونیورسٹیز کے نصاب میں امام احمد رضا کی دینی وعلمی خدمات کو شامل کیا گیا۔علاوہ ازیں ادارۂ تحقیقات امام احمد رضا انٹرنیشنل کراچی نے عالمی جامعہ امام احمد رضا (Imam Ahmad Raza World University) کا ایک خاکہ مرتب کیا ہے جس پر ایک اطلاع کے مطابق پیش رفت کی جاچکی ہے۔تشنہ موضوعات پر امام احمد رضا کے کارہائے علمیہ کی روشنی میں کام کرنے کے لیے سلیم اللہ جندران (ریسرچ اسکالر جامعہ پنجاب لاہور)

نے چند اہم موضوعات متعین فرمائے ہیں۔جن میں بعض درج کیے جاتے ہیں:۔

چند اھم موضوعات

(۱) فاصلاتی نظام تعلیم وتربیت کی ترویج وارتقا میں فتاویٰ رضویہ کا حصہ

(۲) امام احمد رضا بحیثیت ماہر تعلیم

(۳) ترقی ادب (اردو، عربی، فارسی) میں امام احمد رضا خاں کا کردار

(۴) افکار رضا کی عصر حاضر میں افادیت

(۵) فکرِ رضا کی روشنی میں مسلم آمہ کے اتحاد کے لیے لائحۂ عمل

(۶) امام احمد رضا خاں بحیثیت سائنسداں یا امام احمد رضا خاں کی سائنسی خدمات کا جائزہ

(۷) امام احمد رضا خاں! ماہر لسانیات (عربی، فارسی، اردو، ہندی)

(۸) درسیات ونصابیات کے لیے انتخاب رضویات

(۹) امام احمد رضا خاں! ماہر ارضیات

(۱۰) برصغیر پاک وہند میں مسلم ایجوکیشن کے فروغ میں امام احمد رضا کا کردار (ماہنامہ معارف رضا کراچی،اگست ۲۰۰۶ء)

(۱۱) علم ریاضی میں امام احمد رضا کی خدمات کا تحقیقی جائزہ

(۱۲) علوم جدیدہ کی اصلاح میں امام احمد رضا کا کردار

راقم نے فتاویٰ رضویہ کے حوالے سے تعلیم کے بعض جزئیات پر علمی کام کا آغاز کیا اور محسوس کیا کہ جدید نظام تعلیم، نصاب تعلیم میں لادینی نظریات کی آمیزش، علوم عقلیہ سائنس وفلسفہ کے ضوابط اوران موضوعات پر ریسرچ وتحقیق اور اصلاح نیز ان کے توسط سے اسلامی عقائد وتعلیمات کے فروغ واشاعت کے لیے فتاویٰ رضویہ میں بحر علم موجزن ہے۔نیز ۱۳۳۰ھ میں امام احمد رضا نے جو دس نکاتی منصوبہ پیش فرمایا تھا وہ بھی فروغ علم ہی سے متعلق ہے۔اسی طرح ۱۹۱۲ء میں مسلمانوں کی معاشی و اقتصادی ترقی واستحکام کے لیے جو چار نکاتی منصوبہ پیش کیا اس کا چوتھا نکتہ علم دین سے ہی متعلق تھا۔ڈاکٹر عبد النعیم عزیزی (ایم۔اے۔پی۔ایچ۔ڈی) رقم طراز ہیں:

”امام احمد رضا اپنے متعلقہ پروگرام کے توسط سے جس ماڈل اسلامی معاشرہ کی تشکیل

چاہتے ہیں اس معاشرہ میں تعلیم دینے والے اساتذہ کو ایسا استاذ دیکھنا چاہتے ہیں کہ جو تعلیم دینے کا مقصد فقط ڈیوٹی کی انجام دہی نہ سمجھیں وہ ایسے افراد کی پیداوار میں اضافہ کریں اور اس اضافہ کو یقینی بنائیں جن سے اسلامی فلاحی معاشرہ کی تشکیل ہو۔" (ماہنامہ کنز الایمان دہلی ستمبر ۲۰۰۶ء ص ۳۰)

راقم نے امام احمد رضا کے تعلیمی افکار و اصلاحات نیز علوم دینیہ کے فروغ میں آپ کی تحریکات پر ۶ر مقالے تحریر کیے جو علمی دنیا میں بہ نظر استحسان دیکھے گئے جب کہ علم و تعلیم کے سلسلے میں آپ کے افکار کے درجنوں گوشے ہنوز تشنۂ تحقیق ہیں۔

ذیل میں ایسے مقالہ جات کی ایک فہرست درج کی جاتی ہے جو امام احمد رضا کے تعلیمی تصورات کے تحت لکھے گئے ہیں اور مطبوع ہیں تاہم انھیں مقالہ جات کا اندراج کیا جاتا ہے جن تک راقم کی رسائی ہوئی ہے۔

تعلیمی موضوع پر مضامین و مقالہ جات:

نمبر شمار	عنوان	مقالہ نگار	اشاعت
۱	امام احمد رضا خاں کا طریقۂ تدریس	سلیم اللہ جندران	معارف رضا کراچی، سالنامہ ۲۰۰۴ء
۲	طلب علم کی فرضیت: فکر رضا کی روشنی میں (مشمولہ علم دین و دنیا)	مولانا محمد عبدالمبین نعمانی مصباحی	رضا اکیڈمی مالیگاؤں
۳	دارالعلوم منظر اسلام	پروفیسر محمد مسعود احمد/ سید وجاہت رسول قادری	ادارۂ تحقیقات امام احمد رضا کراچی
۴	امام احمد رضا اور علوم جدیدہ	پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد	معارف رضا کراچی سالنامہ ۱۹۸۶ء
۵	امام احمد رضا کے جدید اسلامی تعلیمی نظریات	نو مسلم پروفیسر ڈاکٹر محمد ہارون	رضا اکیڈمی برطانیہ
۶	معلم مطلوب و متعلم مطلوب	عظیم اللہ جندران	معارف رضا کراچی، سلور جوبلی سالنامہ ۲۰۰۵ء

۷	امام احمد رضا کا تصور نصاب	عظیم اللہ جندران	سالنامہ یادگار رضا ۲۰۰۴ء، رضا اکیڈمی ممبئی
۸	امام احمد رضا کے نظریۂ تعلیم کی خصوصیات	سلیم اللہ جندران	سہ ماہی افکار رضا ممبئی جنوری تا جون ۲۰۰۲ء
۹	تعمیر شخصیت اور تربیت اولاد کا اسلامی ماڈل (تعلیمات رضا کی روشنی میں)	سلیم اللہ جندران	معارف رضا کراچی سالنامہ ۲۰۰۳ء
۱۰	مولانا احمد رضا خاں اور احترام استاذ	ڈاکٹر ظہور احمد اظہر	ماہنامہ معارف رضا کراچی، ستمبر ۲۰۰۴ء
۱۱	امام احمد رضا کا نظریۂ تعلیم	جلال الدین قادری	رضا دار الاشاعت لاہور
۱۲	فاضل بریلوی کے تعلیمی نظریات	پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد نقشبندی	ماہنامہ معارف رضا کراچی منظر اسلام نمبر ۲۰۰۱ء
۱۳	علمیات امام احمد رضا خاں کی نظر میں	سلیم اللہ جندران	مجلہ علم کی روشنی اسلام آباد شمارہ نمبر ۲ جلد ۲
۱۴	عہد رضا میں دینی تعلیم کی اہمیت اور معیار تعلیم	حسن رضا خاں	ماہنامہ معارف رضا کراچی ،منظر اسلام نمبر ۲۰۰۱ء
۱۵	اعلیٰ حضرت کے تعلیمی نظریات	عابد میر قادری	مجلہ نوائے اساتذہ لاہور، ستمبر اکتوبر ۲۰۰۳ء
۱۶	تکریم اساتذہ: اعلیٰ حضرت کی نظر میں	محمد حسین امام (امریکہ)	ماہنامہ جہان رضا لاہور ،جنوری ۲۰۰۶ء
۱۷	اعلیٰ حضرت کے تعلیمی مقاصد	سید محمد علیم الدین شاہ الازھری	ماہنامہ معارف رضا کراچی نومبر ۲۰۰۱ء
۱۸	خطاب: اعلیٰ حضرت اور جامعہ منظر اسلام	سید قمر الزماں شاہ	ماہنامہ معارف رضا کراچی، نومبر ۲۰۰۱ء
۱۹	خلیفۂ اعلیٰ حضرت صدر الشریعہ اور ان کا نظریۂ تعلیم	مفتی محمد اختر حسین قادری خلیل آبادی	سالنامہ یادگار رضا ۲۰۰۷ء، رضا اکیڈمی ممبئی

۲۰	اعلیٰ حضرت اور استاذ کا مقام و مرتبہ	غلام مصطفیٰ رضوی	سہ ماہی سنی دعوت اسلامی ممبئی (جنوری تا مارچ ۲۰۰۷ء)
۲۱	تعلیم و تعلّم اور امام احمد رضا	غلام مصطفیٰ رضوی	سہ ماہی افکار رضا ممبئی (اپریل تا جون ۲۰۰۶ء)
۲۲	معلم و متعلم اور علم کے اسلامی تصورات (فکر رضا کی روشنی میں)	غلام مصطفیٰ رضوی	سہ ماہی افکار رضا ممبئی (جنوری تا مارچ ۲۰۰۵ء)
۲۳	امام احمد رضا اور تصور تعلیم	غلام مصطفیٰ رضوی	نوری مشن مالیگاؤں ۲۰۰۷ء
۲۴	دار العلوم منظر اسلام اور امام احمد رضا	غلام مصطفیٰ رضوی	ماہنامہ ضیائے حرم لاہور، مئی ۲۰۰۷ء
۲۵	تعلیم اور فکر رضا	غلام مصطفیٰ رضوی	سہ ماہی افکار رضا ممبئی (اکتوبر تا دسمبر ۲۰۰۷ء)
۲۶	مقاصد تعلیم امام احمد رضا کی نظر میں	سلیم اللہ جندران	معارف رضا کراچی، سالنامہ ۱۹۹۹ء
۲۷	منصبِ تعلیم اور تعلیمات رضا	پروفیسر انوار احمد زئی	ماہنامہ معارف رضا کراچی، مئی ۲۰۰۲ء
۲۸	امام احمد رضا کے حوالے سے تدریس	ڈاکٹر حسین مجیب مصری	ماہنامہ معارف رضا کراچی، مارچ ۲۰۰۳ء
۲۹	امام احمد رضا کا نظریۂ تعلیم	پروفیسر عبد الغفار گوہر	معارف رضا کراچی، سالنامہ ۲۰۰۱ء
۳۰	امام احمد رضا کے طریقۂ تدریس کی امتیازی خصوصیات	عظیم اللہ جندران	معارف رضا کراچی، سالنامہ ۲۰۰۷ء
۳۱	Imam Ahmad Raza concept of teache	رانا دلشاد احمد	معارف رضا سالنامہ ۲۰۰۳ء (انگریزی ایڈیشن)

۳۲	Imam Ahmad Raza theories on education	ترک ولی محمد قادری	معارف رضا سالنامہ ۲۰۰۵ء (انگریزی ایڈیشن)
۳۳	The importance of Imam Ahmed Raza ten point plan for modern Muslim education	نومسلم پروفیسر ڈاکٹر محمد ہارون	معارف رضا سالنامہ ۲۰۰۵ء (انگریزی ایڈیشن)
۳۴	علوم سائنس اور امام احمد رضا	مولانا شاہ محمد تبریزی	سہ ماہی افکار رضا ممبئی (اکتوبر تا دسمبر ۱۹۹۹ء)
۳۵	مولانا احمد رضا خاں کا نصاب تربیت	سلیم اللہ جندران	ماہنامہ ضیائے حرم لاہور
۳۶	اسلامی فلسفۂ تعلیم کا بنیادی موضوع بانی منظر اسلام کے تعلیمی نظریات کی روشنی میں	سلیم اللہ جندران	معارف رضا کراچی سالنامہ ۲۰۰۱ء
۳۷	احمد رضا۔ اسلامی وعصری علوم کا محقق	ڈاکٹر رضا الرحمٰن عاکف سنبھلی	معارف رضا کراچی سالنامہ ۲۰۰۵ء
۳۸	امام احمد رضا کی جدید علوم پر دسترس	سید محمد ریاست علی قادری	معارف رضا کراچی سالنامہ ۱۹۹۱ء
۳۹	امام احمد رضا، علوم کا ایک بحر بیکراں	سید ابو طاہر سبطین احمد	معارف رضا کراچی سالنامہ ۱۹۸۵ء
۴۰	بانی منظر اسلام کا معیار تحقیق	اقبال احمد اختر القادری	معارف رضا کراچی سالنامہ ۱۹۹۱ء
۴۱	امام احمد رضا اور علوم عقلیہ	مفتی شبیر حسن رضوی	معارف رضا کراچی سالنامہ ۱۹۹۳ء
۴۲	فاضل بریلوی کی علمی خدمات	علامہ عبد الحکیم شرف قادری	معارف رضا کراچی سالنامہ ۱۹۹۶ء

۴۳	علم کا تصور، ذرائع، اقسام اور امام احمد رضا	عبدالقیوم چودھری	معارف رضا کراچی سالنامہ ۲۰۰۲ء
۴۴	منظر اسلام منزل بہ منزل	مفتی عبدالواجد قادری	معارف رضا کراچی سالنامہ ۲۰۰۱ء
۴۵	امام احمد رضا کے جدید تعلیمی نظریات	ڈاکٹر عبدالنعیم عزیزی	ماہنامہ کنز الایمان دہلی، ستمبر ۲۰۰۶ء
۴۶	فاضل بریلوی کا منظر اسلام	مولانا محمد صدیق ہزاروی	معارف رضا کراچی سالنامہ ۲۰۰۱ء

اعلیٰ حضرت پر جنوبی ہند میں تحقیقی مقالات

مولانا ڈاکٹر عرفان محی الدین، حیدر آباد

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی پر جنوبی ہند میں چار تحقیقی مقالات پیش کئے گئے، ایک اردو زبان میں پی، ایچ، ڈی بقیہ تین مقالات عربی زبان میں پیش کئے گئے۔ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی پر عربی زبان میں ہندو پاک میں صرف ایک پی، ایچ، ڈی کا ذکر ملتا ہے۔

(۱) ڈاکٹر شاہد علی نورانی نے پنجاب یونیورسٹی لاہور پاکستان سے ''الشیخ احمد رضا شاعرا عربیا مع تدوین دیوانه العربی '' پر مقالہ پیش کیا اور انہیں ۲۰۰۴ میں ڈگری تفویض کی گئی، اسی پنجاب یونیورسٹی سے ڈاکٹر محمد اسحاق جلالی صاحب نے ''الزلال الانقی من بحر سبقة الاتقی '' پر پی، ایچ، ڈی کی ہے لیکن یہ معلوم نہ ہوسکا کہ یہ عربی زبان میں یا اردو زبان میں۔

اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی پر ہندوستان میں ایک بھی Ph.D عربی زبان میں نہیں ہوئی۔

اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی پر جنوبی ہند میں جو تحقیقی مقالات پیش کئے گئے ان میں ایک Ph.D کا مقالہ ہے اور تین (M.Phil) ایم فل کے مقالات ہیں۔

(۱) مولانا غلام مصطفیٰ نجم القادری صاحب نے میسور یونیورسٹی سے ''امام احمد رضا اور عشق مصطفیٰ'' پر اپنا مقالہ پی، ایچ، ڈی Ph.D اردو میں پیش کیا اور انہیں ڈگری تفویض کی گئی۔ عربی زبان میں تین (M.Phil) ایم فل کے مقالات پیش کئے گئے جس کی تفصیل یہ ہے (۱) ڈاکٹر سید غوث محی الدین عرف اعظم پاشاہ خانوادۂ موسویہ حیدر آباد کے چشم و چراغ کو شعبۂ عربی عثمانیہ یونیورسٹی سے ڈاکٹر غلام محمد کے زیر نگرانی'' الشیخ احمد رضا خان حیاتة و اعماله'' پر 1990 میں ڈگری تفویض کی گئی۔

(۲) مولانا محمد مصطفیٰ علی مصباحی تمل ناڈو چنئی کی خانقاہ قادریہ سے تعلق رکھتے ہیں انہوں نے شعبہ عربی نیو کالج ملحقہ مدراس یونیورسٹی سے ڈاکٹر احمد زبیر پروفیسر نیو کالج چنئی تمل ناڈو کے زیر نگرانی'' مساهمة الشیخ احمد رضا خاں فی الادب العربی '' پر اپنا مقالہ پیش کیا۔

۲۰۰۶ء میں ڈگری تفویض کی گئی۔

(۳) تیسرا مقالہ مجھ ناچیز محمد عرفان محی الدین کا ہے جو" دراسة عن الحواشي للعلامة احمد رضا خان على امهات الكتب في الحديث الشريف " پر تحریر کیا گیا یہ مقالہ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی کے حدیثی مخطوطات پر پیش کیا گیا۔ پروفیسر محمد مصطفیٰ شریف صدر شعبہ عربی عثمانیہ یونیورسٹی کے زیر نگرانی تکمیل ہوا ۲۰۰۹ میں ڈگری تفویض کی گئی۔

جنوبی ہند کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ یہاں سے تین مقالات عربی زبان میں پیش کیے گئے۔ حاشیہ جد الممتاد بھی حیدرآباد ہند سے پہلی مطبع عزیزیہ سے شائع ہوا۔ ۱۹۷۸ء میں راست علامہ محمد احمد مصباحی صاحب کے زیر نگرانی اسی کی اشاعت عمل میں آئی۔

حیدرآباد کے چند نامور محققین عثمانیہ یونیورسٹی نے اپنے مقالات کئی سیمینار میں پیش کیے ہیں۔

(۱) پروفیسر عبدالمجید نظامی صاحب سابق صدر شعبہ عربی عثمانیہ یونیورسٹی نے (EFLU-Foreign Languages University) میں اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی پر مقالہ پیش کیا۔

(۲) پروفیسر محمد مصطفیٰ شریف صاحب صدر شعبہ عربی عثمانیہ یونیورسٹی نے گلبرگہ میں "امام احمد رضا کانفرس" میں امام احمد رضا کی محدثانہ عظمت پر اردو میں مقالہ پیش فرمایا۔

(۳) ڈاکٹر شجاع الدین قادری عزیز شعبہ عربی عثمانیہ یونیورسٹی نے سالار جنگ میوزیم میں "سیرت النبی کانفرنس" میں "اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی اور سیرت النبی" پر اپنا مقالہ پیش کیا۔

(۴) ڈاکٹر عماد الدین نے مدراس یونیورسٹی میں علم حدیث کے ایک سیمینار میں "مساهمة الشيخ احمد رضا خان في علم الحديث" پر اپنا مقالہ عربی زبان میں پیش کیا۔

(۴) محمد عرفان محی الدین نے ابتک اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی پر عربی زبان میں تین مقالات پیش کیا ہے "اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی اور کتب تعریب" یہ مقالہ عربی میں ایک ترجمہ کے سیمینار میں پیش کیا گیا، دوسرا مقالہ "ہندو عراقی ادب" کے سیمینار میں "اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی اور علماء عراق" پر پیش کیا گیا، اس مقالے میں ڈاکٹر رشید عبدالرحمٰن العبیدی کی تحقیق شدہ کتاب "قصيدتان رائعتان" جو اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی کے عربی اشعار پر مشتمل ہے اور "شاعر من الهند" ڈاکٹر محمد مجید السعید کی تصنیف ہے جس

میں ''بساتین الغفران'' اعلیٰ حضرت کے عربی دیوان پر بحث کی گئی ہے ''الدولۃ المکیہ'' پر تقاریظ لکھنے والے عراقی علما، میں شیخ محمد سعید بن عبدالقادر النقشبندی البغدادی اور الشیخ یوسف عطا البغدادی کے نام ملتے ہیں، ڈاکٹر رشید عبدالرحمٰن العبیدی اور ڈاکٹر السعید کا تعلق صدام یونیورسٹی عراق سے ہے۔

تیسرا مقالہ ''مساھمۃ الشیخ احمد رضا خان فی علم الحدیث الشریف ومقاومۃ البدع والرد علیھا'' پر پیش کیا گیا۔ یہ سیمینار حدیث شریف سماجی مسائل حل کرنے میں کتنی مؤثر ہے اسی پر یہ سیمینار منعقد ہوا اور اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی علیہ الرحمہ نے حدیث شریف کے ذریعہ سماجی مسائل کو حل فرمایا، ہندوستان کے غلط رسوم و بدعات پر اپنی گرانقدر تصنیفات لکھی ہیں۔

محققین وناشرین رضویات متوجہ ہوں

رضا بک ریویو تبصراتی رسالہ ہے، جس میں مقالات ومضامین سے زیادہ تبصرہ وتجزیہ اور ترجمہ وتعارف کو بنیادی درجہ حاصل ہے۔ اس لیے رضویات کے محققین، ناشرین اور معاونین سے گذارش ہے کہ وہ اپنی کتابیں، تبصرے، تاثرات نیز امام احمد رضا ومتعلقات رضویات کے تراجم روانہ فرمائیں اور اپنی رضویاتی مصروفیات سے آگاہ کرتے رہیں تاکہ تفہیم رضویات کو عام سے عام تر کیا جا سکے۔ ادارہ........

خانقاہ مجیبیہ سے نکلنے والے رسالہ ''المجیب'' شائع مضمون

بہار کی خانقاہیں اور فاضل بریلوی - ایک جائزہ

کا تحقیقی مطالعہ

ڈاکٹر امجد رضا امجد

المجیب کا ایک شمارہ (جنوری تا جون ۲۰۱۱ء) میرے پیش نظر ہے۔ اس کا اشتہار بار بار اخبارات میں دیکھ رہا تھا، اشتیاق تھا کہ جلد مطالعہ میں آئے۔ اتفاقاً سبزی باغ کے ایک پریس میں اس پہ نگاہ پڑی تو اشتیاق سراپا سوال بن گیا، طلب کیا، تو وہ مطالعہ کے لئے مل بھی گیا مگر اپنے رسالہ ''سہ ماہی آیات'' جو امریکہ سے شائع ہوتا ہے، کی اشاعت کے سلسلہ میں اتنا منہمک رہا کہ خواہش کے باوجود مطالعہ نہ کر سکا۔ اسی درمیان محترم مولانا خواجہ عبد الباری صاحب نے کرم فرمائی کی اور وہ باضابطہ میرے لئے ایک شمارہ لے کر مسجد تشریف لائے، میں ممنون ہی ہوا کہ انہوں نے مجھے اس کرم کے لائق سمجھا۔

المجیب کے اس شمارہ میں ایک عنوان ''بہار کی خانقاہیں اور فاضل بریلوی'' - ایک جائزہ'' کا ذکر چونکہ بار بار پڑھتا رہا تھا اس لئے عنوان دیکھ کر میں سمجھ رہا تھا کہ چونکہ ''تحریک ردندوہ'' کے سلسلہ میں اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری اور حضرات مشائخ خانقاہ مجیبیہ کے درمیان بڑے گہرے تعلقات استوار ہوئے تھے، جس کا واضح ثبوت امام احمد رضا کا قصیدہ ''آمال الابرار....'' حضرت قاضی عبد الوحید فردوسی کی ''دربار حق وہدایت'' اور ماہنامہ ''تحفہ حنفیہ'' کے مختلف شمارے شاہد ہیں۔ اس لئے اس مضمون میں بھی اسی تعلقات کے احیاء کی پرخلوص کوشش کی گئی ہوگی۔ مگر جب اس کا مطالعہ شروع کیا تو مجھے حیرت بھی ہوئی اور اذیت بھی۔ مضمون نگار نے ایک مبنی برخلوص مضمون کی آڑ لے کر جس طرح حقائق پہ پردہ ڈالنے کی سعی نامشکور کی ہے وہ کسی طرح بھی لائق اعتنا نہیں ہے۔

مضمون کی اشاعت کے بعد مختلف حلقوں میں اک بے چینی محسوس کی گئی۔ اور کئی ہفتے یہ

مضمون چرچا کا موضوع رہا۔ مضمون نگار نے اس مضمون میں حقائق سے چشم پوشی کے ساتھ اپنی بات پیش کرنے کے لئے جو لہجہ اور تیور اختیار کیا ہے، وہ کسی سنجیدہ فکر افراد کے لئے قابل قبول نہیں ہے۔ اس لئے اہل علم وادب نے اپنی مجلسی گفتگو میں اس پر کھل کر تنقیدیں کیں اور اسے خانقاہ مجیبیہ کے ارباب حل وعقد کے منفی فکر وعمل سے تعبیر کیا۔ مضمون کی اشاعت کے بعد میرے پاس کئی فون آئے اور تقاضا ہوا کہ اس کا ناقدانہ جائزہ لیا جائے تا کہ حقائق واضح ہوں۔ اس تقاضائے مسلسل سے میرا حال یہ ہوا کہ بقول غالب

کچھ تو کہیے کہ لوگ کہتے ہیں

آج غالبؔ غزل سرا نہ ہوا

کے تحت مجھے اپنی مصروفیات سے وقت نکال کر اس طرف متوجہ ہونا پڑا۔

ماہ نور دہلی میں شائع جس مقالہ کو ہدف تنقید بنایا گیا ہے وہ مقالہ ممبئی کے امام احمد رضا سیمینار میں بہار کی معروف ''خانقاہ منعمیہ'' پٹنہ سیٹی کے صاحب سجادہ محترم ڈاکٹر سید شاہ شمیم الدین احمد منعمی نے پیش کیا تھا۔ اس سیمینار میں میں بھی مدعو تھا مقالہ اہل علم نے بہت پسند کیا اور داد تحقیق دی۔ یہی مقالہ اس سیمنار کے مقالاتی مجموعہ ''امام احمد رضا ایک نئی تشکیل'' میں شائع بھی ہوا اور وہیں سے ماہ نور میں جلوہ افروز ہوا۔ مقالہ کا عنوان ہے ''امام احمد رضا فاضل بریلوی اور بہار کی خانقاہیں'' مگر یہ بہت بڑی خیانت اور علمی بد دیانتی ہے کہ جس شہ سرخی کو عنوان بنا کر ادارہ المجیب نے اپنے دل کا بخار نکالا، اس سرخی کو اپنے پندار نفس کی بھینٹ چڑھا دیا اور لفظ ''امام'' کو حذف کرتے ہوئے صرف اس سرخی پر اکتفا کیا گیا

بہار کی خانقاہیں اور فاضل بریلوی' ایک جائزہ

ظاہر ہے ''ایک جائزہ'' سے پہلے جو کچھ ہے وہ مقالہ کی سرخی ہی تو ہے پھر اس میں تحریف، اس کے علاوہ اور کیا ہے کہ حدیبیہ میں نبوت ورسالت نا قابل برداشت تھی اور پھلواری میں امامت۔

''امام'' کا لفظ محترم بھی ہے اور تاریخ کا انمول حصہ بھی ——— علما، عرفا، صوفیہ کو امام لکھنا اور کہنا ہمارا اجماعی کردار رہا ہے۔ تمام احناف بغیر کسی انقباض کے امام شافعی، امام احمد بن حنبل، امام مالک، امام ابوالحسن اشعری وغیرہ بول اور لکھ رہے ہیں۔ امام احمد رضا کے ساتھ بھی لفظ ''امام '' کا سابقہ پوری دنیا میں مستعمل ہے اور مقبول خاص وعام ہے۔ پھر آپ کا لفظِ ''امام'' کے استعمال سے انقباض کیا معنی؟ بلکہ یہاں تو اقتدا وتقلید، اقرار واعلان کا بھی مسئلہ نہیں تھا بس قوسین میں وہی نقل کرنا تھا

جو آپ کے زیر تنقید تھا۔ مگر بقول اقبال

ع طبع آزاد پہ قید رمضاں بھاری ہے

-اللّٰھم انی اعوذبك من البغض و العداوۃ۔

(۲) الجیب کا زیر بحث شمارہ کا یہ جائزہ دیکھ کر دوسری حیرت یہ ہوئی کہ یہ کسی ایک کا لیا ہوا جائزہ نہیں ہے بلکہ پورے ادارہ کا مجموعی کارنامہ ہے سبحان اللہ۔

پتہ نہیں وہ کون سی مصلحت تھی جس نے کسی ایک کو اس جائزہ کے پیش کرنے کی ہمت نہیں بخشی یا پھر وہ کون سا انجانا خوف ہے جو پورے ادارہ کو ایک مضمون کے ایک مضمون نگار کے خلاف صف آرا کر رہا ہے۔ چلئے ادارہ لکھ کر یہ تو واضح کر دیا گیا کہ یہ مضمون اور اس کے مشمولات از ''س'' تا ''ج'' غرضکہ ''ا'' تا ''ی'' سب کے ترجمان ہیں۔

(۳) جائزہ میں جس مضمون کو ہدف تنقید بنایا گیا ہے اس پر پہلا اعتراض یہ فرمایا گیا ہے کہ:

''اس مضمون میں انہوں نے بہار کی تقریباً تمام خانقاہوں کو مولانا احمد رضا خاں فاضل بریلوی کے قدموں میں لاکر جھکا دیا ہے اور سب کا امام و مقتدی فاضل بریلوی کو قرار دے دیا ہے۔ یہ کہاں تک صحیح ہے ہم اس پر بعد میں بحث کریں گے۔ موصوف نے اس عموم سے صرف ایک خانقاہ کو مستثنیٰ کیا ہے اور وہ بہار کی مشہور و معروف خانقاہ مجیبیہ، پھلواری شریف ہے۔ اس کے بارے میں تحریر کرتے ہیں کہ جناب سید احمد بریلوی اور مولانا شاہ اسمٰعیل دہلوی کی یہاں آمد کی وجہ سے یہاں وہابیت کے اثرات آگئے تھے''۔ (ص:۸۱، الجیب، جنوری تا جون ۱۱ء)

مذکورہ بالا پیراگراف ادارہ الجیب کی بیمار ذہنیت، علیل طبیعت اور کاذب صفت ہونے کی شہادت دے رہا ہے۔ سب سے پہلے دو باتوں کا الزام لگایا گیا ہے

(الف) تمام خانقاہوں کو مولانا احمد رضا خاں فاضل بریلوی کے قدموں میں لاکر جھکا دیا ہے

(ب) سب کا امام و مقتدی فاضل بریلوی کو قرار دیا ہے۔

بدعقیدگی ز وہابیت کی بنیادی شناخت ہے ''اشداءُ علی المومنین'' مومن کا ہر عمل اسے شرک و معصیت نظر آتا ہے۔ کوئی مزار پر گیا نہیں کہ وہ قبر پرست، کسی مزار کا بوسہ لیا نہیں کہ مشرک، کسی

کے نام میں امام یا حسین یا علی دیکھا شامل دیکھا ہیں کہ شیعہ۔

ع خدا محفوظ رکھے اس بلا سے

امام احمد رضا قدس سرہ کا نام نامی آیا اور اہل پھلواری کو خارش ہونے لگی۔ اپنے قدم ناز میں جملہ خانقاہ کو جھکانے کی ہوس رکھنے والے بے جا جذبۂ رقابت میں مبتلا ہوگئے۔ کسی نے نام لیا بس یہ الزام دھر دیا کہ تم نے تمام خانقاہوں کو ان کے قدموں میں جھکا دیا اور امام و مقتدی بنا دیا۔ اگر اس بے بنیاد الزام کی کوئی سند مضمون نگار کے پاس ہے تو وہ ثابت کریں کہ زیر تنقید مضمون کے کس جملے سے یہ نتیجہ انہوں نے نکالا ہے۔ میرا یہ دعویٰ ہے کہ کوئی بھی اہل علم کسی ایک جملے سے بھی یہ مفہوم نہیں نکال سکتا کہ مضمون نگار نے زیر تنقید مضمون میں تمام خانقاہوں کو مولانا احمد رضا خان کے قدموں میں جھکا دینا چاہا ہے۔ اس مضمون میں حضرت فاضل بریلوی کے شانہ بشانہ ہونا، موافق ہونا، لکھا گیا ہے، جس سے ہم خیال ہونا، ہم ذوق ہونا، ساتھ ساتھ ہونا، رفیق و مخلص ہونا، مؤید ہونا تو متبادر ہوتا ہے مگر اس کے برخلاف قدموں میں جھکانا تو دور رہا متبع ہونے کی بھی دلیل فراہم نہیں ہوتی ہے۔ بلکہ نگاہ حق بیں سے دیکھا جائے تو اس مضمون سے تو یہ ثابت ہوتا ہے کہ مشائخ بہار کی تائید فاضل بریلوی علیہ الرحمہ نے کی اور فاضل بریلوی علیہ الرحمۃ کی تائید مشائخ بہار علیہم الرحمہ نے کی۔

(۴) پھر فرماتے ہیں:

> موصوف نے اس عموم سے صرف ایک خانقاہ کو مستثنیٰ کیا ہے اور وہ بہار کی مشہور و معروف خانقاہ مجیبیہ، پھلواری شریف ہے۔ اس کے بارے میں تحریر کرتے ہیں کہ جناب سید احمد بریلوی اور مولانا شاہ اسمٰعیل دہلوی کی یہاں آمد کی وجہ سے یہاں وہابیت کے اثرات آگئے تھے"۔ (ص:۸۱، المجیب، جنوری تا جون ۱۱ء)

(الف) حیرت کی بات ہے کہ ادارہ المجیب تعصب و بدخواہی و تنگ نظری میں اس قدر مبتلا ہوگیا ہے کہ اسے یہ بھی نظر نہیں آرہا ہے کہ بہار کی جملہ خانقاہوں میں ان کی خانقاہ مجیبیہ کا بھی باضابطہ ذکر اسی مضمون میں موجود ہے اور وہ بھی ان جملوں کے ساتھ:

> "حضرت مولانا شاہ بدرالدین مجیبی پھلواروی اعلیٰ حضرت فاضل بریلی ...."۔ (ص:۱۴، ماہِ نور، مارچ ۱۱ء)

(ب) مذکورہ اقتباس ماہ نور سے یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ انہیں مستثنیٰ نہیں کیا گیا بلکہ المجیب میں اپنی تنقید سے وہ خود اعلان استثنا کر رہے ہیں اور مستثنیٰ کرنے کا قصور دوسرے پر مڑھ رہے ہیں۔ ماہِ نور کے اُس مضمون نے صرف ان کے دل کے میل کو زبان دے دیا ہے۔

(ج) ایک دلچسپ بات یہ ہے کہ ماہِ نور کے جس مضمون کو تنقید و تشدد کا نشانہ بنایا گیا، اس پورے مضمون میں ایک جگہ بھی ''وہابی'' یا ''وہابیت'' کا لفظ استعمال نہیں ہوا۔ پھر یہ وہابی اور وہابیت کا لفظ خود بخود ''ادارہ المجیب'' کی زبان پر کیوں آیا اور انہیں ایسا کیوں لگا کہ انہیں وہابی کہا گیا ہے........ جادو وہ جو سر چڑھ کر بولے۔ ع کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے

(۵) ادارہ المجیب تحریر کرتا ہے:

''خانقاہ عمادیہ کے سجادہ نشین حضرت مولانا شاہ ظہور الحق عمادی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۱۲۳۴ھ (موصوف کے زعم کے مطابق) وہابی تحریک سے متاثر تھے''۔

یہ ادارہ المجیب کی اپنی تحقیق ہے۔ ماہِ نور کے مضمون پر تنقید کرتے ہوئے مضمون نگار کی طرف اشارہ کرتا ہوا یہ ٹکرا ''موصوف کے زعم کے مطابق'' بے جا ہے۔ پورے مقالہ میں کہیں بھی شاہ ظہور الحق کو وہابی تحریک سے متاثر نہیں لکھا گیا بلکہ میرے خیال میں تو ایک صاحبِ خانقاہ مضمون نگار نے خانوادۂ مجیبیہ کے اس مرض قبیح کو مولوی اسمٰعیل دہلوی کے سر تھوپنے کی مثبت کوشش کی۔ مگر ادارہ المجیب نے پوری محنت صرف کر دی کہ وہابیت (بقول ادارہ المجیب) ہمیں شاہ اسمٰعیل کیا دیں گے اور کیا سکھائیں گے وہ ہمارے یہاں ان سے بھی قدیم ہے غرض کہ پھلواری کی وہابیت قدیم ہے اور اسمٰعیلیوں کی وہابیت بمقابلہ پھلواری حادث۔ چنانچہ ادارہ المجیب لکھتا ہے:

''ان تفصیلات سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ تقبیل ابہامین کے سلسلے میں حضرت شاہ ظہور الحق کی یہ رائے ان حضرات (مولوی اسمٰعیل دہلوی وغیرہ) کی آمد کے پہلے سے تھی اور یہ ان کی اپنی ذاتی تحقیق پر مبنی تھی''۔ (ص:۸۳، المجیب)

شاید یہی وجہ ہے کہ مسلم عظیم آبادی نے جب پروفیسر قیام الدین صاحب کی کتاب کا ترجمہ ''ہندوستان میں وہابی تحریک'' کے نام سے کیا تو اس میں خانوادۂ پھلواری شریف اور وہابیت کے تعلق کا بھی ذکر کیا جس کا عنوان تھا ''وہابی اور خانقاہ پھلواری شریف'' (ص:۳۸۶)

اسی کتاب میں جب انہوں نے ''وہابی نگارشات پر تبصرہ'' کا بھی ایک عنوان قائم کیا اور اس میں مولوی عبدالغفار صادق پوری کے ذخیرہ کتب میں محفوظ وہابی نگارشات میں شاہ ظہور الحق مجیبی پھلواروی ثم عظیم آبادی کے بھی ایک رسالہ کا بالالتزام ذکر کیا جسے بقول ان کے تحریکِ سید احمد بریلوی کے مطابق تالیف کیا گیا''۔ دروغ بر گردن راوی۔

کس کس کا ماہ وسن ملا کر اعلان تردید کریں گے۔ مسلم عظیم آبادی کے مطابق پھلواری شریف سے کئی بے نامی رسالے بھی لکھے گئے جن کا مقصد تحریک وہابیت کو قوت بخشنا بھی تھا۔ واللہ اعلم۔ اس فہرست میں ایک رسالہ ''اسوۂ حسنیٰ'' بھی ہے جو جناب شاہ محمد علی حبیب پھلواروی سجادہ نشیں خانقاہ مجیبیہ کی تالیف ہے اور جس میں بقول مسلم عظیم آبادی وہابیوں کے سرخیل کے لیے مندرجہ ذیل القابات قلم سے عقیدتاً ٹپک گئے ہیں۔'' آفتاب روحانیت، عماد متقین، ماہتاب الہبیین''

(۶) ادارہ المجیب لکھتا ہے:

> ''حافظ قرآن ہونے کے ساتھ ساتھ ایک اہم خصوصیت بھی ان (شاہ ظہور الحق مجیبی عمادی پھلواروی) کو حاصل تھی۔ جو اب تک بہار کی کسی خانقاہ میں نیز موصوف مضمون نگار کے امام و مقتدی فاضل بریلوی کے یہاں بھی نظر نہیں آتی۔ وہ خصوصیت یہ ہے کہ وہ حافظ صحیحین بھی تھے۔ یعنی صحیح بخاری و صحیح مسلم ان کو مکمل حفظ تھیں''۔ (ص:۸۲)

(الف) مولانا شاہ ظہور الحق پھواروی کی صفت جس عنوان سے اور جس انداز تقابل سے بیان کی گئی وہ ادارہ المجیب کی سطحی فکر کی غماز ہے اور انا خیر منہ کا ترجمہ ہے۔

(ب) خانقاہ مجیبیہ اور ان کے ''ادارہ المجیب'' کے کام کرنے کے ڈھنگ بھی کس قدر سیاست سے پر ہیں اس کا اندازہ لگائیے کہ خانقاہ مجیبیہ پھلواری شریف کے دارالاشاعت مجیبیہ سے ''حیات بدر'' شائع ہوئی اور اسی سے دنیائے علم و ادب کو یہ پتہ چلا کہ مولانا ظہور الحق مجیبی عمادی پھلواروی تقبیل ابیامین کو ''بدعت قبیحہ'' ہی نہیں ''قریب بکفر'' جانتے تھے اور جب نقل کفر، کفر نباشد کے قاعدے کے تحت اسے نقل کیا گیا تو قیامت کیوں آگئی۔ اگر خانقاہ مجیبیہ نے مولانا ظہور الحق کا یہ عقیدہ چھاپ کر مشتہر نہ کیا ہوتا تو شاید یہ بات کسی کو معلوم بھی نہ ہوتی اور نہ کوئی

تبصرہ ہوتا۔

(ج) ''حافظ صحیحین'' لکھ کر پھر ''یعنی'' سے اس کی وضاحت، کہیں ایسا تو نہیں کہ ادارہ ''المجیب'' نے اسے خود اپنی یادداشت کے لیے حاشیے میں لکھا تھا، جو کمپوزنگ کی غلطی سے شاملِ مضمون ہوگیا۔ ورنہ ابھی دوسری دانشگاہوں کا معیار اتنا نہیں گرا ہے کہ وہ صحیحین، شیخین، صاحبین کی اصطلاحات بھی نہ سمجھ سکیں اور اگر تجزیہ نگار نے ''المجیب'' کے قارئین کے لیے ایسا کیا، تو وہ ان کے مریدین ہیں اور ان کے معیار کا پتہ حوارئین شیخ کو ہونا ہی چاہئے۔ **فاعتبروا یا اولی الابصار۔**

(د) یہ بھی حیرت کی بات ہے کہ ادارہ ''المجیب'' ایک ایسی خصوصیت پر دوسروں کو بنظر حریف دیکھ رہا ہے جس سے خود ان کے جانشینوں کا دامن خالی ہے، بہار کی خانقاہوں پر تفوق جتانے سے اچھا ہوتا کہ یوں لکھتے کہ موصوف ایسی صفت سے متصف تھے کہ اس صفت سے ان کے اجداد اور اخلاف دونوں خالی ہیں تو شاید زیادہ موزوں ہوتا۔ اور جہاں تک غیروں سے مقابلے اور مسابقے کا معاملہ ہے تو اطلاعاً عرض ہے کہ کسی اور کا نام کیا لینا، یہ ایسا شرف ہے جس سے امام بخاری اور امام مسلم بھی خالی ہیں، نہ امام بخاری کو مسلم یاد تھی اور نا امام مسلم کو بخاری۔

(ہ) کسی کے بارے میں کسی کا کچھ لکھ دینا مستند، معتبر اور ثقہ نہیں مانا جاتا۔ چترویدی کی تعریف ایک غیر ہندی داں اور ناواقف محض سُن کر کرنے لگے تو کیا اسے مستند کہیں گے؟ جسے قرآن یاد نہ ہو وہ کسی کے حفظ کی گواہی دے تو کیا اسے مستند مان لیا جائے گا۔ وہ کون ہے جس نے ادارۂ المجیب کے موصوف کے ''حافظ صحیحین'' ہونے کی اطلاع دی——— ہاں اگر یہ اطلاع ''پدرم سلطان بود'' کے قاعدے سے ہے تو اس کا حق تو ہر ناحق کو حق کہنے والے کو پہنچتا ہے۔ ویسے اطلاعاً عرض ہے کہ دعویٔ حفظ صحیحین پر ایسی اتراہٹ اچھی نہیں۔ گذرنے والے تو ایسے بھی گذرے ہیں کہ انہیں نہ صرف متن صحیحین بلکہ اس کی شروح بھی حفظ تھیں۔
حضرت مجدد الف ثانی کے پوتے شیخ محمد فرخ، بابا داؤد مشکوتی، مولانا عبدالمالک عباسی اور اسی بہار میں خاص طور پر مولانا قادر بخش سہسرامی کا نام لیا جاسکتا ہے جنہیں نہ صرف بخاری و

مسلم بلکہ صحاح حفظ تھیں۔ بخاری کی حدیثیں سند کے ساتھ اور فتح الباری، عینی وغیرہ شروح تک مولانا کو زبانی یاد تھیں۔ ملاحظہ ہو''نزہۃ الخواطر'' اور ہندوستان میں مسلمانوں کا نظام تعلیم وتربیت۔

اب تجزیہ نگار ہی بتائیں کہ اگر حافظ صحیحین ہونا ہی بڑی بات ہے تو صحیحین کیا صحاح ستہ کے بھی حافظ حوالوں میں موجود ہیں۔ اب وہ خود ہی بتائیں کہ کون افضل ہے؟

(و) جہاں تک کسی کا بزعم خود'' حافظ صحیحین'' سے امام احمد رضا قدس سرہ کے مقابلے کا سوال ہے تو یہ بالکل وہی بات ہے جس میں کوئی حافظ کا مقابلہ عالم وفاضل سے کرے۔ یہ مقابلہ کر کے''ادارہ المجیب'' نے سنجیدگی، متانت، ادب اور شرافت کی دولت سے عاری وخالی ہونے کا اعلان عام کر دیا ہے۔

حضرت مولانا قادر بخش سہرامی کا ذکر ابھی گزرا کہ آپ حافظ صحیحین ہی نہیں اس کی شروحات کے بھی حافظ تھے۔ ان کی یہ بات بہت مشہور ہے اور ملک العلما مولانا ظفر الدین بہاری کی علیہ الرحمہ کی مرتبہ'' حیات اعلیٰ حضرت'' میں بھی موجود ہے۔ آپ فرماتے تھے کہ جس کے ایمان وعقیدہ کی صحت کا جائزہ لینا ہو تو اس کے سامنے اعلیٰ حضرت امام احمد رضا کا نام لے لیجئے، اگر اس کے چہرے پہ بشاشت دیکھیں تو سمجھ جائیں خوش عقیدہ ہے اور اگر چہرہ کا جغرافیہ بگڑ جائیں تو سمجھ لیں کہ وہابیت و بدعقیدگی اپنی جگہ بنا چکی ہے۔ مولانا ڈاکٹر ساحل شہسرامی کے بقول، حضرت مولانا قادر بخش اعلیٰ حضرت کے مستفتی بھی ہیں اب اندازہ لگائیں کہ حافظ صحیحین اور فقیہ کے درمیاں کتنا واضح تفاوت ہے۔

ع شاید کہ اتر جائے ترے دل میں مری بات

ماہِ نور کے جس مضمون کے جواب میں یہ باتیں''ادارہ المجیب'' نے تحریر کی ہیں، اُس مضمون میں ایسی کوئی بات نہیں ہے، جس کے جواب میں ایسے موازنے اور مقابلے کی نوبت آجائے۔ یہ باتیں''ادارہ المجیب'' کی صرف اور صرف بغض معاویہ کے تحت چاند پر تھوکنے کی ہیں۔ کیا''ادارہ المجیب'' ایسے موازنے میں ایمانداری کے ساتھ مولوی رشید احمد

گنگوہی یا مولوی اشرف علی تھانوی یا مولوی صدیق حسن خاں بھوپالی کا نام لے یا لکھ سکتا تھا؟ حاشا وکلا کبھی نہیں۔اس سے تو ان کے آقا اور آقا زادے روٹھ جاتے اور پھر تو ہم نوالہ وہم پیالہ منہ پھیر لیتے۔

اطلاعاً عرض ہے کہ کوئی حافظ بخاری ہو یا حافظ صحیحین وصحاح لیکن کسی نے وہ کارنامہ انجام نہیں دیا جو امام احمد رضا فاضل بریلوی نے انجام دیا کہ ان کی کل تصانیف میں بطور حوالہ نقل کی گئی ماخذ کتابوں کی تعداد چار سو (۴۰۰) ہے اور حدیثوں کی مجموعی تعداد ۴۵۰۰ ہے اور ان کی تخریج کے بعد ان احادیث کو جب مرتب ومدون کیا گیا تو یہ دس جلدوں میں بنام "جامع الاحادیث" شائع ہوگئی ہے۔جس کے مرتب جامعہ نوریہ رضویہ کے پرنسپل مولانا محمد حنیف خان ہیں۔

(ز) شاہ ظہور الحق پھلواروی کے تقبیل ابہامین کے بدعت قبیحہ اور قریب بکفر سمجھنے پر شاہ اسمٰعیل دہلوی سے ان کا رشتہ جوڑ دینا اتنا بڑا گناہ ہے کہ تجزیہ نگار غصے میں بے قابو ہوگئے ۔حالاں کہ ماہِ نور کے مضمون نگار نے تو صرف متاثر ہی کہا ہے جب کہ خود پھلوری خانقاہ کے فرد جناب مولانا شاہ ابوالحسن فردؔ پھلواروی نے تو باضابطہ ایک مکمل رسالہ ان کی رد میں لکھ ڈالا ہے۔ بیچارے مضمون نگار کو تو ان کے حافظ صحیحین ہونے کا شاید پتہ نہ ہو،مگر شاہ فرد کو تو معلوم ہوگا کہ یہ فاسد اور قابل تردید عقیدہ ایک حافظ صحیحین کا ہے۔پھر بھی انہوں نے ردّ میں مکمل رسالہ لکھ ڈالا ، کیوں؟ ﷺ ﷺ ﷺ غور فرمائیں جب گھر کے افراد ہی آپ کے "حافظ صحیحین" کی ناقدری کررہے ہیں تو دوسرے پر کیا رونا۔

یہ الگ بات ہے کہ کل ادارہ المجیب داد تحقیق لینے کے لیے یہ حساب جوڑ ڈالے کہ جب فردؔ نے ان کے عقیدۂ غلط کی تردید کی تھی تو اس وقت وہ حافظ صحیحین نہیں ہوئے تھے،اس کے بعد ہوئے۔سن لکھنے میں ہمارے ہی یہاں غلطی ہوگئی اور اسے اعلیٰ پایہ کی تحقیق اور ریسرچ کا نادر نمونہ قرار دے۔ سنہ ۱۲۳۰ھ میں جب خانوادے نے اخلاقیات سے توبہ کرکے قطع رحمی کے گناہ کبیرہ کا ارتکاب کرتے ہوئے انہیں پھلواری سے جانے پر مجبور کیا تو وہ حافظ صحیحین نہیں تھے اور چار برس جو انہوں نے عظیم آباد میں جابجا پریشانی میں گذارے ،اس میں کیا حفظ کرلیا

اور کیا بھول گئے اس کا پتہ شاہ فرد کو کیسے چلتا؟

بسوخت عقل ز حیرت کہ ایں چہ بوالعجبی ست

(ح) شاہ ظہورالحق پھلواروی کے حافظ صحیحین ہونے کی صفت کا ذکر کرتے ہوئے ادارہ المجیب لکھتا ہے:

''جو (صفت) اب تک بہار کی کسی خانقاہ میں نیز موصوف مضمون نگار کے امام ومقتدیٰ فاضل بریلوی کے یہاں بھی نظر نہیں آتی''۔

''موصوف مضمون نگار (یعنی ڈاکٹر سید شاہ شمیم الدین احمد منعمی) کے امام ومقتدیٰ فاضل بریلوی'' لکھ کر ادارہ المجیب کو بڑی تسکین ہوئی ہوگی اور اپنی برأت کا احساس بھی قوی ہو گیا ہوگا لیکن انہیں یہ معلوم ہونا چاہئے کہ امام احمد رضا کسی فرد واحد کیا کسی ملک کے ہی ''امام ومقتدیٰ'' نہیں ہیں بلکہ عجم سے لے کر عرب تک کے علماء ومشائخ نے انہیں علم وفن اور فضل وکمال کا ''امام'' لکھا اور سمجھا ہے۔ دور کیوں جائیں وہ اگر اپنے ہی خانودے کے بزرگوں کے احوال پڑھ لیں جو اُسی رسالہ ''ماہِ نور'' کے زیر تنقید شمارے کے بعد والا شمارہ (جولائی ۲۰۱۱ء) میں شائع ہوا ہے، حضرت پیر مجیب کے بڑے صاجبزادے حضرت شاہ عبدالحق کی اولاد جواب تک نسلاً بعد نسلٍ بہار کی معروف خانقاہ عمادیہ کی سجادہ نشیں ہوتی آرہی ہے۔ اسی خانقاہ عمادیہ کے مرکزی دارالعلوم عمادیہ کے ایک ذمہ دار استاد جو تادم تحریر دارالعلوم عمادیہ کے مسند درس پر موجود ہیں ان کا یہ بیان پڑھیں ممکن ہے شرح صدر ہو جائے اور شاید دل کا کانٹا بھی اذیت کے بجائے لذت کا سامان بن جائے۔

''خانقاہ عمادیہ، پٹنہ سیٹی، بہار کے موجودہ سجادہ نشیں شیخ طریقت حضرت سیّد شاہ مصباح الحق عمادی مدظلہ العالی کے فرمان کے مطابق خانقاہِ عمادیہ امام احمد رضا فاضل بریلوی کے افکار ونظریت کی تائید وحمایت میں رہی ہے اور حسام الحرمین اور الصوارم الہندیہ پر یقین رکھتی رہی ہے، جن میں حرمین شریفین اور متحدہ ہندوستان کے علمائے کبار کا وہ فتویٰ شائع کیا گیا تھا جس میں ان علمائے کرام نے وہابی دیوبندی کے اقوالِ خبیثہ پر کفر وارتداد کا حکم لگاتے ہوئے فرمایا تھا: من شك في كفره وعذابه فقد كفر جو ایسے لوگوں کے کفر وعذاب میں شک کرے وہ بھی کافر ہے''۔

(ص:۲۱، ماہِ نور، جولائی ۲۰۱۱ء)

امامت و مقتدائی اگر ''ادارہ المجیب'' کو سمجھ میں نہ آتی ہو تو اسے دوسروں پر نہ پھینکیں اپنے شرعی حصہ دار کے دارالعلوم کے استاد سے سیکھ لیں مولانا محمد صلاح الدین رضوی استاذ دارالعلوم عمادیہ، خانقاہ عمادیہ قلندریہ، منگل تالاب، پٹنہ سیٹی لکھتے ہیں:

''چودھویں صدی ہجری کے مجدد کے طور پر علماء عرب و عجم نے متفقہ طور پر مجددِ اسلام امام احمد رضا فاضل بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دل و جان سے تسلیم کیا، کیونکہ مجدد ہونے کی جو شرط ہے کہ ایک صدی کے آخر اور دوسری صدی کے اوّل میں اس کے علم و فضل کی شہرت رہی ہو اور علماء کے درمیان اس کے احیائے سنت، ازالۂ بدعت اور دیگر دینی خدمات کا چرچا کیا جاتا ہو تو یہ شرط امام احمد رضا فاضل بریلوی میں بطورِ اتم موجود تھی، اس لیے کہ تیرہویں صدی کے آخر ہی میں آپ کے علوم و فنون اور فضل و کمال کا شہرہ ہندوستان سے عرب تک پہنچ گیا اور پھر چودھویں صدی میں بھی 39 سالوں سے زائد عرصہ تک حمایتِ دین، احقاقِ حق و ابطالِ باطل، احیائے سنت اور اماتتِ بدعت کا فریضہ حیرتناک طریقے سے انجام دیتے رہے جو آپ کے مجدد ہونے کی دلیل ہے۔ یہ کوئی مخفی بات نہیں ہے بلکہ اگر ان کی تصنیفات عالیہ کا مطالعہ کیا جائے تو یہ حقیقت خوب واضح ہو جائے گی کہ امام احمد رضا فاضل بریلوی نے عقائدِ باطلہ کی زوردار تردید و مذمت فرما کر لوگوں کے عقائد حقہ کی حفاظت فرمائی۔ بدعات و خرافات اور غلط رسم و رواج کے خلاف سخت ترین آواز اٹھا کر انہیں معاشرہ سے مٹایا، زبان و قلم سے حق و باطل کو چھانٹ کر رکھ دیا اور جن سنتوں پر عمل کرنا لوگ چھوڑ چکے تھے ان میں نئی جان ڈال کر دین و سنت کا بول بالا کر دیا''

(ص:۲۱، ماہِ نور، جولائی ۲۰۱۱ء)

اگر اپنے خاندان کی یہ شہادت ناکافی ہو تو اب آپنے یہاں کے اجل مرید کے امام و مقتدیٰ کی بھی خبر لیں۔ شاہ امان اللہ پھلواروی (موجودہ سجادہ نشین کے حقیقی دادا) کے مرید نامدار علامہ شاہ فضل امام واقفؔ آروی کے مختلف رسائل و جرائد میں درجنوں مضامین موجود ہیں،

جن میں انہوں نے حضرت فاضل بریلوی کو امام و مجدد لکھا ہے۔ یہ تو مشتے از خروارے ہے۔ ضرورت پڑی تو مطبوعہ وغیر مطبوعہ مضامین کا ایک دفتر منتظر ہے۔

سچ کہا ہے کسی نے ؏ حرم رسوا ہوا پیر حرم کی کم نگاہی سے

(۷) ادارہ المجیب آگے لکھتا ہے:

''جہاں تک اذان میں شہادتین کے وقت ''تقبیل ابہامین'' کا مسئلہ ہے تو وہ مختلف فیہ ہے اور اس کا تعلق فروعی مسائل سے ہے۔ علامہ شامی نے جہاں پر اس کا ذکر کیا ہے وہیں پر اس حدیث کے عدم صحت کی صراحت کر دی ہے۔ موصوف سے گذارش ہے کہ اس سلسلے میں محدثین کی کتابیں مطالعہ فرمائیں۔ بعض محدثین نے اس حدیث کو اپنی کتاب موضوعات میں بھی ذکر کیا ہے۔ اگر یہ روایت موضوع نہ بھی ہو تو ضعیف ضرور ہے۔ اس لیے تقبیل ابہامین کا انکار کرنا وہابی ہونے کی دلیل نہیں ہے۔ بہار و یوپی کی متعدد خانقاہوں کے مشائخ تقبیل ابہامین نہیں کرتے۔ فاضل بریلوی کے نزدیک بھی اس کی حیثیت محض مستحب کی ہے۔ اس سے زیادہ نہیں۔ (احکام شریعت: ٦٦)''۔ (ص: ٨٢)

اگر کسی مسئلہ کو مختلف فیہ لکھنے کا یا کہنے کا یہی معیار ہے کہ نہ کتابوں کا حوالہ نہ محدثین کے نام کا ذکر نہ حدیثی کتب کی صراحت، تو پھر کون سا مسئلہ ہے جو مختلف فیہ نہیں ٹھہرے گا اور جہاں تک اس کے فروعی ہونے کا تعلق ہے تو کس نے اس کو بنیادی لکھا کہ آپ فروعی بتا رہے ہیں —— ویسے یہ یاد رہے کہ بعض دفعہ بعض حالات و تناظر میں فروعی مسئلے کا بھی انکار ''حبط اعمال'' کا سبب بن جاتا ہے۔ تاریخ اسلام کا مطالعہ طہارت نیت کے ساتھ فرمائیں گے تو فروع کے انکار سے اصل کے انکار کی مثالیں مل جائیں گی۔ آپ خود سوچیں کہ اگر یہ مسئلہ اس قدر معمولی اور سرسری ہے تو مولانا شاہ ابوالحسن فرد پھلواروی نے شد و مد سے اس کی تردید کیوں کی؟ کل اس کا رد کرنا خانقاہ پھلواروی کا مسلک و مشرب تھا اور آج اس کا دفاع کرنا مسلک و مشرب ہے؟ شاید اسی دن کے لئے ڈاکٹر اقبال نے کہا تھا

تجھے آبا سے اپنے کوئی نسبت ہو نہیں سکتی
کہ تو گفتار وہ کردار تو ثابت وہ سیارہ

الجیب کو محدثین کی اصطلاحات سے بھی کسی قدر واقفیت ہوتی تو انہیں علامہ شامی کے بقول خود عدم صحت (کذا) جو دراصل لایصح ہے، کی حقیقت سمجھ میں آتی۔ کسی حدیث کے بارے میں ''لایصح'' کی رائے اس حدیث کے موضوع ہونے کی دلیل، قطعی نہیں ہے۔

بعض محدثین کی کتاب موضوعات کا عمومی حوالہ واضح دھوکہ دھڑی ہے۔ کس محدث نے کس کتاب موضوعات میں تقبیل ابہامین کی کس حدیث کا ذکر کیا ہے؟ اور اگر کیا بھی ہے تو ایسے ذکر کا ذکر ہی کیا جسے آگے خود یہ کہہ کر نا قابل تذکرہ بتایا جا رہا ہے کہ ''موضوع نہ بھی ہو تو ضعیف ضرور ہے'' موضوع اور ضعیف کے درمیان کا فرق بھی جسے نہیں معلوم، وہ دوسروں کو حدیث کی کتابوں کے مطالعہ کی گذارش کر رہا ہے۔ موضوع اور ضعیف کے درمیان سچ پوچھئے تو بعد المشرقین ہے اور اگر کسی محدث نے اپنی کتاب موضوعات میں کسی حدیث کا ذکر کر بھی دیا تو یہ بھی دیکھنا ہے کہ دوسرے محدثین بھی اس کے موضوع ہونے کے قائل ہیں یا نہیں؟ ایسی حدیثیں علم حدیث کا مطالعہ کرنے والوں سے پوشیدہ نہیں ہیں جنہیں کتاب موضوعات میں درج ہونے پر دوسرے محدث تشدد کا نتیجہ بتاتے ہیں اور ان کی رائے اس سے مختلف ہوتی ہے۔

تجزیہ نگار نے لکھا ہے کہ ''تقبیل ابہامین کا انکار کرنا وہابی ہونے کی دلیل نہیں ہے'' یہ بات بالکل ویسی ہی ہے جیسے کوئی یہ کہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کے سجدے سے انکار کرنا مشرک ہونے کی دلیل نہیں ہے۔ ادارہ الجیب کا یہ قول دراصل حضرت شاہ ظہور الحق کے بجائے خود اپنے دفاع میں ہے۔ اپنے صالحین کے عمل کو ہیچ سمجھنا، بہ نیت تقویٰ اس کی تنکیر کرنا اور اس کے منکر کو قائل سے بہتر سمجھنا وہابیت کی دلیل ہے۔

ادارہ الجیب نے بڑے ڈھٹائی سے ''تقبیل ابہامین'' کے مسئلہ کو الجھانے کی کوشش کی ہے۔ دراصل یہ تقبیل ابہامین کے قائل ہونے یا قائل نہ ہونے کا مسئلہ ہی نہیں ہے۔ یہ مسئلہ نہ صرف تقبیل ابہامین (اذان میں شہادت رسالت کے وقت انگوٹھوں کے چومنے) کو بدعت قبیحہ سمجھنے کا ہے بلکہ اس سے بھی سوا قریب بکفر سمجھنے پر مرکوز ہے۔ اس کے بارے میں ان کی کیا رائے ہے؟ یہ وضاحت کرنی چاہئے تھی۔ قریب بکفر سمجھنے کو ادارۂ الجیب نے جان بوجھ کر چھپایا ہے۔ اس کی سب سے بڑی دو وجہ ہے۔ پہلی یہ کہ اس کا جواب دینے میں تجاہل عارفانہ کا حجاب چاک ہوگا اور دوسری یہ کہ اہل پھلواری خود

عملاً تقبیل ابہامین کے منکر ہیں۔ جائیں تو کدھر جائیں۔ اور اس سے بھی زیادہ دردناک پہلو یہ ہے کہ جب میں نے یہ جاننا چاہا کہ ماہِ نور میں شائع مقالے کے مضمون نگار جن پر ادارۂ المجیب چراغ پا ہے، نے یہ بحث کس ماخذ کے حوالے سے کی ہے تو میری رسائی ''حیات فرد'' تک ہوئی اور اس کے مطالعہ سے ادارہ ''المجیب'' کا کید و مکر بالکل واضح ہوگیا۔ شاہ ظہور الحق پھلواروی کے دفاع میں اترنے والے یہ بھول گئے کہ خود مولانا شاہ ابوالحسن فردؔ نے شاہ ظہور الحق کے عقیدے کا کس لب و لہجے اور تیور و آہنگ میں ردّ کیا ہے۔ اگر ان کی توجہ اپنے اجداد کے عقیدے پر ہوتی تو دامن قبا کا چاک ''قُدّمن قُبُلٌ'' ہونے سے بچ جاتا۔ اسی کا نام وہابیت ہے۔

شاہ ظہور الحق پھلواروی جنہیں ادارہ المجیب ''حافظ صحیحین'' بتا کر بچانا چاہ رہا ہے، کی تردید میں مولانا شاہ ابوالحسن فردؔ پھلواروی کا تیور ملاحظہ کیجئے:

''سمعت یقول من اظنه من الکبرا الابراز فی منع وضع الابهامین علی العینین ...... من جهة کو

نه بدعة قبیحة عنده بل قریبا من الکفر فعجبت و ظننت من الالفافات جرت علی لسانه من الکبر والعدم والقرم اوجعل عدم العلم دلیل العدم فلما بلغنی اصراره علی دعوی الکفر اردت استخراج سند الجواز بل المندوبته بل کونه سنة سنیة من الکتب المعتبرات۔''

ہو سکے تو اس کا ترجمہ کرلیں یا کرالیں۔ ادارہ المجیب میں بعض ایسے حضرات بھی ہیں جو بیچارے چکی اعتقاد میں پس رہے ہیں۔ انہیں سے اس کا معنی پوچھ لیں اور اگر ہمت ایمان لائے تو ادارہ المجیب اسے المجیب میں شائع کردے۔ اس کے آگے اور کیا لکھیں کہ بنی اسرائیل بچھڑا و گوسالہ پرستی میں برباد ہوگئے اور ادارہ المجیب نفس پرستی میں۔ میرے بس میں بھی اتنا ہی ہے جتنا حضرت فردؔ کے بس میں اس لئے انہیں کا جملہ دہراتے ہوئے آگے بڑھتا ہوں۔ ''وان بقی ریب فلا علیّ دفعه والله یهدی من یشاء الی صراط المستقیم''

وائے بدنصیبی کل اسی خانقاہ کا سجادہ نشیں تقبیل ابہامین کے قریب بکفر سمجھنے کو کبر، عدم اور قرم

سے تشبیہ دیتے ہوئے ضلالت سے ہدایت کا راستہ دکھا رہا تھا اور آج اسی خانقاہ کا ترجمان اس کبر، عدم اور قرم کو علم حدیث کا کمال تسلیم کرا رہا ہے۔کل کی قابل افسوس تاریخ کی طرف کسی نے انگلی اٹھا دی تو اس کے پیچھے طمانچہ طپنچہ سب لے کر پڑ گئے، ویناش کالے دو پریت بُدھی۔

جہاں تک بہار و یو پی کی متعدد خانقاہوں کے مشائخ کے تقبیل ابہامین نہیں کرنے کی اطلاع کا سوال ہے تو یہ موضوع بحث ہی نہیں ہے اور اگر اسے بطور دلیل قبول کرانے پر اصرار ہے تو یہ بتایئے کہ ۹۹ فی صد خانقاہوں میں گوشہ نشینی نہیں ہے بلکہ سنت نبوی علی صاحبہا الصلوٰۃ والتسلیم پر عمل ہے تو کیا اس بنیاد پر خانقاہ پھلواری خلوت نشینی کو ترک کر کے اکثر و بیشتر خانقاہوں کی روش پر عمل پیرا ہوگی۔

ادارہ المجیب اگر غصہ تھوک دے تو اسے محسوس ہوگا کہ عمل نہ کرنا الگ بات ہے اور اس عمل کو قریب بکفر سمجھنا بالکل الگ بات ہے۔ دونوں میں کوئی مماثلت نہیں۔

اب رہی بات فاضل بریلوی کے نزدیک اس کی حیثیت کیا ہے؟ تو آپ کا حاصل مطالعہ یہ ہے کہ:

"اس کی حیثیت محض مستحب کی ہے اس سے زیادہ کچھ نہیں۔(احکام شریعت:٦٦)"

پہلی بات یہ کہ امام احمد رضا کو "احکام شریعت" کے حوالے سے پہچاننا بالکل ایسا ہی ہے جیسے کوئی ہمالہ پہاڑ کی زیارت کا شوق راجگیر کی پہاڑی سے پورا کر لے۔ دوسرے یہ کہ مستحب نہیں بلکہ "محض مستحب اور اس سے زیادہ کچھ نہیں"۔ یہ آپ کی ترجمانی ہے یا فاضل بریلوی کے الفاظ؟۔ احکام شریعت میں "ردالمحتار" کے حوالے سے مستحب لکھا ہے۔ مستحب کو "محض مستحب" اور اس پر بھی اکتفا نہیں بلکہ "اس سے زیادہ کچھ نہیں" کا اضافہ "تقبیل ابہامین" سے ادارہ المجیب کے شدید بغض کا پتہ دے رہا ہے۔ اور یہ بغض تب اور واضح ہو جائے گا جب یہ غلط فہمی دور ہوگی کہ حضرات پھلواری بڑے متشرع اور فرائض و سنن کے پابند اور مستحب کو "محض مستحب اور اس سے زیادہ کچھ نہیں ماننے والے ہیں" کا پردہ چاک ہوگا۔ آپ کو یہ جان کر حیرت ہوگی کہ خانقاہ پھلواری میں بعض معمولات مستقل بلا ترک فرض و سنت کی طرح جاری ہیں مثلاً:

(۱) سجادہ نشیں کے لیے منبر کے ٹھیک محاذی مُصلّی بلکہ نرم و ملائم گدا مستقل بچھایا جاتا ہے جو ہر نماز میں ان کے لیے مختص ہوتا ہے۔ یہ جائز ہے، مستحب ہے، استبراک ہے اور

پتہ نہیں کیا گیا ہے اور اس کے لیے تو مسجد میں کسی کے لیے جگہ کے مستقل مخصوص کرنے کی کراہیت بھی کوئی معنی نہیں رکھتی۔ تقبیل ابہامین جو صرف اور صرف عظمت و محبت رسول اللہ ﷺ کا آئینہ دار ہے وہ بدعت قبیحہ اور ''قریب بکفر'' ٹھہرے اور اس کی روایات ضعیف بلکہ موضوع ٹھہریں اور سجادہ نشیں کا استبراکا اور اتباع شیخ کی نیت سے کیا گیا عمل، ایسا کہ عجب نہیں کہ کئی صفحے الجیب میں اس کے جواز میں آئندہ چمک اور دمک پڑیں فیا للعجب۔

(۲) خانقاہ مجیبیہ پھلواری شریف میں جمعہ کے خطبہ کی اذان سے پہلے مؤذن ہمیشہ دائیں اور بائیں طرف متوجہ ہو کر بلند آواز سے **اسکتوا رحمکم اللہ** کہتا ہے۔ اس بدعت کو مستقلاً اختیار کرنے کے لیے جو جواز ہے وہ تقبیل ابہامین کی دلیلوں سے بھی پختہ اور اعلیٰ ہے اور فقہا تقبیل ابہامین کے استحباب کی جو دلیلیں دیتے ہیں اس کے ترک بلکہ انکار سے اس بدعت پر عمل بلکہ دوام احوط۔ ع حیران ہوں کہ رووں کہ پیٹوں جگر کو میں

(۳) خانقاہ مجیبیہ میں ہر شب جمعہ کو عشار کے وقت سات اذانیں دی جاتی ہیں اور اس کے لیے چند خانقاہوں کا رواج اور اذان سے دفع بلا کی عمومی دلیلوں پر اکتفا جاتا ہے۔ یہ کیا ہے ع کچھ تو کہیئے زبان کیوں چپ ہے

عمل کرنا چاہیں تو ضعیف وغریب کیا، کسی طرح کی حدیثوں کی ضرورت سے مستغنی ——— اور عمل کرنا نہ چاہیں تو ساری دلیلوں پر بلڈوزر چلا دیں۔

اب اس عبارت کو پڑھیے جو ادارہ الجیب آگے تحریر فرما رہا ہے:

> ''نیز صوفیہ کے یہاں وظیفہ و اوراد کے طور پر کسی عمل کی تعلیم علیحدہ چیز ہے اور اس فعل کو حدیث سے ثابت مان کر اس کا التزامی عمل اور اس کو اپنے طبقہ کا شعار بنا لینا علیحدہ چیز ہے۔ موصوف کو ان کے درمیان فرق سمجھ لینا چاہیے'' **لما تقولون مالا تفعلون۔**

قارئین ادارہ الجیب کی بہکی بہکی باتیں ملاحظہ کریں گھر کا معاملہ ہو تو صوفیہ کے اعمال کی پناہ اور سرکار ﷺ کی تعظیم و محبت میں انگوٹھے چومنے کا مسئلہ ہو تو صوفیہ کے یہاں مقبول حدیث بھی ناقابل اعتبار۔ آخر یہ

کون سی منطق ہے　　　کوئی بتلائے کہ ہم بتلائیں کیا

اب رہی بات امام احمد رضا کے ''احکام شریعت کے حوالے کی۔ احکام شریعت عام لوگوں کے لیے فاضل بریلوی کے فتاوے اور ملفوظات کا وہ انتخاب ہے جو عوام کے لئے عام مسائل کے مختصر اور عام فہم جوابات پر مشتمل ہے۔ ادارہ ''المجیب'' کو جس دقت نظر کا دعویٰ ہے اس کے لیے تو ضروری تھا کہ وہ فقہ حنفی کی انسائیکلو پیڈیا ''فتاویٰ رضویہ'' کی طرف رجوع کرتا۔ ذہن کی کجی اور دل کا میل اتنا معمولی نہیں ہے کہ احکام شریعت کے وضو سے دور ہو جائے ان پر لازم ہے کہ فتاویٰ رضویہ سے غسل کریں امید ہے کہ طہارت قلب وذہن نصیب ہوگی انشاء اللہ——اور اگر بار بار اس عمل کو دہرائیں تو شاید حدث قلبی و ذہنی وفکری سے کلی طہارت مرحمت ہو جائے۔ وباللہ التوفیق۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں صاحب فاضل بریلوی نے دو رسالے خاص اسی مسئلے میں نہایت مفصل کافی وشافی تحریر فرمائے ہیں۔ پہلا رسالہ ''**منیر العینین فی حکم تقبیل الابھامین**'' اور دوسرا رسالہ ''**نہج السلامہ فی حکم تقبیل الابھامین فی الاقامہ**'' پہلا رسالہ بڑے سائز کے تقریباً دو سو صفحات پر محیط ہے اور دوسرا رسالہ تقریباً ۲۲ صفحات پر مشتمل ہے۔ اگر توبہ کے بعد توفیق الٰہی رفیق ہو تو فتاویٰ رضویہ کھولیے نہ صرف تقبیل ابہامین سمجھ میں آجائے گا بلکہ حدیث کی اصطلاحات بھی سمجھ میں آجائیں گی۔　　　(جاری)

❁❁❁

فتاویٰ رضویہ میں سائنسیات کا اشاریہ

ڈاکٹر امجد رضا امجد

الدقة التبیان

نمبر شمار	عنوانات	صفحات	کیفیت
۱	پانی، سرکہ اور شہد میں مل جائے تو پانی کی رقت باقی رہتی ہے	۹۲	علم کیمیا
۲	پانی پکانا۔ پانی ابالنا (پانی کی تطہیر) تشویہ (جھلجھلانا)	۱۰۲	علم طب
۳	شریب، مشروب اور شراب میں فرق	۱۰۴	
۴	پانی کی تطہیر کی بنیاد اجزار، اوصاف، طبیعت، اسم	۱۱۲	
۵	کن چیزوں کے ملنے سے پانی وصف بدل جاتا ہے	۱۲۶	
۶	کونسا مخلوط پانی صاف اور پاک ہے	۱۴۱	حفظ صحت
۷	گل بابونہ، اشنا بوٹی کا تصفیہ	۱۴۲	علم مبدلہ (طب)
۸	پانی کے اوصاف میں تبدیل کے اصول	۱۴۹	
۹	جامد اور مائع کا آپس میں امتزاج نہیں ہوتا	۱۵۲	علم کیمیا
۱۰	پکے (ابلے ہوئے پانی میں مشمولہ کا امتزاج کام ہوتا ہے	۱۵۹	علم کیمیا
۱۱	منہ سے خون کے اخراج پیٹ سے یا منہ سے؟ اس کی تعین	۱۶۹	(طب) امور طبعیہ
۱۲	خون کا اخراج پیٹ سے یا منہ سے؟ اسکی تعیین	۱۷۳	طب
۱۳	رضاع (دودھ پلانا) میں حکم کا معیار ہے۔ اس سے غذا، گوشت اور ہڈی بنانے والی چیز حاصل ہوتی ہے۔	۱۷۵	طب، علم العشار

۱۴	شربت، چنانده، کسّس مارد، عرق گلاب، بیدمشک زعفران، سکنجبین تونی (رنگین سرکہ) سفید انگور کا تذکرہ	۱۸۹	طب
۱۵	پھٹکری ڈالنے سے پانی سیاہ ہوتا ہے۔	۱۹۱	علم کیمیا
۱۶	عصارہ جو کہ ایک عمل ہے۔	۱۹۶	صیدلہ
۱۷	ماء الجبین ---مریض کیلئے غذا ہے۔	۲۱۲	طب
۱۸	کافور، ایک درخت سے حاصل ہوتا ہے۔	۲۱۲	علم ادویہ
۱۹	نوشادر، نمک اور کافور پگھلنے والی شئے ہے۔	۲۱۲	علم کیمیا
۲۰	آب مقطر، قرع انبیق سے حاصل کرنے کا طریقہ	۲۱۲	صیدلہ (طب)
۲۱	پانی، بخارات ہی سے بنتے ہیں۔		
۲۲	درخت سے ان کلا گیس، جو کہ سیال ہو تو پانی ہے۔	۲۱۵_۱۶	علم طبعیات
۲۳	عمل ترسیب (جو کہ اسی رسالہ کے ص۳۱۹ میں مذکور ہے)		علم کیمیا
۲۴	پانی اور تیل باہم ملتے ہیں یا نہیں؟	۲۱۹	علم طبعیات
۲۵	ملک شام میں لکڑیوں سے چمڑے کی دریافت	۲۱۹	علم صنعت
۲۶	زخم کس طرح کے پانی سے دھویا جائے؟	۲۲۰	علم ادویہ
۲۷	نطول، پاشویہ۔ (علی الترتیب، دھارنا، ادوی ملے پانی میں پاؤں رکھنا)	۲۲۰	طریقہ علاج طب
۲۸	بارش کا پانی کرہ زمہریر کی ہوا سے بنتا ہے	۲۲۲	طبعیات
۲۹	کنویں کا پانی زمین کی سردی سے بنتا ہے۔	۲۲۲	طبعیات
۳۰	پانی کی تطہیر کیسے کریں۔	۲۲۲	علم حفظان صحت
۳۱	آش جو، ماء العسل، ماء الشعیر، ماء الاصول، ماء البزور، ماء الرماد، الخ، بنانے کی ترکیب	۲۲۱_۲۳	صیدلہ (طب)
۳۲	پارہ مصفی کرنے کا طریقہ	۲۲۳	علم صیدلہ
۳۳	پانی بے بو ہوتا ہے۔ پانی بے رنگ ہوتا ہے/نہیں؟	۲۲۸	طبعیات
۳۴	پانی کا رنگ سفید ہے۔ اس پر عقلی و نقلی دلیل	۲۳۸	طبعیات
۳۵	مچھلی میں موجود سرخ مائیت کو خون کیوں نہیں کہتے؟	۲۳۹	علم طب
۳۶	سورج کی روشنی شیشوں سے گزارنا	۲۳۹	طبعیات
۳۷	پیشاب کا جھاگ سفید ہے یا نہیں۔	۲۴۰	طب، علم تشخیص

المطر السعید علے بنت جنس الصعید

النور والنورق کی اجمالی فہرست

فتاویٰ رضویہ

۲۱	کل مختوم کا بیان	۳۳۲
۲۲	ابرک پتھر ہے؟ چونے کا پتھر کیا ہے؟	۶۴۷
۲۳	رصاص، رانگ اور سیسہ	
۲۴	احساد سبعہ میں پیتل شامل نہیں کیونکہ مصنوعی ہے	۶۵۲
۲۵	زاج پھٹکری نہیں	
۲۶	کل حکمت کا نسخہ	۶۵۶
۲۷	کھجور کا ایک حصہ حیوانیت ہے جس طرح مونگا شجر کا حصہ ہے۔	۶۸۷

فتاوىٰ رضویه (جلد ٤)

نمبر شمار	عنوانات	صفحات	کیفیت
۱	صبح صادق وکاذب کی شناخت	۶۲۱_۶۱۳	علم توقیت

فتاوىٰ رضویه (جلد ٥)

نمبر شمار	عنوانات	صفحات	کیفیت
۱	باب الجہاز	۳۴۹	سماجیات
۲	نفقہ	۲۹۶	سماجیات
۳	حیض	۴۷۹	علم طب
۴	بلوغت کی تعیین	۲۲۱ سے قبل	علم طب
۵	ستر درجے آگے سے آباد کا پتہ نہیں	۵۰_۵۱	علم ہیئت
۶	قطب شمالی وجنوبی میں دن ورات کی مقدار	۵۰_۵۱	توقیت
۷	قطبین میں طلوع قمر وکوا کب کب؟ کس طرح		نجوم
۸	غروب قمر وکوا کب کب اور کس طرح اور کب تک طالع رہتے ہیں۔	۵۰_۵۱	نجوم

فتاوىٰ رضویه (جلد ۷)

نمبر شمار	عنوانات	صفحات	کیفیت
۱	کتاب الشہادت	۲۹۱	وکیل صاحبان کیلئے مناسب ہے

فتاوىٰ رضویه (جلد ۸)

نمبر شمار	عنوانات	صفحات	کیفیت

۱	چاند مہینہ بھر میں آسمان کی ۲۸ منزلیں طے کرتا ہے	۱۵۱	ہیئت
۲	منزل، کوس، اور فرسنگ کی مسافتیں	۲۵۵	جغرافیہ
۳	مکانوں کی تعمیر میں تمدنی پہلو	۶۱	سماجیات، انجینئرنگ
۴	حریث۔ مچھلی ہے یا سمندری جانور؟	۳۷۱	تشریح حیوان
۵	سجگی کیا ہے	۳۷۱	حیوانیات
۶	ریگ ماہی۔ سوکھی مچھلی	۳۷۵	حیوانیات
۷	جھینگا مچھلی ہے یا نہیں؟	۳۷۶	حیوانیات
۸	پوست بیضہ۔ مکری کا جالا	۳۷۶	علم ادویہ
۹	ملائم ہڈی۔ غذا کے طور پر	۳۷۷	تشریح حیوان / حفظان صحت
۱۰	مطلع شمس پر تین میل پر اور مطلع قمر بہتر میل پر بدلتا ہے۔	۳۸۸	توقیت
۱۱	جانوروں اور آدمیوں کے بعض اعضا میں اختلاف ہے۔	۴۴۱	حیوانیات

فتاویٰ رضویہ (جلد ۹)

نمبر شمار	عنوانات	صفحات	کیفیت
۱	سیاہ خضاب کے ترکیبی اجزار	۱۰۷	کیمیا
۲	وسمہ، حنا، نیل سے تیار خضاب	۳۲	کیمیا
۳	شراب میں نمک ڈالنے سے سرکہ بن جاتا ہے۔	۳۲	کیمیا
۴	زہریلے سانپ کی شناخت	۱۰۰	علم حیوانیات
۵	طاعون (Plague) زدہ علاقہ سے منتقل ہونا	۲۳۵	علم حفظ صحت

فتاویٰ رضویہ (جلد ۱۰)

نمبر شمار	عنوانات	صفحات	کیفیت
۱	تاڑی کب نشہ لاتی ہے اور کب نہیں	۴۶	کیمیا
۲	نشہ آور جامد ہو تو دواؤں میں استعمال (افیون وغیرہ)	۴۶	کیمیا
۳	اسپرٹ۔ شراب کی بدترین قسم ہے۔	۸۸	کیمیا
۴	اسپرٹ زہر ہے	۸۹	کیمیا

۵	افیون سے اندرون اعضاء پر کیا اثر ہوتا ہے۔	۹۰	علم طب

فتاویٰ رضویہ (جلد ۱۲)

نمبر شمار	عنوانات	صفحات	کیفیت
۱	قرآن پر اعراب کس نے لگائے	۲۱	تاریخ اسلام
۲	۱۲ ربیع الاول کو تاریخ وسن عیسوی کیا تھا؟	۲۷	تاریخ اسلام
۳	سال میں ۲۹ کے تین اور ۳۰ کے ۴ مہینے سے زیادہ نہیں ہوتے۔ (قمری)	۳۰	توقیت
۴	آلہ کے ذریعہ بچہ کے مذکر ومونث ہونے کی کوچھ علامتیں معلوم ہوجاتی ہیں۔	۴۶	علم طب
۵	تشریح افلاک وعلم توقیت	۱۴۹	
۶	نہ زمین متحرک ہے نہ آسمان	۱۴۹	طبعیات
۷	سات ستارے	۱۷۰	طبعیات
۸	بجلی کیا ہے؟	۱۸۹	طبعیات
۹	زلزلہ کیوں اور کیسے؟	۱۸۹	طبعیات
۱۰	بالد، ہوا کی بنیاد آسمان پر یا زمین میں	۱۹۲	طبعیات
۱۱	زائچہ نکالنے کا طریقہ	۱۹۵	نجوم
۱۲	زمین وآسمان ساکن ہیں	۲۷۵	طبعیات

الملفوظ (اوّل)

نمبر شمار	عنوانات	صفحات	کیفیت
۱	طاعون (Plague) کا علاج (مسواک اور کالی مرچ)	۱۹	علم طب
۲	طوفان کے بعد حضرت نوح علیہ السلام نے کون سا شہر بسایا	۷۳	تاریخ
۳	اہرام مصر، تخلیق آدم سے بھی قدیم تر ہیں	۷۴	تاریخ
۴	حضرت آدم کی پیدائش کا زمانہ	۷۴	تاریخ
۵	حضرت آدم علیہ السلام سے قبل جناب کتنے عرصے تک دنیا میں رہے۔	۷۴	تاریخ

٦	حضرت نوح علیہ السلام دنیا میں کتنے سال رہے۔	۷۴	تاریخ
۷	امام مہدی کا ظہور 1900ھ میں ہوگا	۱۰۴	تاریخ
۸	1837ھ میں کوئی اسلامی حکومت نہیں رہے گی	۱۰۴	تاریخ
۹	دنیا کی کل عمر 1500 برس ہے۔	۱۰۴	تاریخ
۱۰	پانی میں سام نہیں ہوتے	۱۲۳	طبعیات

الملفوظ دوم

۱	علم جفر کا حصول کیسے؟	۳۱	جفر
۲	رویت ہلال کے قواعد	٦٦	توقیت
۳	نفس کا مرکز کہاں ہے؟	۲۳	امور طبعیہ
۴	فلک نا قابل فرق والتیام ---کا رد	۳	ہیئت
۵	ہر مشروب چوس چوس کر پی جائے	٦	علم طب
٦	نور کی رفتار فی سکنڈ	۸	طبعیات
۷	روح باصرہ کی تیز رفتاری	۸	طبعیات
۸	زمین سے سدرۃ المنتہی کا فاصلہ	۹	طبعیات
۹	خلا، فضا ہے	۱۵	طبعیات
۱۰	حشر ساعت سے کتنے زمانے بعد ہوگا	۲۳	توقیت
۱۱	لقوہ کا بہتر علاج	۴۳	طب
۱۲	آفتاب اب چار ہزار کے فاصلہ پر ہے	۷۵	ہیئت
۱۳	زمین کردی (گول) شکل کی ہے۔	۷۵	ہیئت
۱۴	شمالی ہوا سے پانی کیوں نہیں برستا	۷۸	طبعیات

❁ ❁ ❁

امام احمد رضا محدثِ بریلوی اور عالمی جامعات میں تحقیقی مقالات

ترتیب و پیشکش: علامہ سید وجاہت رسول قادری

امام احمد رضا پر پی۔ایچ۔ڈی مقالات کی فہرست

نمبر	نام اسکالر	عنوان	نگران	یونیورسٹی	تاریخ رجسٹریشن	تاریخ داخلہ	تاریخ منظوری	رابطہ: پتہ، فون، موبائل، ای۔میل
1	ڈاکٹر حسن رضا خاں	فقہ اسلام	ڈاکٹر اطہر شیر	پٹنہ یونیورسٹی، انڈیا			1979ء	محلہ سلطان گنج، پٹنہ (800006)، انڈیا
2	ڈاکٹر مسز اوشا سانیال	Devotional Islam and Politics in British India (Ahmad Raza Khan Bareilvi and his Movement 1870-1920)		کولمبیا یونیورسٹی، نیویارک	3-10-1985		1990ء	usanyal@cardinalr.com

3	ڈاکٹر سید جمیل الدین جمیل راٹھوی	اعلیٰ حضرت محمد امام احمد رضا خاں اور ان کی نعت گوئی	ڈاکٹر ایم شفیع	ڈاکٹر ہری سنگھ گور ویشا ودھیالہ ساگر، ایم۔پی۔انڈیا	3-10-1985	6-12-1991	27-3-1992	فرش اولیانہ، راٹھ، ضلع ہمیر پور 210431، یوپی، انڈیا۔
4	ڈاکٹر محمد امام الدین (جوہر شفیع آبادی)	حضرت رضا بریلوی بحیثیت شاعر نعت	ڈاکٹر فاروق احمد صدیقی	بہار یونیورسٹی، مظفر پور، انڈیا	20-5-86		31-12-1992	براستہ شفیع آباد، پوسٹ کشن پورہ، ضلع گوپال گنج، بہار، انڈیا۔ Ph0091621-221420 Mob0943-1241282
5	ڈاکٹر طیب علی رضا انصاری	امام احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ حیات و کارنامے	ڈاکٹر قمر جہاں	ہندو یونیورسٹی، بنارس، انڈیا			1993ء	جامعہ فاروقیہ بنارس۔ 0091-542-2392786 0091-542-2393325
6	پروفیسر ڈاکٹر مجید اللہ قادری	کنز الایمان اور دیگر معروف اردو تراجم کا تقابلی جائزہ	پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد	جامعہ کراچی، پاکستان	1986ء	Dec, 1990	6-11-1998	C-50/1، بلاک 1-A، گلستان جوہر، کراچی Ph: 0092-21-4021657-8 Mob: 0300-2385797
7	پروفیسر ڈاکٹر حافظ عبد الباری صدیقی	امام احمد رضا بریلوی کے حالات، افکار اور اصلاحی کارنامے (سندھی)	پروفیسر ڈاکٹر مدد علی قادری	سندھ یونیورسٹی، جامشورو، پاکستان۔			1993ء	S-1/337، سعود آباد، کراچی Ph: 0092-21-4501069
8	ڈاکٹر عبد النعیم عزیزی	اردو نعت گوئی اور فاضل بریلوی	پروفیسر زیڈ۔ایچ۔ وسیم	روہیل کھنڈ یونیورسٹی، بریلی، انڈیا			1994ء	مکان نمبر 104، محلہ جسولی قلعہ، بریلی، یوپی، انڈیا Ph: 0091-581-2476775
9	ڈاکٹر سراج احمد بستوی	مولانا احمد رضا خاں بریلوی کی نعتیہ شاعری	پروفیسر سید ابو الحسنات حقی	کانپور یونیورسٹی، انڈیا	26-6-1991	26-12-1998	10-3-1995	محلہ بجریہ، بچھی وارڈ نمبر 2، پوسٹ خلیل آباد، ضلع سنت کبیر نگر، یوپی، انڈیا۔ Ph Code: 272175 Mob: 0091-941-5875761

10	مولانا ڈاکٹر امجد رضا قادری	امام احمد رضا کی فکری تنقیدیں	پروفیسر ڈاکٹر طلحہ برق رضوی	ویر کنور سنگھ یونیورسٹی، آرہ، بہار، انڈیا	23-12-1995		8-12-1998	گنگتی پچری، سیتامڑھی، بہار، خطیب نورانی مسجد، درگاہ روڈ، منڈائی، پٹنہ 6، بہار Ph. 0091-612-2687294 Mob: 9835423434
11	پروفیسر ڈاکٹر محمد انور خاں	مولانا احمد رضا بریلوی کی فقہی خدمات	پروفیسر ڈاکٹر ایس۔ ایم سعید	سندھ یونیورسٹی، جامشورو، پاکستان	1989ء	1997ء	1998ء	مکان نمبر 2، نسیم سوسائٹی، عقب مصطفیٰ ہومز، لطیف آباد نمبر 9، حیدر آباد، سندھ۔ Ph0092-221-869911 University: 771681 Mob: 0333-2635737
12	ڈاکٹر رضاالرحمٰن عاکف سنبھلی	روہیل کھنڈ کے نثری ارتقا میں مولانا امام احمد رضا خاں کا حصہ	ڈاکٹر محمد سیادت نقوی	روہیل کھنڈ، بریلی، انڈیا	19-9-1998	27-8-2002	26-8-2003	میاں سرائے، کٹرا بازار، سنبھل، مراد آباد، یوپی، انڈیا Ph0091-5923-230119 Mob: 0091-9837074570
13	مولانا ڈاکٹر غلام مصطفیٰ نجم القادری	امام احمد رضا کا تصورِ عشق	ڈاکٹر جہاں آرا بیگم	میسور یونیورسٹی، انڈیا	1994ء	2001ء	2002ء	(1)H.M.S انٹر پرائزز، کالج روڈ، تایا گراج نگر، دود بالا پور، ڈسٹرکٹ بنگلور، کرناٹک، انڈیا Ph091-821-2476254 (2) تاج الاسلام، عربک کالج، ساتواں کراس، متصل مسجد عمار، شانتی نگر، میسور

14	ڈاکٹر غلام غوث قادری	امام احمد رضا کی انشار پردازی	پروفیسر منظر حسین	رانچی یونیورسٹی، بہار، انڈیا	22-1-2001	27-8-2002	11-09-2003	(1) رضا کمپاؤنڈ، غوث نگر، پوسٹ ڈورنڈا رانچی، ضلع رانچی، جھارکھنڈ، انڈیا Pin Code: 834002 Ph: Off. 0091-651-2482975 Res. 0091-651-2547020 Mob: 94311867561 (2) الحبیب انٹرپرائز، ہاتھی خانہ روڈ، پوسٹ ڈورنڈہ، رانچی۔
15	مسز ڈاکٹر تنظیم الفردوس	مولانا احمد رضا خاں کی نعتیہ شاعری کا تاریخی اور ادبی جائزہ	ڈاکٹر فرمان فتح پوری	جامعہ کراچی، پاکستان	1992ء	Sep 2003	25-4-2004	اسسٹنٹ پروفیسر شعبۂ اردو، D-2 اسٹاف ٹاؤن، کراچی یونیورسٹی۔ 4968510 Ph: Off: 9243131
16	ڈاکٹر سید شاہد علی نورانی	الشیخ احمد رضا شاعراً عربیاً مع تدوین دیوانہ العربی	ڈاکٹر ظہور احمد اظہر	پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان	1997ء	2003ء	15-4-2004	گورنمنٹ ہائی اسکول، باغبان پورہ، لاہور۔ Ph: 0092-42-7670879
17	مولانا ڈاکٹر غلام جابر شمس مصباحی	امام احمد رضا اور ان کے مکتوبات	ڈاکٹر فاروق احمد صدیقی	بی۔ آر۔ امبیڈکر، بہار یونیورسٹی، مظفر پور، انڈیا	2-05-2000	30-12-2002	20-2-2004	اے۔ جے۔ رضوی، 328A.R اسٹریٹ، ممبئی 3، انڈیا۔ Ph: 0091-22-56238418 Mob: 9869328511 E-mail: [illegible]

نمبر	نام اسکالر	عنوان	نگران	یونیورسٹی	رجسٹریشن			ریمارکس
18	ڈاکٹر ریاض احمد	امام احمد رضا کی ادبی و لسانی خدمات	پروفیسر ناز قادری					
19	پروفیسر ڈاکٹر محمد اسحاق مدنی	برصغیر کی سیاسی تحریکات میں فتاویٰ رضویہ کا حصہ ایک تحقیقی جائزہ	پروفیسر ڈاکٹر جلال الدین نوری	جامعہ کراچی	2003ء		106206	
20	مولانا ڈاکٹر منظور احمد سعیدی	مولانا احمد رضا خاں کی خدمت علوم حدیث کا تحقیقی اور تنقیدی جائزہ	پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد	جامعہ کراچی، سندھ، پاکستان	1997ء	2003ء	ستمبر 2006ء	۱) رحمانیہ مسجد، طارق روڈ، کراچی ۲) جامعہ حامدیہ رضویہ، مبینہ ٹاؤن، نزد جامعہ کراچی۔ Res. 4520694 Offic: 46451372-138
21	ڈاکٹر محمد حسن امام	امام احمد رضا اور ان کے خلفا کا تحریک پاکستان میں کردار	ڈاکٹر جلال الدین نوری	جامعہ کراچی، سندھ، پاکستان	1998ء			
22	پروفیسر ڈاکٹر مولانا محمد اشفاق جلالی	الزلال الانقی من بحر سبقۃ الاتقی (للشیخ احمد رضا خاں)	ڈاکٹر ظہور احمد اظہر	پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان	1997ء	2003ء	2006ء	موضع و ڈاکخانہ بیگہ مہر وچیور، تحصیل کھاریاں، ضلع گجرات
۲۳	مولانا عبد الحکیم پی کے، کیرالا	امام احمد رضا بحیثیت محدث بریلوی	پروفیسر فاروق احمد صدیقی	بہار یونیورسٹی مظفر پور				

امام احمد رضا پر زیر تکمیل پی۔ایچ۔ڈی مقالات

نمبر	نام اسکالر	عنوان	نگران	یونیورسٹی	رجسٹریشن	ریمارکس
1	پروفیسر سعید احمد	امام احمد رضا بریلوی کی اردو ادب میں خدمات		گلبار یونیورسٹی، کرناٹک انڈیا	1997ء	

2	محمد عارف جامی	جد الممتار علی رد المحتار کی تخریج وتحشی	پروفیسر ڈاکٹر مجید اللہ قادری	جامعہ کراچی، سندھ، پاکستان	2000ء	
3	شفیق اجمل	بیسویں صدی میں امام احمد رضا اور علمائے اہلسنت کی ادبی ودینی خدمات	ڈاکٹر رفعت جمال	بنارس ہندو یونیورسٹی، انڈیا	نومبر 2003ء	بحوالہ مکتوب مقالہ نگار مورخہ 19-4-2004
4	اورنگزیب اعظمی	عربی زبان میں مولانا احمد رضا خاں کا حصہ		جواہر لال یونیورسٹی، نیو دہلی	2004ء	بحوالہ مکتوب ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب مورخہ 23-5-2004
5	مولانا محمد حنیف رضوی رامپوری	فارسی ادبیات میں مولانا احمد رضا خاں کا حصہ		جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی، انڈیا	2004	بحوالہ مکتوب ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب مورخہ 23-5-2005
6	اے پی عبدالحکیم	امام احمد رضا کی محدثانہ حیثیت	ڈاکٹر فاروق احمد صدیقی	بی، آر، امبیڈ کھر، بہار یونیورسٹی، بریلی، انڈیا	19-11-2002	بحوالہ مکتوب ڈاکٹر فاروق احمد صدیقی صاحب مورخہ 1-5-2004
7	آنسہ حامدہ بی بی	اردو نثر نگاری اور مولانا احمد رضا خاں	پروفیسر حامد علی خاں	ایم۔ جے بی روہیل کھنڈ یونیورسٹی، بریلی، انڈیا	19-11-2002 نمبر 665-66	رابطہ عنوان: مکان نمبر 222، محلہ اشرف خاں، پیلی بھیت، یوپی۔ انڈیا Ph: 00916882253736 00916882253410
8	مولانا بدیع العالم رضوی صاحب	ترجمہ "کنز الایمان" اور "بیان القرآن" کا تقابلی جائزہ	پروفیسر ڈاکٹر عبدالودود	اسلامک یونیورسٹی، کشٹیا، بنگلہ دیش	09-2004	پرنسپل جامعہ طیبیہ اسلامیہ سنیہ، حالی شہر، چٹاگانگ۔ فون 008803166154[illegible] C/O Fax: 652838

نمبر	مقالہ نگار	عنوان	نگراں	یونیورسٹی	سال	پتہ
9	ابا قاسم ضیائی	الشیخ احمد رضا خاں۔ شاعر من الھند		جامعۃ البغداد، للعلوم الاسلامیہ، عراق	جنوری 2005ء	
10	مولانا حافظ ظفر اقبال جلالی	آثار القرآن والسنہ فی شعر الامام الشیخ احمد رضا خان دراسۃ تحلیلیہ فی شعر الاردی والعربی والفارسی	پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد اظہر	فیصل آباد اسلامی یونیورسٹی	2006ء	
11	محمد نظام الدین رضوی	اردو نعت گوئی اور امام احمد رضا کی نعت نگاری		مہاتما گاندھی کاشی ودیاپیٹھ بنارس انڈیا	2005ء	مدرسۂ قادریہ نظامیہ، اورنگ آباد، C/13/260، پانی ٹنکی، وارانسی (بنارس)، یوپی، انڈیا
12	محمود عالم	فرہنگِ رضا	پروفیسر ڈاکٹر رفعت جمال	بنارس ہندو یونیورسٹی	2005ء	
13	آنسہ شبنم خاتون	مولانا احمد رضا خاں کی عربی زبان وادب میں خدمات	پروفیسر ڈاکٹر ابوحاتم، شعبۂ عربی، بنارس ہندو یونیورسٹی	بنارس ہندو یونیورسٹی	اپریل 2005ء	ملکی پور، پوسٹ بسنت نگر، ضلع وارانسی (بنارس)، یوپی۔ انڈیا فون: 00915422389350
		خانوادہ رضا کی خدمات........		پٹنہ یونیورسٹی		

امام احمد رضا پر ایم۔ فل مقالات:

نمبر	مقالہ نگار	عنوان	نگراں	یونیورسٹی	تاریخ رجسٹریشن	تاریخ داخلہ	تاریخ منظوری
1	آنسہ آر۔ بی۔ مظہری	امام احمد رضا کے حالات اور ادبی خدمات	پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد	سندھ یونیورسٹی			1981ء

نمبر	اسم	موضوع	نگران	جامعہ		سال
2	پروفیسر ڈاکٹر محمود حسین بریلوی	محمد احمد رضا کی عربی زبان وادب میں خدمات	ڈاکٹر عبدالباری ندوی، شعبۂ عربی	علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، انڈیا		1990ء
3	حافظ محمد اکرم	الامام احمد رضا خاں البریلوی الحنفی و خدماته العلمیه والأدبیه	دکتور ثریادار، عمید القسم اللغته العربی و آدبها	الجامعة الاسلامیہ بھاولپور، پاکستان		1995ء
4	مولانا مشتاق احمد شاہ الازہری	الامام احمد رضا خاں وأثره فی الفقه الحنفی	الدکتور عبدالفتاح محمد النجار	جامعۃ الازہر شریف، قاہرہ، مصر		1997ء
5	مولانا ڈاکٹر ممتاز احمد سدیدی الازہری ابن علامہ محمد عبد الحکیم شرف قادری	الشیخ احمد رضا خاں البریلوی الهندی، شاعراً عربیاً	الدکتور رزق مرسی ابو العباس علی. استاذ الأدب والنقد المساعد کلیة الدراسات الاسلامیه العربیه	جامعۃ الازھر الشریف، قاہرہ، مصر		1999ء
6	السید عتیق الرحمٰن شاہ	النثر الفنی عند الشیخ احمد رضا خاں (1856-1921م) دراسته الفنیه و اسلوبیة	الدکتور عبد الکبیر محسن	الجامعة الاسلامیة العالمیة کلیة اللغة العربیه، اسلام آباد		2003ء
7	مولانا حافظ ظفر اقبال جلالی	اثر الثقافة العربیة فی المدائح النبویه الأردیه للشیخ احمد رضا خاں	الدکتور عبد الکبیر محسن	بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد	2003ء	22-10-2003 22-12-2003
8	مولانا جلال الدین بنگلہ دیشی (شعبۂ فلسفہ)	امام احمد رضا القادری وجهوده فی مجال العقیدة الاسلامیة فی شبه القارة الهندیه	الدکتور محمد السعید جمال الدین استاذ الفارسیة، جامع عین شمس	قاہرہ یونیورسٹی، قاہرہ، مصر	2002ء	2006ء

نوٹ (۱): ایم۔اے کے مونوگراف بے شمار ہیں اور برصغیر پاک و ہند کی تمام ہی جامعات میں لکھے گئے ہیں اور جا رہے ہیں جن کی تفصیل پیش کرنا ممکن نہیں، ان کی تعداد ڈاکٹریٹ اور ایم۔فل کی تعداد سے کہیں زیادہ شاید سینکڑوں کی تعداد میں ہو۔ (وجاہت)

نوٹ (۲): دینی مدارس/جامعات کے سال ہشتم میں تنظیم المدارس پاکستان کے نصاب میں امام احمد رضا کی حیات و افکار اور کارناموں کے حوالے سے 100 نمبروں کا ایک پرچہ ہے۔ اس طرح دیکھا جائے تو مدارس اہلسنّت پاکستان کے ہزارہا طلباء ہر سال مقالہ لکھ رہے ہیں جن کا شمار ممکن نہیں۔ تنظیم المدارس کو چاہئے کہ ہر سال ان کے منتخب مقالہ جات کو کتابی صورت میں شائع کرے۔ (وجاہت)

امام احمد پر زیرِ تکمیل ایم۔فل:

نمبر	مقالہ نگار	عنوان	نگران	یونیورسٹی	رجسٹریشن
1	مولانا فیض الحسن فیضی	امام احمد رضا کی عربی خدمات		پشاور یونیورسٹی	1997ء
2	تاج محمد خاں الازہری	الشیخ احمد رضا خان و خدماته فی نشر العلم الاحادیث		کلیۃ دارالعلوم قسم الشریعۃ، جامعہ قاہرہ	2006ء

ایم۔ایڈ کی سطح پر مولانا احمد رضا خاں بریلوی کے نظریۂ تعلیم پر تحریر کردہ تحقیقی مقالہ جات

نمبر	مقالہ نگار	عنوان	درجہ لیول	مقام تحقیق
1	۱) محمد افضل ۲) عبدالقیوم	مولانا احمد رضا خاں بریلوی کے تعلیمی نظریات و افکار	ماسٹر	آئی۔ای۔آر، جامعہ پنجاب
2	ایس۔شاہد علی	اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی کی علمی خدمات	ماسٹر	آئی۔ای۔آر، جامعہ پنجاب
3	۱) چوہدری محمد یعقوب ۲) محمد حفیظ کبوہ	مولانا احمد رضا خاں بریلوی اور مولانا مودودی کے تعلیمی نظریات کا تقابلی جائزہ	ماسٹر	آئی۔ای۔آر، جامعہ پنجاب
4	محمد اسلم اصغر علی	مولانا احمد رضا خاں بریلوی کے افکار کی روشنی میں تصور تعلیم و نصاب	ماسٹر	آئی۔ای۔آر، جامعہ پنجاب
5	۱) خادم حسین ۲) محمد اشرف	مولانا احمد رضا خاں بریلوی کی اصلاحی و تعلیمی خدمات	ماسٹر	آئی۔ای۔آر، جامعہ پنجاب

6	۱)عبدالوحید گل ۲)رشید احمد	مولانا احمد رضا خاں بریلوی کے تعلیمی نظریات وافکار	ماسٹر	آئی۔ای۔آر، جامعہ پنجاب
7	۱)حافظ ذوالفقار علی ۲)غلام احمد	امام احمد رضا خاں بریلوی کے تعلیمی نظریات کا جائزہ	ماسٹر	آئی۔ای۔آر، جامعہ پنجاب
8	خالدہ پروین	مولانا احمد رضا خاں بریلوی کے تعلیمی افکار ونظریات کا جائزہ	ماسٹر	گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن، فیصل آباد
9	ایس۔ایم۔وارث	اصلاح معاشرہ کیلئے مولانا احمد رضا خاں کی سعی وکاوش کا جائزہ	ایم۔ایڈ	گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن، فیصل آباد
10	عظیم اللہ جندران	مولانا احمد رضا خاں اور علامہ اقبال کے تعلیمی نظریات کا تقابلی جائزہ	ایم۔ایڈ	اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور، شعبۂ ٹیچرز ٹریننگ
11	ترک ولی محمد	امام احمد رضا خاں کے تعلیمی نظریات	ایم۔ایڈ	جامعہ کراچی، ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن
12	سید صابر حسین شاہ	اعلیٰ حضرت احمد رضا خاں کا نظریۂ تعلیم اور اس کا اطلاقی پہلو	ایم۔ایڈ	وفاقی اردو یونیورسٹی، کراچی
13	منور سلطانہ	امام احمد رضا خاں بریلوی کے افکار ونظریات	ایم۔ایڈ	جامعہ ملیہ گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن، ملیر، کراچی

نوٹ: ایم ایڈ سطح کے مندرجہ بالا مقالاجات کی تکمیل کے بعد ''تعلیماتِ رضویات'' سے شغف رکھنے والے احباب سے درخواست ہے کہ وہ ایم۔فل یا پی۔ایچ۔ڈی درجہ کے تحقیقی کام کے لئے بھی قدم آگے بڑھائیں۔ مثلاً "Imam Ahamd Raza Khan as an Islamic Educationist" کے موضوع پر مزید کام کیا جاسکتا ہے۔ ملکی جامعات کے شعبہ علوم اسلامیہ یا شعبہ ایجوکیشن سے رجسٹریشن ممکن ہوسکتی ہے۔ "Foundation of Islamic Education System in the light of Imam Ahmad Raza Khan's Teachings" کے موضوع پر بھی تحقیقی کام کی گنجائش اور ضرورت موجود ہے اور اس کے علاوہ بھی دیگر موضوعات ہیں۔ ان موضوعات پر کام کی خواہش رکھنے والے اسکالر، ایم۔ایڈ کے طلبا/ اساتذہ، محترم سلیم اللہ جندراں یا پروفیسر دلاور خاں صاحب سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ ان دونوں کا پتہ یہ ہے:

۱۔ سلیم اللہ جندراں، بھوآحسن، تحصیل پھالیہ، منڈی بہاؤالدین، پنجاب، پاکستان۔ موبائل فون نمبر: 0345-5862549 فون: 054-662273

۲۔ پروفیسر دلاور خاں، مکان نمبر 1471، سیکٹر L-8، اورنگی ٹاؤن، کراچی۔ فون (کالج): 021-4503076 موبائل نمبر: 0322-2413267

زیرِ تکمیل ڈی لیٹ

نمبر	مقالہ نگار	عنوان	نگران	یونیورسٹی	رجسٹریشن
1	مولانا مفتی ڈاکٹر محمد مکرم احمد	امام احمد رضا کی ادبی خدمات	—	جواہر لال یونیورسٹی، نیو دہلی، انڈیا	1998ء

علمائے بریلی کی خدمات پر ڈاکٹریٹ کی سند حاصل کرنے والے:

نمبر	مقالہ نگار	عنوان	نگران	یونیورسٹی	سن حصول
1	ڈاکٹر غلام یحییٰ مصباحی	علمائے اہلسنت کی علمی اور ادبی خدمات	ڈاکٹر رفعت جمال صاحبہ، صدر شعبۂ اردو	ہندو یونیورسٹی، بنارس، انڈیا	1993ء
2	ڈاکٹر محمد ذیشان	علامہ بدر القادری۔ حیات اور شاعری	پروفیسر ڈاکٹر فاروق احمد صدیقی	بہار یونیورسٹی، مظفر پور، انڈیا	2005ء

علمائے بریلی کی خدمات پر ایم۔ فل کی سند حاصل کرنے والے:

نمبر	مقالہ نگار	عنوان	نگران	یونیورسٹی	سن حصول
1	پروفیسر مجیب احمد	Jamiyyat Ulama-I-Pakistan 1948 - 1979	ڈاکٹر ام رفیق افضل۔ ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز	قائد اعظم یونیورسٹی، اسلام آباد	1992ء

علمائے بریلی کی خدمات پر زیرِ تکمیل پی۔ ایچ۔ ڈی:

نمبر	مقالہ نگار	عنوان	نگران	یونیورسٹی	رجسٹریشن
1	پروفیسر مجیب احمد	علمائے اہلسنت کی سیاسی خدمات 1947ء-1996ء	پروفیسر مجیب احمد	قائد اعظم یونیورسٹی، اسلام آباد	1999ء
2	سیف العالم	عبد الرحمن چھوہری رحمۃ اللہ علیہ کی عربی خدمات	پروفیسر ڈاکٹر عبد الودود	کشتیا اسلامک یونیورسٹی، بنگال	
3	آنسہ رضوانہ سحر	علامہ وصی احمد سورتی کی حیات و خدمات	ڈاکٹر جلال الدین نوری	جامعہ کراچی	2000ء

4	آنسہ آمنہ بیگم	علم فقہ کے فروغ میں مولانا ابوالبرکات احمد قادری لاہوری کی خدمات	ڈاکٹر جلال الدین نوری	جامعہ کراچی	2006ء
5	محمد حسین شاہد رضوی	ہندوستان میں اردو کی نعتیہ شاعری میں مولانا مصطفیٰ رضا خان نوری بریلوی کا حصہ	پروفیسر ڈاکٹر محمد لطیف احمد سبحانی	راشٹر سنت تکنوجی مہاراج ناگپور یونیورسٹی، ناگپور، انڈیا	7/2006
6	مولانا نظام الدین رضوی	چٹاگانگ میں اسلام کی اشاعت میں صحافت کا کردار (اہل سنت کے حوالے سے)			
7	نغمہ اختر	مولانا امجد علی اعظمی کی علمی، دینی، فقہی خدمات کا تحقیقی جائزہ	ڈاکٹر جلال الدین نوری	جامعہ کراچی	دسمبر 2006ء
8	عارف علی خان	نثر اردو اور مفتی اعظم ہند مولانا مصطفیٰ رضا خاں بریلوی	ڈاکٹر صابر سنبھلی، صدر شعبۂ اردو، ایم۔ایچ۔ کالج، مرادآباد	روہیل کھنڈ یونیورسٹی، بریلی، یوپی۔انڈیا	فروری 2007ء

بین الاقوامی جامعات کی مختلف سطحوں پر امام احمد رضا پر تحقیقی کام کرنے والے ایک نظر میں:

نمبر	سطح	تکمیل شدہ	داخل شدہ	زیر تکمیل / رجسٹرڈ	کل میزان
1	پی۔ایچ۔ڈی	22	-	12	34
2	ایم۔فل	8	-	1+1	10
3	ایم۔ایڈ	12	-	-	12
4	ڈی۔لیٹ	-	-	1	1
5	علمائے اہلسنّت کے حوالے سے پی۔ایچ۔ڈی	2	-	7	9
6	علمائے اہلسنّت پر ایم۔فل	1	-	-	1
	مجموعی تعداد	45	-	21	67

نوٹ: گذشتہ 27 برسوں میں (مارچ ۲۰۰۷ء تک حاصل شدہ اطلاعات کے بموجب) بحمد اللہ تعالیٰ ادارۂ تحقیقات امام احمد رضا انٹرنیشنل کی کاوشوں کی بدولت 33 بین الاقوامی جامعات میں 67 اسکالرز امام احمد رضا قدس سرہ پر تحقیقی کام میں مشغول ہوئے اور یہ سلسلہ روز افزوں ہے اور ان شاء

اللہ تعالیٰ تا صبح قیامت جاری رہے گا۔ فالحمد لله علی احسانهٗ حسبنا الله ونعم الوکیل نعم المولیٰ و نعم النصیر۔ وصلّی اللّٰه تعالیٰ علیه خیر خلقه سیدنا ومولانا محمد وعلی اٰله واصحابه و علماء ملّته اجمعین وبارك وسلّم

عالمی جامعات کے وہ طلبا/اساتذہ حضرات جو اعلیٰ حضرت پر عظیم البرکت علیہ الرحمۃ یا دیگر علمائے اہلِ سنت کی حیات اور علمی وملی کارناموں پر ایم۔فل/پی۔ایچ۔ڈی کرنے کے خواہشمند وہ اپنی رہنمائی، موضوعات کے انتخاب، خاکہ اور مواد و مآخذ کے لئے درج ذیل حضرات سے ادارہ کے پتہ پر رجوع کر سکتے ہیں:

۱۔ پروفیسر ڈاکٹر مجید اللہ قادری صاحب

(فون گھر: 4989777، موبائل: 0322-2175095)

۲۔ پروفیسر دلاور خان (فون دفتر: 021-4503076،

فون گھر: 021-6657910، فون موبائل: 0322-2413267)

باب پنجم

اعلانات ونشریات

رضا اکیڈمی سال ۲۰۱۱ء کی کارکردگی

۱۰؍جنوری: مالیگاؤں بم دھماکے میں گرفتار لوگوں کی رہائی کے لیے وزیر داخلہ آر آر پاٹل سے رضا اکیڈمی کے وفد کی ملاقات۔

۱۸؍جنوری: سونیا گاندھی کے مشیر احمد پٹیل سے مالیگاؤں کے محروسین کی رہائی کے سلسلے میں رضا اکیڈمی کے وفد کی ملاقات۔

۲۴؍جنوری: دیوبندی مولوی وستانوی کی نریندر مودی کی مدح سرائی پر رضا اکیڈمی کی مذمت۔

۳۰؍جنوری: ۹۲؍واں عرسِ اعلیٰ حضرت کھتری مسجد (پائیدھونی، ممبئی) میں منایا گیا۔

۳۰؍جنوری: عرسِ رضوی بریلی شریف میں اسلامیہ انٹر کالج میں رضا اکیڈمی کے اسٹال سے ۲۵؍کتابوں کا سیٹ فی کتاب ۴۰؍روپیہ کے حساب سے ۱۰۰۰؍روپے کا۔ مارکیٹ کی قیمت کے حساب سے اسٹال سے ۴۰؍لاکھ روپے کی کتابیں فروخت ہوئیں۔

۳؍فروری: دہلی میں رضا اکیڈمی کے وفد نے وزیر داخلہ دِگ وِجے سنگھ سے ملاقات کر کے مالیگاؤں کے اسیروں کی رہائی کا مطالبہ کیا۔

۳؍فروری: رضا اکیڈمی کی جانب سے ڈونٹاڈ اسٹریٹ، کھڑک ممبئی میں یکم ربیع الاوّل شریف تا بارہ ربیع الاوّل تک بارہ روزہ جشنِ آمدِ رسول ﷺ کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں مولانا نور محمد صاحب رضوی نے تقاریر کیں۔

۱۲؍فروری: مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ پرتھوی راج چوہان سے رضا اکیڈمی کے وفد کی اسیرانِ مالیگاؤں کے سلسلے میں ملاقات۔

۲۸؍فروری: ''حرمین شریفین پر سارے مسلمانانِ عالم کا حق ہے، سعودی حکمراں جلد شورائی نظام قائم کریں۔'' پریس کلب (سی ایس ٹی ممبئی) میں سعودی حکومت کو وارننگ۔

۷؍مارچ: رضا اکیڈمی کی جانب سے مدن پورہ بڑی مسجد میں ''جشنِ قادری رضوی'' منایا گیا، جس میں پاکستان کے مشہور نعت خواں اویس قادری، سید صبیح رحمانی، مشہور مقرر علامہ کوکب نورانی اوکاڑوی اور سید مظفر شاہ نے نذرانۂ عقیدت پیش کیا۔

۲۴ر مارچ: امریکہ کے ملعون پادری کی قرآن سوزی کی ناقابلِ برداشت حرکت پر رضا اکیڈمی کا سخت احتجاج۔

۳ر اپریل: علامہ قمر الزماں اعظمی کی دینی خدمات کے اعزاز میں ''جشنِ خدماتِ قمر'' کا انعقاد کیا گیا، جس میں علامہ قمر الزماں صاحب اعظمی کو مفتی اعظم گولڈ میڈل ایوارڈ پیش کیا گیا۔ اسی دن راشٹریہ سہارا اخبار کے ایک مکمل صفحے پر علامہ قمر الزماں اعظمی پر علما و مشائخ کے تاثرات شائع کیے گئے۔

۹ر اپریل: امریکہ میں قرآن سوزی کے خلاف گورنر مہاراشٹر سے ملاقات کر کے رضا اکیڈمی کے وفد نے دنیا بھر میں مسلمانوں اور عیسائیوں کے درمیان تنازعہ پیدا ہونے کا اندیشہ ظاہر کیا۔ اور پاکستان میں مزاراتِ اولیا کی بے حرمتی و بم دھماکے کے خلاف اپنا احتجاج درج کرایا۔

۱۴ر اپریل: فرانس میں برقع پر پابندی کے خلاف رضا اکیڈمی کا عیسائیوں سے احتجاج کا مطالبہ۔

۱۸ر اپریل: سلمان خورشید وزیر برائے اقلیتی اُمور کے شریعت کے خلاف بیان ''اوقاف کی آمدنی سے غیر مسلموں کو بھی امداد کی جائے گی'' پر رضا اکیڈمی کا احتجاج۔

۳ر مئی: غوث اعظم سیدنا عبدالقادر جیلانی کے سجادہ نشین سید عبدالرحمٰن گیلانی (بغداد) کو اسلام جمخانہ (ممبئی) میں استقبالیہ دیا گیا۔ ساتھ ہی ان کا ۷۵ رواں جشنِ یومِ ولادت بھی منایا گیا۔

۳ر مئی: کوکا مک ورلڈ نمبر ۷۸ کتاب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تصویر کی اشاعت پر رضا اکیڈمی نے اس کے ناشر کے خلاف کیس درج کرایا۔

۱۱ر مئی: وِکی لیکس کے تبلیغی جماعت کے بارے میں انکشاف پر رضا اکیڈمی کا تبلیغی جماعت پر پابندی عائد کرنے کا مطالبہ۔

۱۴ر مئی: جھانسی کورٹ (مدھیہ پردیش) میں ذاکر نائک کے لیے غیر ضمانتی وارنٹ جاری کیے جانے پر پولیس کمشنر کو اس کا پاسپورٹ ضبط کرنے کے لیے مکتوب روانہ کیا گیا۔

۱۵ر مئی: جالنہ میں رضا اکیڈمی کی تمام شاخوں کا اجلاس۔

۲۵ر مئی: رضا اکیڈمی کے زیر اہتمام ''جشنِ فتاویٰ رضویہ'' محمد یہ ہائی اسکول ہاک، بھنڈی بازار، ممبئی ۳ میں منعقد کیا گیا۔ جس میں دو شخصیات (۱) مولانا عبد الرؤف صاحب بلیاوی اور مفتی عبد المنان صاحب اعظمی کی خدمات کا اعتراف کیا گیا۔

۲ر جون: احمد آباد میں خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ کی خیالی تصویر کی اشاعت پر رضا اکیڈمی نے سخت نوٹس لیا۔

۸ر جون: ۶ رر جب المرجب جشنِ عرسِ غریب نواز رضا اکیڈمی کی جانب سے بیگ محمد باغ، محمد علی روڈ پر منایا گیا۔

۱۵ر جون: لوک پال بل کی پارلیمنٹ میں پیش کرنے سے قبل علما کو دکھانے کا رضا اکیڈمی کا مطالبہ۔ وقف بل ۲۰۱۰ء خامیوں سے پُر ہونے کی وجہ سے ابھی پاس نہ کیے جانے کا بھی مطالبہ۔

۲۲ر جون: ۲ر شعبان کو امام اعظم کی ولادت کا دن ہے۔ رضا اکیڈمی نے مسلمانوں سے ''یومِ امام اعظم'' منائے جانے کی اپیل کی۔

۲۵ر جون: حج کمیٹی آف انڈیا کی ڈپٹی چیف اگزیکیٹو آفیسر روحی خان کو بنائے جانے پر اعتراض اور وزیر داخلہ ایس ایم کرشنا کو خط روانہ کیا گیا۔

یکم تا ۵ر جولائی: روز نامہ راشٹریہ سہارا میں امام اعظم ابو حنیفہ کی نسبت سے ''۵ر روزہ امام اعظم انعامی مقابلے کا انعقاد''

۴ر جولائی: ''جشنِ امام اعظم''، ممبئی میں محمد یہ ہائی اسکول ہال، بھنڈی بازار میں منایا گیا۔

۸ر جولائی: شب برأت کے موقع پر ریاستی حکومت سے ۳۹ر قبرستانوں کے لیے سیکوریٹی کے پختہ انتظامات کے لیے رضا اکیڈمی کا مطالبہ۔

۱۴ر جولائی: ۱۳ر جولائی ۲۰۱۱ء کو ممبئی کی ڈائمنڈ مارکیٹ (اوپیرا ہاؤس) میں ہونے والے بم دھماکے کی مذمت۔

۲۸ر جولائی: رویت ہلال کی شہادت دینے والے کو ہوائی جہاز کا کرایہ دینے کا اعلان۔

۲۷ر ستمبر: تمام سفارت خانوں اور اہم شخصیات کو رویت ہلال سے متعلق اُمّہ چینل کے مذاکرات کی سی ڈی اور دستاویز روانہ کیے گئے، جس میں ثابت کیا گیا کہ سعودی

عرب میں ۲۰ برسوں سے چاند کا اعلان غلط اور من چاہی تاریخوں میں کر کے مسلمانوں کے روزے اور حج سے کھلواڑ کیا جارہا ہے۔

۳؍اکتوبر: رضا اکیڈمی نے ردر پور، اُترکھنڈ میں قرآن پاک کی بے حرمتی اور فساد کی سخت مذمت کی۔

۸؍اکتوبر: ہندی فلم ''اذان'' کا نام تبدیل کیے جانے کا مطالبہ۔

۴؍نومبر: فرانس کے ایک مزاحیہ اخبار چارلی ہیبڈو میں حضور اکرم ﷺ کے مزاحیہ خاکے کی اشاعت پر وزیر اعظم منموہن سنگھ کے فرانس سے دورے سے فوراً واپسی کا مطالبہ۔

۱۱؍نومبر: ۱۱۔۱۱۔۱۱ کو حضور مفتی اعظم ہند کا ۳۷۱؍واں ماہانہ عرس شریف رضا اکیڈمی کے دفتر میں منایا گیا۔

۱۴؍نومبر: امریکی صدر اوبامہ کو بوسیدہ جوتا روانہ کیا گیا۔

۲۲؍نومبر: عشرت جہاں اور دیگر فرضی انکاؤنٹر کیس کا پردہ فاش ہونے پر رضا اکیڈمی کا مودی حکومت کی برخاستگی کا مطالبہ۔

۲۲؍نومبر: وزیر داخلہ آر آر پاٹل سے فیس بک پر کعبۃ اللہ کی بے حرمتی اور تسلیمہ نسرین پر سخت گرفت کرنے کا مطالبہ۔

یکم دسمبر: قبلۂ اوّل کو درپیش خطرات پر جامعہ قادریہ (دوٹانکی) میں علمائے کرام کی ایک اہم میٹنگ۔

۶؍دسمبر: بابری مسجد کی ۱۹؍ویں برسی کی یاد میں اذانیں دی گئیں اور مجرموں کی گرفتاری کا مطالبہ۔

۹؍دسمبر: بریلی شریف میں حضور مفتی اعظم کے ۳۱؍ویں عرس کے موقع پر حاضرین کو قرعہ کے ذریعے عمرہ کا ٹکٹ، لیپ ٹاپ کمپیوٹر، فتاویٰ رضویہ، جامع الاحادیث وغیرہ مختلف ۲۵؍انعامات پیش کیے گئے۔

۲۰؍دسمبر: فلسطین میں اذان پر پابندی کے منصوبے کے خلاف اسرائیلی سفارت خانہ کے قریب اذان دی گئی۔ جس کے بعد بشمول الحاج محمد سعید نوری ۲۰؍افراد کی گرفتاری عمل میں آئی۔

۲۸؍دسمبر: آر ایس ایس کی پشت پناہی میں کرپشن اور بدعنوانی کے خلاف مہم چلانے والے انا ہزارے کے خلاف رضا اکیڈمی کا مراٹھی پتر کار سنگھ میں انا ہزارے کا بائیکاٹ کا مطالبہ۔

شیر بہار ،خلیفۂ حضور مفتی اعظم ہند

حضرت علامہ مفتی محمد اسلم رضوی صاحب کا وصال پر ملال

افسوس اک چراغ بجھ گیا، ایک عہد ختم ہوگیا، ایک گلستاں کی شادابی دم توڑ گئی ، ایک حصار سنیت ٹوٹ گیا، یعنی ہندوستان کی عظیم شخصیت جنہیں سرکار مفتی اعظم ہند کی بافیض صحبت نصیب ہوئی اور اس بارگاہ سے آپ یوں فیضیاب ہوئے کے بہار سے لے کر دنیا کے کئی ممالک تک کو آپ نے سیراب کردیا۔ جامعہ قادریہ جیسا تعلیمی ادارہ قائم کیا، جس نے ہزاروں افراد کو علم سے آراستہ کیا اور علاقے میں مسلک اعلیٰ حضرت کا وہ بول بالا کیا کہ بہار کی تاریخ میں اس کی نظیر خال خال بن گئی۔

۱۱رصفر المظفر ۱۴۳۳ھ مطابق ۶رجنوری کی شب میں وہ چراغ ہمیشہ کے لئے خاموش ہوگیا ۔مگر جنازہ میں ڈیڑھ لاکھ سے زائد بلکہ بعض افراد کے آکڑہ کے مطابق دو لاکھ سے متجاوز افراد نے شرکت کر کے حضرت کی علمی ،ملی اور اعتقادی خدمات کے اعتراف کا مظاہرہ فرمایا۔ انشاء اللہ ان کی حیات وخدمات پر ایک باوقار مجلہ ان کے عرس چہلم مورخہ ۱۴رفروری ۲۰۱۲ء کو منظر عام پر آئے گا۔ جس میں حضرت کی تابندہ زندگی حقیقی خدوخال اور علما عرفا صوفیہ خلفا وتلامذہ کے حال واحوال پر مقالات ومضامین شائع کئے جائیں گے۔

تمام علمائے اہل سنت اور ان کے خلفا وتلامذہ سے گزارش ہے کہ اس تعلق سے اپنے اپنے مقالے ،مضامین وتاثرات عنایت فرمائیں ۔ادارہ القلم ان کے جملہ اہل خاندان بالخصوص بڑے صاحبزادہ حضرت حافظ صاحب، و جانشین حضرت شیر بہار حضرت مولانا مفتی ارشد رضوی صاحبزادہ حضرت شیر بہار قبلہ اور حضرت کے صاحبزادہ مفتی احسن رضوی، حضرت حافظ عرفان صاحب کے غم میں برابر کا شریک ہے اور ادارہ کے جملہ افراد دعا کرتے ہیں کہ خدائے تعالیٰ حضرت کے درجات بلند فرمائے اور ان کے جملہ پس ماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے آمین

عرس محسن ملت

مرکزی محسن ملت کمیٹی کی جانب سے ہر سال کی طرح اس سال بھی **محسن ملت حضرت مولانا الشاہ حامد علی فاروقی علیہ الرحمہ** کے عرس پاک کے موقع پر آل انڈیا نعتیہ مشاعرہ اور جلسہ سیرت پاک کا اہتمام کیا گیا جس کی سرپرستی شہزادۂ محسن ملت محترم الحاج محمود علی فاروقی صاحب (ریٹائرڈ سیشن جج) رائے پور اور صدارت نبیرۂ محسن ملت مفکر اسلام حضرت مولانا اکبر علی فاروقی صاحب (چیرمین محسن ملت یونانی میڈیکل کالج) رائے پور نے فرمائی۔

۲۱/دسمبر ۲۰۱۱ء مطابق ۲۵/محرم الحرام ۱۴۳۳ھ رات نو بجے آل انڈیا نعتیہ مشاعرہ کا انعقاد ہوا جس میں محترم شمیم طارق (ممبئی)، جناب ظفر عقیل ہزاریباغ، جناب ابرار قیصر جمشید پور، جناب اشک مظفر پوری، جناب رہبر نیپالی اور جناب عبد الرشید الہ آبادی نے اپنے خوبصورت کلام سے سامعین کو محظوظ کیا۔ رات دس بجے محترم الحاج شمیم طارق ممبئی کو نبیرۂ محسن ملت حضرت مولانا اکبر علی فاروقی نے محسن ملت ایوارڈ، گیارہ ہزار روپئے نقد اور ایک شال سے نوازا۔ تقریباً ایک بجے شب مشاعرہ صلوٰۃ وسلام اور دعا پر اختتام پذیر ہوا۔

۲۲/دسمبر ۲۰۱۱ء مطابق ۲۶/محرم الحرام چار بجے شام صندل و چادر شریف حضور محسن ملت کے تربت اطہر پر پیش کی گئی اور رات نو بجے جلسہ کا آغاز ہوا جس میں مقرر خصوصی کی حیثیت سے خطیب لاثانی حافظ احادیث کثیرہ حضرت علامہ محمد حسین ابو الحقانی صاحب قبلہ بہار نے قوم سے خطاب فرمایا۔ خطاب سے پہلے ایک کتاب "آفتاب و ماہتاب" (مرتب مولانا محمد قمر الزماں مصباحی مظفر پوری لکچرار محسن ملت یونانی میڈیکل کالج رائے پور) کی رسم اجرار علامہ ابو الحقانی اور مفکر اسلام مولانا اکبر علی فاروقی صاحب کے ہاتھوں عمل میں آئی۔

جلسے میں ان علمار کرام نے اپنی تشریف آوری سے اسٹیج کو زینت بخشی حضرت مولانا منصور عالم اشرفی صاحب شہڈول، حضرت مولانا ظہیر الدین رضوی صاحب، حضرت مولانا عبد الرزاق اشرفی صاحب، حضرت مولانا شہاب الدین رضوی صاحب درگ، حضرت مولانا شمس الدین اشرفی صاحب خیرہا، حضرت حافظ الحاج عبد المنان قادری صاحب (ناظم اعلی دار العلوم محسن ملت رائے پور)، حضرت

مولانا ڈاکٹر ابرار قادری صاحب، حضرت مولانا ڈاکٹر شہیر اللہ قادری صاحب، حضرت حافظ ڈاکٹر عزت علی نظامی صاحب، حضرت مولانا عمران اشرفی صاحب رائے پور، حضرت مولانا نظام الدین رضوی صاحب، حضرت مولانا عبدالرحیم صاحب بھلائی، حضرت مولانا ہاشم صاحب رضوی، حضرت مولانا فاروق مصباحی صاحب، حافظ محمد جعفر رضوی، مولانا رجب علی قادری، مولانا ولی محمد اشرفی، الحاج مولانا جلال الدین رضوی بھلائی ، جناب اقبال شریف صاحب اور اس کے علاوہ شہر کے دانشور، پروفیسر اور وکلاء حضرات نے کافی تعداد میں شرکت کی۔ ہر دو روزہ پروگرام کی نظامت مولانا غلام محی الدین رضوی بھلائی نے فرمائی اور رات ساڑھے بارہ بجے صلوۃ وسلام و مفکر اسلام کی دعا پر جلسہ اختتام پذیر ہوا۔

(ڈاکٹر سید عتیق الرحمٰن)

ناظم نشر و اشاعت

مرکزی محسن ملت کمیٹی

یونانی میڈیکل کالج کیمپس۔ بیجناتھ پارہ،

رائے پور (چھتیس گڑھ)

امین شریعت بہار

حضرت مفتی عبدالواجد قادری مدظلہ

کا

عاملین کے لیے انمول تحفہ

دعا، وتعویذ کے موضوع پر بزرگوں کے فرمودات، مجربات

اور عطیات کا گراں قدر مجموعہ، بنام

نقوش قادری

یعنی

تعویذات سیفی

نئی ترتیب اور اضافے کے ساتھ ۱۵۰ رصفحات پر مشتمل

جلد ہی منظر عام پر

ناشر

اسلامک فاؤنڈیشن، ہالینڈ

RAZA BOOK REVIEW رضا بک ریویو
Sultan Ganj, Patna-6, Bihar